websit: www.dailybaakhabar.com E.mail:baakhabarquetta42@gmail.com

MEMBER APNS

بے شک اللہ تعالیٰ بہت باریک بین اور باخبر ہے (القرآن)

ABC CERTIFIED

روزنامہ باخبر کوئٹہ

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

بانی اکرام اللہ خان

جلد 30 | جمعہ 18 ستمبر 2026ء بمطابق 05 ربیع الثانی 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 255

دفتر خارجہ: پاکستان معاہدہ مکہ کا پابند اور سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے

سعودی عرب پر حوثیوں کا گھناؤنا حملہ انتہائی تشویش اور قابل مذمت ہے، دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے‘ پاکستان خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی اور اس کے اثرات پر شدید تحفظات رکھتا ہے‘ سجاد حیدر

بھارتی بحری جہاز نے پاکستانی بحریہ کے جہاز کے انتہائی قریب جارحانہ نقل وحرکت کی جس کے نتیجے میں دونوں بحری جہازوں کے درمیان ٹکر ہوئی‘ بھارت جنوبی ایشیا کو مزید عدم استحکام سے دوچار کرنے والی غیر ذمہ دارانہ کارروائیوں سے باز رہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ترجمان دفتر خارجہ نے سعودی عرب پر حوثیوں کے حملے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہاہیکہ پاکستان مکہ معاہدے کا پابند اور سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے۔ اسلام آباد میں ہفتہ وار پریس بریفنگ میں ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے کہا کہ سعودی عرب پر حوثیوں کا گھنانا حملہ انتہائی تشویش اور قابل مذمت ہے، حملے سے دنیا

بقیہ نمبر 01 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

ضرورت پڑنے پر دہشت گردی کے خطرے کیخلاف اپنے دفاع میں افغانستان میں کارروائی کریں گے‘ عاصم افتخار

افغانستان ایک بار پھر دہشت گرد گروہوں کے لئے محفوظ پناہ گاہ بن چکا، کابل افغان سرزمین پر سرگرم دہشت گرد گروہوں کے خلاف ٹھوس اور قابلِ تصدیق اقدامات کرنے میں ناکام رہا ہے

پاکستان دہشت گردانہ یلغار کے سامنے خاموش نہیں بیٹھ سکتا، یہ کارروائی بین الاقوامی قانون کے مطابق ہوگی، اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب کا سلامتی کونسل اجلاس میں اظہار خیال

نیویارک (آئی این پی) پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل پر واضح کر دیا ہے کہ افغانستان سے اٹھنے والے دہشت گردانہ خطرات کے خلاف وہ ضرورت پڑنے پر اپنے دفاع میں کارروائی کرے گا، اور یہ کارروائی بین الاقوامی قانون کے مطابق

بقیہ نمبر 05 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

پاورس کے بانی اور چیف ایگزیکٹو اینڈریو فاکس فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات کررہے ہیں

سرکاری گاڑیوں کے فیول میں 2 ماہ کیلئے 50 فیصد کمی کا اعلان‘ ناگزیر غیر ملکی دوروں کی صورت میں وزرا مشیران اور سرکاری حکام کو صرف اکانومی کلاس میں سفر کرنا ہوگا

مارکیٹیں 9 بجے بند

اخراجات میں کمی

ایندھن کی بچت کیلئے حکومت نے کفایتی اقدامات کا اعلان کر دیا

آپریشنل گاڑیوں، لازمی سروسز اور ترقیاتی منصوبوں سے متعلق گاڑیوں کو فیول کٹوتی سے مستثنی قرار دیا گیا ہے‘ مالی سال 2026-27 کے نان ای آر ای بجٹ میں 5 فیصد کمی کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے‘ ہر قسم کی نئی گاڑیوں کی خریداری پر مکمل پابندی عائد

شادی ہالز، مارکیز اور دیگر تقریبات کے مقامات رات 10 بجے بند ہوں گے‘ سرکاری اجلاسوں کیلئے ویڈیو کانفرنسنگ کو ترجیح دینے کی ہدایت آئی ٹی سے متعلق خریداری کے علاوہ تمام پائیدار اشیا کی خریداری پر بھی پابندی ہوگی

فارمیسیز، ہسپتال، کلینکس، میڈیکل لیبارٹریز، پٹرول پمپس، بیکریز، تندور، دودھ و ڈیری شاپس، الیکٹرک وہیکل چارجنگ اسٹیشنز، جم دیگر ضروری شعبے پابندیوں سے مستثنی ہوں گے تین ماہ کے لیے غیر ملکی دوروں اور سفری سرگرمیوں پر پابندی عائد اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت نے اخراجات میں کمی اور ایندھن کی بچت کے لیے نئے کفایتی اقدامات کا اعلان کردیا۔ سرکاری گاڑیوں

بقیہ نمبر 02 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

وزیر اعظم دو روزہ دورے پر برطانیہ چلے گئے

دو روز بعد امریکہ روانہ ہونگے 25 ستمبر کو جنرل اسمبلی سے خطاب کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف دو روزہ دورے پر برطانیہ چلے گئے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف 2 دن لندن میں قیام کریں

بقیہ نمبر 04 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

اسلام آباد‘ وزیراعظم شہباز شریف دانش یونیورسٹی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسلام آباد‘ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان پریس بریفنگ دے رہے ہیں

بلوچستان میں امن و استحکام کیخلاف ہر سازش کو ناکام بنایا جائیگا‘ وزیر اعلیٰ

آواران میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بروقت کارروائی کی عکاس ہے

بلوچستان میں قیام امن کے لیے سکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں‘ قوم دہشتگردی کے خاتمے کے لیے اپنی سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آواران میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی میں تین دہشتگردوں کی ہلاکت پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بروقت کارروائی کی عکاس ہے۔ بلوچستان میں قیام امن کے لیے سکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سکیورٹی

بقیہ نمبر 03 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

شہباز شریف: ہونہار اور مستحق طلبہ کو میرٹ پر معیاری تعلیم کی فراہمی اولین ترجیح ہے

دانش یونیورسٹی پاکستان کے باصلاحیت اور مستحق نوجوانوں کو عالمی معیار کی تعلیم کے مواقع فراہم کریگی، جائزہ اجلاس سے خطاب

ابتدائی مرحلے میں بائیو انجینئرنگ، الیکٹریکل انجینئرنگ، مصنوعی ذہانت، کمپیوٹر سائنس اور ٹیکنالوجی و سماجیات پر مبنی جدید تعلیمی پروگرام شروع کئے جائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ہونہار اور مستحق طلبہ کو میرٹ پر معیاری

بقیہ نمبر 06 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

مشرق وسطی میں سپلائی خدشات کم، عالمی مارکیٹ میں تیل مزید سستا

خام تیل کے سودے 1.24 ڈالر یا 1.2 فیصد کمی کے بعد 104.59 ڈالر فی بیرل ہوگئے

لندن (نیوز ڈیسک) مشرق وسطی میں تیل کی سپلائی متاثر ہونے کے خدشات کم ہونے کے باعث عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں مزید کمی ہوگئی ہے۔ رائٹرز کے مطابق ابتدائی کاروبار میں برینٹ خام تیل کے سودے 1.24 ڈالر یا 1.2 فیصد کمی

بقیہ نمبر 26 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ایرانی وزیر خارجہ کا رابطہ‘ علاقائی صورتحال پر غور

عباس عراقچی نے دورہ بیجنگ کے دوران فیلڈ مارشل عاصم منیر سے رابطہ کیا، ٹیلی فون پر خطے کی تازہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا، ایرانی میڈیا

تہران نے خطے میں امن و امان کی بحالی کے لئے پڑوسی ممالک کے ساتھ مذاکرات شروع کئے ہیں‘ عباس عراقچی کی بات چیت

تہران/بیجنگ (این این آئی) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے رابطہ کیا اور علاقائی صورتحال پر

بقیہ نمبر 27 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

آئی ایم ایف کا وفد مذاکرات کیلئے 23 ستمبر کو پاکستان آئیگا

مذاکرات کی کامیابی پر تقریباً 1 ارب ڈالر کی پانچویں قسط موصول ہو گی

اسلام آباد (آئی این پی) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کا وفد مذاکرات کیلئے 23 ستمبر کو پاکستان آئے گا، مذاکرات کی کامیابی کی صورت میں پاکستان کو 1.2 ارب ڈالر کی قسط کا امکان ہے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق پاکستان اور

بقیہ نمبر 25 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

مجھے 4 گھنٹے تک حراست میں رکھنے کے بعد رہا کردیا گیا‘ سلمان اکرم راجہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) تحریک انصاف کے سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے ایکس پر پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ پولیس کی جانب سے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

ایران کے خلاف جنگ اختتام کے قریب پہنچ رہی ہے، ڈونلڈ ٹرمپ

امریکی صدر منگل کو جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر خلیجی ممالک کے رہنماؤں سے ملاقات کرسکتے ہیں

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ انہیں امید ہے کہ ایران کے خلاف جاری جنگ اب اختتام کے قریب پہنچ رہی ہے۔

بقیہ نمبر 28 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

وزیر داخلہ کا آواران میں کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

بلوچستان میں دیرپا امن واستحکام کے قیام کے لیے بہادر سپوت سرگرم عمل ہیں، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے ضلع آواران میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت 'فتنہ الہندوستان' کے دہشتگردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کی بھرپور ستائش کی ہے۔ ایک بیان میں وزیر داخلہ نے بر وقت کارروائی کے دوران 3 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کے افسران اور

بقیہ نمبر 07 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

سردار ایاز صادق سے جنوبی افریقی ہم منصب انجیلا تھوکز لیڈیڈیزا کی ملاقات

تنازعات کا حل مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے تلاش کیا جانا چاہیے، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے جنوبی افریقہ کی قومی اسمبلی کی سپیکر انجیلا تھوکز لیڈیڈیزا نے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات دولت مشترکہ کی پارلیمانی ایسوسی ایشن (سی

بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

امریکی ایوان نمائندگان میں ایران اور روس پر پابندیوں کا بل منظور

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی ایوان نمائندگان نے ایران اور روس پر وسیع پیمانے پر پابندیاں عائد کرنے

بقیہ نمبر 08 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ سہیل خان آفریدی اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی اور راجہ ناصر عباس سے ملاقات کررہے ہیں دیگر رہنما بھی موجود ہیں

صوبوں کے آئینی حقوق پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا

محمود خان اچکزئی

راجہ ناصر عباس

سہیل آفریدی کی ملاقات پنجاب میں اسٹریٹ موومنٹ اور صوبائی حکومت کے غیر جمہوری اقدامات اور فسطائیت بھرے رویئے پر بریفنگ دی

مارچ مکمل طور پر پُرامن، آئینی اور جمہوری ہوگا، قائدین نے کہا کہ عوام اپنے آئینی و جمہوری حقوق کے لیے 27 ستمبر کو سڑکوں پر نکلیں گے‘ اپوزیشن قائدین

پشاور (آن لائن) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے قائد حزب اختلاف قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی اور قائد حزب اختلاف سینیٹ علامہ راجہ ناصر عباس سے اسلام آباد میں ایک اہم ملاقات کی ہے۔ ملاقات میں پنجاب میں جاری اسٹریٹ موومنٹ، پنجاب حکومت کی جانب سے اختیار کیے گئے اقدامات و رویہ، 27 ستمبر کے لانگ مارچ اور آئندہ کی سیاسی و جمہوری حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ

بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

اسلام آباد‘ وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ وکلاء کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

امریکی ڈرون کمپنی ”پاورس“ کے پاک فوج کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط

ابتدائی آرڈر بھی حاصل کرلیا

پاکستان کا نجی دفاعی شعبہ ابھر رہا ہے‘ امریکی کمپنیوں کے لیے اس مارکیٹ میں تیزی سے آگے بڑھنے کی گنجائش موجود ہے‘ چیف ایگزیکٹو اینڈریو فاکس

ہدف امریکا کی بہترین ٹیکنالوجی کو پاکستان کی بہترین ٹیکنالوجی کے ساتھ جوڑنا ہوگا ممکنہ طور پر ٹیکنالوجی تیار کرنے کے طریقوں کا جائزہ لے رہے ہیں

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) امریکی ڈرون ساز کمپنی 'پاورس (Powerus)' نے پاک فوج کے ساتھ مفاہمت کی ایک یادداشت پر دستخط کیے ہیں جس میں ڈرونز سے متعلق ایک ابتدائی آرڈر بھی شامل ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی رائٹرز کے مطابق

بقیہ نمبر 09 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

معیاری قانونی تعلیم موثر نظام انصاف کیلئے بنیادی اہمیت رکھتی ہے، چیف جسٹس

قانونی تعلیم میں عملی مہارت اور پیشہ ورانہ اخلاقیات کو بنیادی اہمیت حاصل ہے‘ وکلاء وفد سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحیٰ آفریدی نے کہا ہے کہ معیاری قانونی تعلیم ایک باصلاحیت قانونی برادری اور موثر نظام انصاف کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے، قانونی تعلیم میں عملی مہارت اور پیشہ ورانہ اخلاقیات

بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

وزیر خزانہ: سرکاری اداروں میں اصلاحات کے ساتھ نجکاری کو بھی آگے بڑھا رہے ہیں

نجی شعبے کو زیادہ مواقع ملنے اور معیشت میں نجی شعبے کے موثر کردار کو یقینی بنانے کے لیے حکومت مختلف شعبوں میں اصلاحات کررہی ہے

اصلاحات، مالی معاملات میں شفافیت اور کاروبار میں آسانی کے اقدامات سے ملک کی معیشت مزید مستحکم ہوگی، سینیٹر اورنگزیب کا لندن میں خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ اور محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ نجی شعبے کو زیادہ مواقع ملنے اور معیشت میں نجی شعبے کے موثر کردار کو یقینی بنانے کیلئے حکومت مختلف شعبوں میں اصلاحات کر رہی ہے، اصلاحات، مالی معاملات میں شفافیت اور کاروبار میں آسانی کے اقدامات سے ملک کی معیشت مزید مستحکم ہوگی۔ وہ پاکستان ہائی کمیشن لندن کے زیر اہتمام پاکستان انویسٹمنٹ

بقیہ نمبر 29 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

مریضوں کا تحفظ صحت کے مؤثر نظام کی بنیادی ترجیح ہے‘ وزیر اعلیٰ

مریضوں کو محفوظ اور معیاری طبی نگہداشت فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ورلڈ پیشنٹ سیفٹی ڈے کے موقع پر ہر مریض کو محفوظ، معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کے عزم کا

بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

آواران کے علاقے بدرنگ میں فورسز کی کارروائی، 3 دہشت گرد ہلاک

آپریشن میں ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد کر لیا گیا ہے، سکیورٹی ذرائع

سکیورٹی فورسز بلوچستان میں امن و امان کے قیام اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھنے کیلئے پرعزم ہیں

راولپنڈی/آواران (این این آئی) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کے نتیجے میں تین دہشتگرد مارے گئے۔ ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز کی جانب سے ضلع آواران کے علاقے بدرنگ

بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

جعفر مندوخیل: ہمیں آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے شعبے میں دس لاکھ ماہرین تیار کرنے ہوں گے

اس عظیم خواب کو حقیقت کا روپ دینے کیلئے تمام پبلک سیکٹر کی جامعات کے وائس چانسلرز کو کلیدی اور فعال کردار ادا کرنا ہوگا

شیخ جعفر مندوخیل کی زیر صدارت ویمن یونیورسٹی کا سینٹ اجلاس‘ شرکا کی تجاویز اور سفارشات کے نتیجے میں کئی اہم فیصلے کیے گئے

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ ہمیں ملک بھر کی سطح پر آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے شعبے میں دس لاکھ ماہرین تیار کرنے ہوں گے۔ اس عظیم خواب کو حقیقت کا روپ دینے کیلئے تمام پبلک سیکٹر کی جامعات کے وائس چانسلرز کو کلیدی اور فعال کردار ادا کرنا ہوگا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق اور ان کی پوری ٹیم کی کوششیں لائق تحسین ہیں تاہم ویمن یونیورسٹی کو

بقیہ نمبر 30 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

لندن‘ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب پاکستانی ہائی کمیشن میں سرمایہ کاروں سے بات چیت کررہے ہیں

ذاتی ایجنڈا نہیں عوام کے لیے جدوجہد کررہے ہیں: حافظ نعیم الرحمان

ہوسکتا ہے پی ٹی آئی اور جماعت اسلامی کا لانگ مارچ اکٹھا ہوجائے

دونوں جماعتوں کا ایجنڈا الگ الگ لیکن اختلاف نہیں، کسان اتحاد سے ہمارا رابطہ ہوا ہے ان کی خواہش ہے کہ ہم کچھ مل کر کر لیں اس پر بھی غور کریں گے

حکومت نے روکنے کی کوشش کی تو ہم ایک جگہ سے نہیں جائیں گے، ابھی تک لانگ مارچ کیلئے نہیں آئے راستے بند کردیئے گئے ہیں‘ گفتگو

اسلام آباد (آئی این پی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کا ذاتی ایجنڈا نہیں ہم عوام کے حقوق کیلئے پرامن جدوجہد کر

بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

وزیر دفاع: معاہدہ مکہ ہمارے اوپر لاگو ہوتا ہے اور ہم اپنا فرض ادا کریں گے

مکہ معاہدہ نہ بھی ہو تو مقدس مقامات کی حفاظت ہمارا فریضہ ہے، تفصیلات میں نہیں جا سکتا، ہم مکہ معاہدے پر عمل کے پابند ہیں

خلیج جنگ نازک امن کے ساتھ غیر یقینی کے صورت حال پر کھڑی ہے دانشمندی کا تقاضا یہی ہے اس کو بڑھایا نہ جائے‘ خواجہ آصف کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ مکہ مکرمہ کی حفاظت کیلئے کسی معاہدے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

کچلاک میں کم سن بچی کے مبینہ نکاح کا معاملہ، وزیر اعلیٰ کا نوٹس، والد گرفتار

بچی کے ساتھ واقعے میں ملوث کسی شخص کو قانون سے بالاتر نہیں سمجھا جائے گا، شاہد رند

کوئٹہ (آئی این پی) کوئٹہ کے نواحی علاقے کچلاک میں کم سن بچی کے ایک ضعیف العمر شخص سے مبینہ نکاح کے معاملے پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نوٹس لیتے ہوئے واقعے کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات اور ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے

بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

لانگ مارچ مقررہ تاریخ پر ہوگا، پرامن احتجاج کریں گے، بیرسٹر گوہر

پنجاب، سندھ اور بلوچستان کے لوگوں کو لانگ مارچ سے متعلق ہدایات مل چکی ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی

پشاور (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ لانگ مارچ مقررہ تاریخ پر ہی ہوگا، ہم کوئی شوقیہ مارچ نہیں کررہے

بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

طائف شہر میں یمنی حوثیوں کا ڈرون حملہ ناکام‘ ایک شخص جاں بحق

ڈرون کا ملبہ گرنے سے کچھ عمارتوں اور گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا، سعودی سول ڈیفنس

طائف (نیوز ایجنسیاں) سعودی عرب کے شہر طائف میں یمنی حوثیوں کا ڈرون حملہ ناکام بنادیا گیا تاہم ملبہ گرنے سے ایک شخص کے جاں بحق ہونے کی اطلاعات ہیں۔ سعودی سول ڈیفنس کے مطابق یمنی حوثی فورسز کی جانب سے داغے گئے

بقیہ نمبر 31 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

جے ڈی وینس کی حوثیوں سے براہِ راست رابطے کی تصدیق

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے حوثیوں سے براہِ راست رابطے کی تصدیق کردی۔ برطانوی میڈیا کے مطابق جے ڈی وینس

بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

مشرق وسطی و یوکرین میں کشیدگی کم کی جائے، اقوام متحدہ

شہریوں کو نقصان پہنچانے والی کارروائیاں بند کی جائیں ، انتونیو گوتریش

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ نے مشرق وسطی اور یوکرین میں کشیدگی کم کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ تمام فریق شہریوں کو نقصان پہنچانے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

بشریٰ بی بی کا سزا معطلی اپیل کی جلد سماعت کیلئے وفاقی آئینی عدالت سے رجوع

اسلام آباد (آئی این پی) 190 ملین پاؤنڈ کیس میں سزایافتہ بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی نے اپنی سزا معطلی کی اپیل کی جلد سماعت کیلئے وفاقی

بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

900 بندرگاہوں کی درجہ بندی میں پاکستان 34ویں نمبر پر آگیا‘ وفاقی وزیر بحری امور

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ 900 بندرگاہوں کی درجہ بندی میں پاکستان 34 ویں نمبر پر آگیا، کراچی پورٹ کی عالمی بحری رابطہ کاری میں نمایاں بہتری

بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

طائف‘ حوثیوں کی جانب سے بھیجے گئے ڈرون کا ملبہ رہائشی عمارتوں پر گرنے سے ہونے والی تباہی کا منظر

اسرائیل کی غزہ پر تازہ بمباری میں 9 فلسطینی شہید، 40 زخمی

حملے غزہ کے شمالی، وسطی اور جنوبی علاقوں میں مختلف مقامات پر کیے گئے‘ گاڑیوں اور لوگوں کے گروہوں کو نشانہ بنائے جانے کی اطلاعات

گزشتہ روز غزہ سٹی کے الشاطی کیمپ میں ایک رہائشی عمارت کو نشانہ بنائے جانے سے 12 فلسطینی جاں بحق، تقریبا 40 زخمی اور متعدد لاپتہ ہوئے

غزہ (آئی این پی) غزہ میں اسرائیلی ڈرون حملوں کے نتیجے میں کم از کم 9 فلسطینی شہید اور تقریبا 40 زخمی ہوگئے۔ فلسطینی میڈیا کے مطابق حملے غزہ کے شمالی، وسطی اور جنوبی علاقوں میں مختلف مقامات پر کیے گئے۔ غزہ سٹی کے مختلف علاقوں میں افراد،

بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

لاہور‘ موٹر سائیکل سوار پیٹرول پمپ سے وزیر اعظم ریلیف سکیم کے تحت پیٹرول حاصل کر رہے ہیں

کیسکو مسلم باغ سب ڈویژن کے ملازمین سراپا احتجاج

اسٹاف کی کمی ،ملازمین کے بقایاجات گاڑیوں کی کمی اور تحفظ فراہم کیا جائے

مسلم باغ (نامہ نگار) کیسکو مسلم باغ سب ڈویژن کے ملازمین سراپا احتجاج ملازمین نے اپنے حل طلب مسائل کیلئے احتجاج ریکارڈ کیا جس میں انہوں نے اسٹاف کی کمی ۔ ملازمین کے بقایاجات گاڑیوں کی کمی ملازمین کی تحفظ اپ گریڈیشن اور پروموشن جیسے مسائل فوری طور پر حل کرنے کیلئے مطالبات پیش کیا مزدوروں سے خطاب کرتے ہوئے خیراللہ کاکڑ موسی خان کاکڑ حاجی محمد اقبال عبدالہادی بابو ہاشم اور ملازمین نے مسائل پر تفصیلی بات چیت کی انہوں نے کہا کہ پہلے پانچ فیڈر تھے ، 70 اسٹاف تھے اپ 14 فیڈر ہے 15 اسٹاف ہے اس حالات میں کام میں بہت دشواری ہے۔

مکہ مکرمہ پر ڈرون حملے کی کوشش، مرکزی علما کونسل کی شدید مذمت

حرمین شریفین کی حرمت وسلامتی پوری امتِ مسلمہ کے ایمان کا حصہ ہے، مفتی وحید احمد

کوئٹہ(پ ر) مرکزی علما کونسل بلوچستان کے صدر مفتی وحید احمد نے مکہ مکرمہ کی جانب حوثی ملیشیا کی جانب سے مبینہ ڈرون حملے کی کوشش کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حرمین شریفین کی حرمت اور سلامتی پوری امتِ مسلمہ کے ایمان کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلمانوں کو کمزور کرنے، امتِ مسلمہ میں انتشار پھیلانے اور مقدس مقامات کو نشانہ بنانے کی تمام سازشیں قابلِ مذمت ہیں۔ عالمی برادری اور مسلم ممالک مقدس مقامات کے تحفظ اور امتِ مسلمہ کے اتحاد کے لیے مؤثر کردار ادا کریں۔ مفتی وحید احمد اور جنرل سیکرٹری نسیم الرحمٰن آغا نے سعودی عرب کی سلامتی اور حرمین شریفین کے تحفظ کے لیے بھرپور حمایت کا اظہار کرتے ہوئے امتِ مسلمہ سے اتحاد، یکجہتی اور امن کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کی اپیل کی۔

پولیو پھول جیسے بچوں پر حملہ اور ہوکر ہمیشہ کے لیئے اپاہج بنادیتے ہیں،ڈپٹی کمشنر مستونگ

21 ستمبر سے شروع ہونے والے پولیو مہم کے دوران 7روز تک بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائینگے

مستونگ (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر مستونگ بہرام سلیم نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک موذی وائرس ہے جو پھول جیسے بچوں پر حملہ اور ہوکر ہمیشہ کے لیئے اپاہج بنادیتے ہیں صحیح معاشرے کی تشکیل کے لیے پولیو کا خاتمہ ناگزیر ہے اس کے لیئے معاشرے کی ہر فرد کو کردار ادا کرنا ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے 21 ستمبر 2026 سے 7 روزہ شروع ہونے والے پولیو مہم کے حوالے سے اپنے دفتر میں Readiness Meeting کے دوران محکمہ صحت اور ضلعی افسران کے منعقدہ اعلی سطحی جلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل مستونگ اسسٹنٹ کمشنر مستونگ ، ڈی ایچ او مستونگ این اسٹاپ آفیسر پی او ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی ، ڈی ایچ سی ایس MS DHQ اوفوکل پرسن ڈپٹی کمشنر آفیس اور مختلف محکموں کے سربراہان ونمائندوں نے شرکت کی اجلاس میں ضلع بھر میں سابقہ مہم کے ٹیموں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس موقع پر نان اسٹاپ آفیسر ڈاکٹر عبدالوحید علیزئی نے شرکا اجلاس کو سابقہ اور آنے والے کیمپین کے متعلق تفصیلی بریفنگ دی اور درپیش مسائل سے آگاہ کیا انہوں نے کہا کہ آنے والے مہم میں ضلع مستونگ کیلئے بنائے گئے پلان سے شرکا کو آگاہی فراہم کرتے ہوئے کہا کہ پولیو مہم میں 53318 ٹارگٹ رکھا گیا ہے جس کیلئے 55 ایریا انچارجز 26 یوسی ایم اوز 21 فکس سینٹرز 219 موبائل ٹیمیں 15 ٹرانزٹ پوائنٹس قائم کیئے گئے ہیں پولیو مہم کے دوران 7 روز تک بچوں کو پولیو سے بچاو کے قطرے پلائینگے اس موقع پر بہرام سلیم ڈپٹی کمشنر مستونگ نے کہا کہ پولیو ایک موذی اور خطرناک مرض ہے جو کہ ایک بچے سے دوسرے بچے میں منتقل ہوجاتا ہے ضلع مستونگ پولیو کے حوالے سے انتہائی اہمیت کا حال ہے یہاں سے تین اہم شاہراہیں گزرتی ہیں جس کی وجہ سے ضلع مستونگ اہمیت کا حال ہے انہوں نے تمام یوسی ایم اوز اور مانیٹرز کو ہدایت کی کہ اپنے ایریاز میں ٹیموں کی کارکردگی کا کڑی نگرانی کرے تاکہ ضلع بھر میں کوئی بھی بچہ پولیو کے قطرے پلانے سے نہ رہے جائے انہوں نے کہا کہ اس قومی مہم میں ضلعی انتظامیہ اور تمام محکموں کا بھرپور تعاون رہے گا انھوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ پولیو قومی مہم کے دوران اپنے تمام بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلائے تاکہ وہ اس موذی مرض سے محفوظ رہے اور ہمارا ضلع اور ملک پولیو سے پاک ہوجائے۔

کوئٹہ؛سیوریج کے ناقص نظام کے باعث سریاب پھاٹک کے قریب سڑک گندے پانی میں ڈوبی ہے

انجینئر روزی خان دوتانی کی وفات پر تعزیت کا سلسلہ جاری ہے



کوئٹہ(پ ر)انجینئر روزی خان دوتانی جوگزشتہ روز انتقال کرگئے مرحوم عبدالباسط دوتانی ،عبدالبصیر دوتانی کے والد ملک عبدالحمید دوتانی، ڈاکٹر عبدالعلیم دوتانی، محمد ایوب دوتانی، محمد یعقوب دوتانی کے بھائی ملک حاجی عبدالخالق دوتانی ملک عبدالقادر دوتانی کے کزن ملک عبدالظاہر دوتانی ، ملک عمر دوتانی کے چچا محمد اصغر دوتانی، محمد اسلم دوتانی، اسفندیار دوتانی عبدالرشید دوتانی اور صبغت اللہ دوتانی کے سسر تھے فاتحہ خوانی مدنی مسجد کلی غنڈی کو اس ضلع زیارت میں جاری ہے جبکہ کوئٹہ میں کل 19 ستمبر بروز ہفتہ اور 20 ستمبر بروز اتوار فاتحہ خوانی کوئٹہ میں میاں خان مسجد کاکڑ کالونی نزد اچکزئی مارکیٹ میں لی جائیگی

انتقال پر ملال

کوئٹہ (پ ر) تاج محمد انتقال کرگئے مرحوم حافظ محمد ناصر بنگلزئی، مولوی شاہ فیصل بنگلزئی، قمبر بنگلزئی، سدلیس بنگلزئی کے والد تھے کی فاتحہ خوانی کسٹم ٹاؤن سریاب روڈ پر جاری ہے

اسسٹنٹ کمشنر گوادر رومیل نعیم جان کی گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول سربندن میں طالبات کیلئے خصوصی تعلیمی نشست

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی حکومت کی جانب سے معیاری تعلیم کے فروغ کے اقدامات کے تحت اسسٹنٹ کمشنر گوادر رومیل نعیم جان نے گزشتہ دنوں گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول سربندن کا دورہ کیا تھا، جہاں طالبات سے ملاقات اور تعلیمی سرگرمیوں کے جائزے کے دوران ریاضی اور فزکس کے اساتذہ کی کمی کی نشاندہی ہوئی تھی۔ اس حوالے سے محکمہ تعلیم کے متعلقہ افسران سے رابطہ کیا گیا، جنہوں نے بتایا کہ مطلوبہ ایس ایس ٹی اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے کے لیے حکومت بلوچستان کی ہدایات کے مطابق کنٹریکٹ بنیادوں پر تعیناتی کے اقدامات کیے جا رہے ہیں گزشتہ دورے کے دوران طالبات کے ساتھ گفتگو میں اسسٹنٹ کمشنر نے انہیں یقین دلایا تھا کہ وہ اپنی مصروفیات اور دستیابی کے مطابق گاہے بگاہے ان کے ساتھ تعلیمی نشستوں میں شریک ہو کر بالخصوص ریاضی اور فزکس کے مضامین میں عمومی رہنمائی فراہم کرتے رہیں گےاسی سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر گوادر رومیل نعیم جان آج خصوصی طور پر ایک تعلیمی نشست کے لیے دوبارہ گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول سربندن پہنچے اور طالبات کے ساتھ وقت گزارا۔ طالبات نے نشست میں بھرپور دلچسپی، خوشی اور جوش وخروش کا اظہار کیا۔ گزشتہ ملاقات کے بعد طالبات کی جانب سے بھی ایسی تعلیمی نشست کے لیے خاصا اشتیاق اور اصرار سامنے آیا تھا، جس پر آج کی نشست کا انعقاد کیا گیا۔ نشست کے دوران طالبات نے مختلف سوالات کیے اور تعلیمی موضوعات پر تبادلہ خیال کیا۔

نعمان خان کے خلاف درج مقدمے اور مبینہ اغواء کے واقعے کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں

وزیر اعلی بلوچستان معاملے کی مکمل چھان بین کیلئے انکوائری کمیٹی تشکیل دی جائے، احسان علی

مستونگ (نامہ نگار) کوئٹہ کے رہائشی احسان علی ولد حق نواز یوسفزئی نے سراوان پریس کلب مستونگ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ ان کے چھوٹے بھائی نعمان خان ولد حق نواز کو 17 اگست کو لندن سے کوئٹہ پہنچنے کے بعد ایئرپورٹ روڈ سے مبینہ طور پر نامعلوم افراد نے اغوا کرلیا، تاہم بعد ازاں انہیں مستونگ سٹی تھانے میں 4 کلو آئس برآمدگی کے مقدمے میں نامزد کردیا گیا۔ احسان علی کے مطابق نعمان خان اپنے ایک دوست کے ہمراہ کوئٹہ ایئرپورٹ سے گھر کی جانب آرہے تھے کہ ایئرپورٹ روڈ پر چند نامعلوم افراد انہیں مبینہ طور پر اغوا کر کے نامعلوم مقام پر لے گئے۔ واقعے کی اطلاع ایئرپورٹ تھانے کو دی گئی، تاہم ان کے بقول پولیس کی جانب سے خاطر خواہ تعاون نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ واقعے کے حوالے سے ڈی آئی جی اور آئی جی بلوچستان کو بھی درخواستیں دی گئیں، تاہم ان پر بھی کوئی پیش رفت نہ ہوسکی، جس کے بعد انہوں نے سیشن کورٹ سے رجوع کرتے ہوئے دفعہ A-22 کے تحت درخواست دائر کی۔ احسان علی نے بتایا کہ 24 اگست کو سیشن کورٹ نے درخواست منظور کرتے ہوئے ایف آئی آر درج کرنے کا حکم دیا، تاہم ان کے بقول اسی رات تقریباً 10 بجے ان کے بھائی نعمان خان کو مستونگ سٹی تھانے میں 4 کلو آئس کی برآمدگی کے مقدمے میں نامزد کر کے پیش کیا گیا۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، آئی جی بلوچستان پولیس، ڈی آئی جی اور دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ نعمان خان کے خلاف درج مقدمے اور اس سے قبل مبینہ اغوا کے واقعے کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں اور معاملے کی مکمل چھان بین کے لیے انکوائری کمیٹی تشکیل دی جائے تاکہ حقائق سامنے آسکیں اور انصاف کے تقاضے پورے ہوں۔

کوئٹہ؛ صوبائی مشیر محمد خان لہڑی کیسکو چیف انجینئر مرزا اعزاز بیگ سے ملاقات کررہے ہیں

تربت: اسسٹنٹ کمشنر کا ٹیچنگ ہسپتال کا اچانک دورہ، طبی سہولیات اور عملے کی حاضری کا جائزہ

ٹیچنگ ہسپتال تربت میں ڈاکٹرز کی بروقت حاضری اور صفائی یقینی بنانے کی ہدایت

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ابوبکر میروانی نے ٹیچنگ ہسپتال تربت کا اچانک دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کرکے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، عملے کی حاضری اور صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ٹیچنگ ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عبدالوحید بلیدی اور ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر محسن منیر بلیدی اور ویکسینیشن کے ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عبدالطیف بھی ان کے ہمراہ تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر ابوبکر میروانی نے ایمرجنسی وارڈ، او پی ڈی سمیت ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی دورہ کیا اور وہاں موجود عملے کی حاضری اور ڈیوٹی کے اوقات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک او پی ڈی میں تمام ڈاکٹرز کی موجودگی اور ڈیوٹی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ دور دراز علاقوں سے آنے والے مریضوں کو بروقت طبی معائنہ اور علاج کی سہولت میسر آسکے۔ انہوں نے پیرامیڈیکل اسٹاف کو بھی ہدایت کی کہ وہ مقررہ ڈیوٹی اوقات میں مکمل وردی کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیں اور مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی میں اپنا کردار ادا کریں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ہسپتال میں صفائی کو اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے ہدایت کی کہ تمام وارڈز، او پی ڈی، ایمرجنسی، راہداریاں اور دیگر شعبہ جات کو صاف ستھرا رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال میں صفائی کا معیار بہتر ہونا چاہیے کیونکہ مریضوں اور ان کے لواحقین کو صاف اور صحت مند ماحول فراہم کرنا ہسپتال انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ صفائی کے عملے کی حاضری اور روزانہ کی بنیاد پر صفائی کو بھی یقینی بنایا جائے۔ دورے کے دوران ایم ایس ڈاکٹر عبدالوحید بلیدی نے اسسٹنٹ کمشنر کو ٹیچنگ ہسپتال کو درپیش مختلف مسائل پر تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے ہسپتال میں بجلی کی لوڈشیڈنگ سمیت دیگر انتظامی و بنیادی مسائل، مریضوں کو درپیش مشکلات اور ہسپتال کی ضروریات سے آگاہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ہسپتال انتظامیہ کو یقین دلایا کہ دورے کے دوران سامنے آنے والے مسائل اور مشکلات سے ضلعی انتظامیہ کو آگاہ کیا جائے گا۔

رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کا پیپلز پرائمری ہیلتھ کیئر انیشی ایٹو PPHI کے ضلعی دفتر گوادر کا دورہ

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے پیپلز پرائمری ہیلتھ کیئر انیشی ایٹو PPHI کے ضلعی دفتر گوادر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ضلعی منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر منیر احمد بلوچ سے ملاقات کی اور ضلع گوادر میں غیر فعال ہسپتالوں کی بحالی، ڈاکٹرز و طبی عملے کی تعیناتی اور بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ دور دراز علاقوں کے لوگوں کو ان کی دہلیز پر صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے غیر حاضر ڈاکٹرز اور طبی عملے کے خلاف بلاامتیاز محکمانہ کارروائی اور ہسپتالوں میں عملے کی حاضری یقینی بنانے پر بھی زور دیا اس موقع پر ضلعی منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر منیر احمد بلوچ نے یقین دہانی کرائی کہ ہسپتالوں کی بحالی، ڈاکٹرز کی تعیناتی اور ضروری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے متعلقہ اداروں سے رابطہ اور پیروی جاری رکھی جائے گی

کوکونٹ فارم پسنی میں نئے واٹر چیمبرز کی تعمیر مکمل

پسنی (خ ن) صوبائی حکومت کے زرعی شعبے کی ترقی، جدید آبپاشی نظام کے فروغ، پانی کے مؤثر استعمال اور زرعی پیداوار میں اضافے کے وژن کے تحت کوکونٹ فارم پسنی میں نئے واٹر چیمبرز کی تعمیر مکمل کرلی گئی ہے نئے واٹر چیمبرز کی تعمیر سے فارم میں پانی کی ذخیرہ کاری، ترسیل اور آبپاشی کے نظام کو مزید مؤثر، منظم اور پائیدار بنانے میں مدد ملے گی، جس سے ناریل کی کاشت سمیت دیگر زرعی سرگرمیوں کے فروغ اور زرعی پیداوار میں اضافے کے لیے سازگار ماحول میسر آئے گا۔ یہ اقدام صوبائی حکومت کی اس پالیسی کا عملی اظہار ہے جس کے تحت پانی کے دستیاب وسائل کو بہتر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے زرعی شعبے کو جدید خطوط پر استوار کیا جارہا ہے۔

ڈائریکٹر کالجز مانیٹرنگ مکران پروفیسر برکت اسماعیل بلوچ کا گوادر کے علاقے پیشکان میں گورنمنٹ بوائز انٹر کالج کا دورہ

پیشکان (خ ن) ڈائریکٹر کالجز مانیٹرنگ مکران پروفیسر برکت اسماعیل بلوچ نے ضلع گوادر کے علاقے پیشکان میں گورنمنٹ بوائز انٹر کالج کا دورہ کیا، جہاں پر انہوں نے فرسٹ اور سیکنڈ ایئر کی کلاسز کا معائنہ اور تدریسی عمل کا جائزہ لیا اور طلبہ سے براہِ راست گفتگو کرتے ہوئے تعلیمی اہمیت ، کیریئر کونسلنگ ، مطالعے کے فروغ اور کلاسز میں باقاعدگی کی اہمیت پر زور دیا جبکہ کالج پرنسپل عادل بلوچ نے ڈائریکٹر مانیٹرنگ کو کالج ہذا انتظامی امور اور درس و تدریس سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی جبکہ طلبہ نے انہیں دور دراز علاقوں سے کالج آنے کے لیے ٹرانسپورٹ کی عدم دستیابی کے مسئلے سے بھی آگاہ کیا بعد ازاں کالج عملے کے اجلاس میں کالج کی زیرِ تعمیر عمارت پر کام دوبارہ شروع کرنے ، لیکچررز سمیت دیگر مستقل آسامیوں پر تعیناتی اور دور دراز علاقوں کے طلبہ کے لیے پک اینڈ ڈراپ بس کی فراہمی سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

AMEER-I-NAU TRUST BALOCHISTAN

کوئٹہ؛ وفاقی وزیر قومی ورثہ وثقافت اورنگزیب خان کھچی کو روایتی ٹوپی اور شال پہنائی جارہی ہے

سبی؛ اساتذہ کی تعیناتیوں پر اعتراضات کا جائزہ، میرٹ اور شفافیت یقینی بنانے کا عزم

جعلی ڈگریوں کی شکایات پر سخت ایکشن، تصدیق کے بعد قانونی کارروائی کا حکم

سبی (خ ن) کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض کی زیرِ صدارت کمپلینٹ ریڈریسل کمیٹی (CRC) کا اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ تعلیم فیر فور کے تحت اساتذہ کی حالیہ تعیناتیوں پر مرد امیدواروں کی جانب سے دائر اعتراضات و شکایات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈویژنل ڈائریکٹر تعلیم بلال خان بزنجو، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سبی عبدالستار لانگو اور دیگر متعلقہ افسران شریک ہوئے۔ امیدواروں کے اعتراضات سنے گئے اور متعلقہ ریکارڈ کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کمشنر اسد اللہ فیض نے واضح کیا کہ بھرتیوں کے عمل میں میرٹ اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور کسی امیدوار کی حق تلفی نہیں ہونے دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تمام اعتراضات کا غیر جانبدارانہ جائزہ لیتے ہوئے دستیاب ریکارڈ اور قانون کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا۔ جعلی ڈگریوں سے متعلق شکایات پر کمشنر نے سخت نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ امیدواروں کی ڈگریوں کی مکمل تصدیق متعلقہ تعلیمی اداروں سے کرانے کا حکم دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ڈگری جعلی ثابت ہونے کی صورت میں ملوث فرد کے خلاف ایف آئی آر درج کر کے قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ شکایات کے ازالے کا مقصد بھرتیوں کے عمل کو شفاف بنانا اور حقدار امیدواروں کو انصاف فراہم کرنا ہے، لہٰذا تمام معاملات میرٹ اور قانون کے مطابق نمٹائے جائیں گے

ماں اور بچے کی صحت کا ہفتہ 14 سے 19 ستمبر تک جاری

حفاظتی ٹیکہ جات مہم کا انعقاد، مہم کا مقصد ماؤں اور بچوں کو قابلِ تدارک بیماریوں سے محفوظ بنانا ہوگا

گوادر (خ ن) صوبائی حکومت کی ماں اور بچے کی صحت کے تحفظ، حفاظتی ٹیکہ جات کے فروغ اور بیماریوں سے مؤثر بچاؤ کی پالیسی کے تحت ضلع گوادر میں ماں اور بچے کی صحت کا ہفتہ 14 ستمبر سے شروع ہوا ہے جو 19 ستمبر تک جاری رہے گا نیشنل پروگرام کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر عبدالوحد کے مطابق مہم کے دوران مختلف علاقوں میں بچوں کی روٹین امیونائزیشن، حاملہ خواتین کو ٹی ڈی ویکسینیشن اور 2 سے 5 سال تک کے بچوں کو ڈی ورمنگ کی گولیاں فراہم کی جارہی ہیں، جبکہ خواتین کو بچوں کی صحت، صفائی اور بروقت حفاظتی ٹیکہ جات کی اہمیت سے متعلق آگاہی بھی دی جارہی ہے ان کا کہنا تھا کہ مہم کا مقصد ماؤں اور بچوں کو قابلِ تدارک بیماریوں سے محفوظ بنانا، ویکسینیشن کوریج کو بہتر کرنا اور عوام میں صحت مند طرزِ زندگی کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا ہے۔ صحت مند ماں اور صحت مند بچہ ہی ایک صحت مند معاشرے کی بنیاد ہیں۔

لسبیلہ: صنعتی آلودگی پر کمشنر کا ایکشن، حب کی 6 فیکٹریاں سیل کرنیکا حکم

ورکرز ویلفیئر اسکول میں صنعتی آلودگی کی شکایت، ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی پر کارروائی

لسبیلہ (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے انڈسٹریل زون میں واقع ورکرز ویلفیئر اسکول کا دورہ کیا اور اسکول کی تدریسی سرگرمیوں کا جائزہ لیا طلباء اور ٹیچرز سے ملاقات . کی اسکول کے مسائل سے آگہی حاصل کی دورے کے موقع پر اسکول اساتذہ اور طلباء کی جانب سے صنعتی آلودگی سے تدریسی سرگرمیاں متاثر ہونے کی شکایت سامنے آئے کمشنر لسبیلہ نےصنعتی آلودگی کے سنگین مسئے کا نوٹس لیکر خود فیکٹری کا دورہ کیا اور حقائق سے آگہی کے بعد محکمہ تحفظ ماحولیات کے افسران کو فوری طلب کر کیا احکامات جاری کیں کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نیا حولیاتی قوانین پر عمل نہ کرنے پر ضلع حب کی 6 صنعتی فیکٹریوں کو سیل کرنے کا حکم دیدیا کمشنر لسبیلہ کی انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی ایکٹ 2012 پر عملدرآمد کی ایڈوازری پر اسسٹنٹ کمشنر حب مہم خان لکھی اور ڈپٹی ڈائریکٹر انوائرمنٹ طارق نے ماحولیاتی ٹیم کے ہمراہ فوری کارواء کرتے ہوئے چھ صنعتی یونٹس سیل کیں کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کا کہنا ہیکہ ماحولیاتی تحفظ ایکٹ 2012 کی خلاف ورزی پر سخت کارواء ہوگیا ای پی اے افسران تحفظ ماحولیات کے حوالے سے اہداف اور قوانین پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔

بقیہ 01

بھر کے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان مشرق وسطی کی صورتحال کا انتہائی سنجیدگی سے جائزہ لے رہا ہے اور حوثی حملوں کے تناظر میں خطے میں ابھرتی صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہے، مکہ دفاعی معاہدے پر تینوں ممالک نے پریس ریلیز جاری کیں، مکہ معاہدہ دفاعی نوعیت کا ہے۔ سجاد حیدر خان کا کہنا تھا کہ پاکستان خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی اور اس کے اثرات پر شدید تحفظات رکھتا ہے جب کہ باب المندب کی صورتحال بھی باعث تشویش ہے۔ سجاد حیدر کا کہنا تھا کہ بھارتی بحری جہاز نے پاکستانی بحریہ کے جہاز کے انتہائی قریب جارحانہ نقل وحرکت کی جس کے نتیجے میں دونوں بحری جہازوں کے درمیان ٹکر ہوئی، بھارتی کارروائی بین الاقوامی قانون اور 1991 کے دوطرفہ معاہدے کی سنگین خلاف ورزی ہے، پاکستان نے گزشتہ روز بھارتی ناظم الامور کو طلب کیا اور بھارتی بحری جہاز کے پاک بحریہ کے جہاز کو ٹکر مارنے سمیت بھارتی بحریہ کی اشتعال انگیزی پر شدید احتجاج ریکارڈ کرایا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ بھارت جنوبی ایشیا کو مزید عدم استحکام سے دوچار کرنے والی غیر ذمہ دارانہ کارروائیوں سے باز رہے۔

بقیہ 02

کے فیول کوٹے میں تین ماہ کے لیے 50 فیصد کمی کردی گئی، تاہم آپریشنل گاڑیوں، لازمی سروسز اور ترقیاتی منصوبوں سے متعلق گاڑیوں کو فیول کٹوتی سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔ مالی سال 27-2026 کے نان ای آر ای بجٹ میں 5 فیصد کمی کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے۔ سرکاری گاڑیوں سمیت ہر قسم کی نئی گاڑیوں کی خریداری پر مکمل پابندی عائد کردی گئی۔ آئی ٹی سے متعلق خریداری کے علاوہ تمام پائیدار اشیا کی خریداری پر بھی پابندی ہوگی۔ وفاقی حکومت کے تحت تین ماہ کے لیے غیر ملکی دوروں اور سفری سرگرمیوں پر پابندی عائد کردی گئی ہے، تاہم مخصوص شعبوں اور ناگزیر دوروں کے لیے استثنیٰ برقرار رہے گا۔ ناگزیر غیر ملکی دوروں کی صورت میں وزرا، مشیران اور سرکاری حکام کو صرف اکانومی کلاس میں سفر کرنا ہوگا۔ کفایت شعاری اقدامات کے تحت سرکاری اجلاسوں کیلئے ویڈیو کانفرنسنگ کو ترجیح دینے کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ غیر ملکی وفود کے علاوہ سرکاری عشائیوں کی میزبانی، حکومت کے فنڈز سے سرکاری سیمینارز، تربیتی پروگرامز اور کانفرنسز پر پابندی عائد کر دی گئی۔ ناگزیر سرکاری تقریبات کیلئے سرکاری آڈیٹوریم اور کمیٹی رومز استعمال کرنیکی ہدایت کی گئی ہے جبکہ شادی کی تقریبات میں صرف ایک ڈش پیش کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ دکانیں، مارکیٹس، شاپنگ مالز اور بازار رات 9 بجے بند ہوں گے، شادی ہالز، مارکیز اور دیگر تقریبات کے مقامات رات 10 بجے بند ہوں گے۔ ریسٹورنٹس، کیفے، فوڈ آؤٹ لیٹس رات 11 بجے بند ہوں گے تاہم ٹیک اوے اور ہوم ڈیلیوری مستثنیٰ قرار دی گئی ہے۔ فارمیسیز، ہسپتال، کلینکس، میڈیکل لیبارٹریز، پٹرول پمپس ، بیکریز، تندور، دودھ و ڈیری شاپس، الیکٹرک وہیکل چارجنگ اسٹیشنز ، جم دیگر ضروری شعبے بھی پابندیوں سے مستثنیٰ ہوں گے ۔ کفایتی اقدامات سے استثنیٰ کی درخواستیں کیس ٹو کیس بنیاد پر زیرِ غور لائی جائیں گی، صوبائی اور علاقائی حکومتیں بھی ایسے ہی کفایتی اقدامات اپنانے پر غور کرسکتی ہیں۔

بقیہ 03

فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں۔ دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے مکمل خاتمے کے لیے ریاستی ادارے پرعزم ہیں اور بلوچستان میں امن واستحکام کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائیاں دہشتگردی کے خلاف قومی عزم کی عکاس ہیں۔ قوم دہشتگردی کے خاتمے کے لیے اپنی سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 04

گے، لندن میں قیام کے بعد امریکا کے دورے پر روانہ ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف 25 ستمبر کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کریں گے۔

بقیہ 05

ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد نے سلامتی کونسل کے اجلاس کے دوران کیا، جس میں طالبان کے کابل پر قبضے کے پانچ سال بعد افغانستان کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ پاکستانی مستقل مندوب نے کہا کہ پاکستان اس دہشت گردانہ یلغار کے سامنے خاموش نہیں بیٹھ سکتا۔ ہم ضرورت پڑنے پر اپنے دفاع میں اور بین الاقوامی قانون کے مطابق جواب دیں گے، ہم ہر اس شخص کے خلاف اپنا دفاع کریں گے جو ہمارے شہریوں اور ہماری قومی سلامتی کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ تین برسوں کے دوران افغانستان سے پیدا ہونے والی دہشت گردی کے نتیجے میں 4,700 سے زیادہ پاکستانی اپنی جانیں گنوا چکے ہیں، کابل افغان سرزمین پر سرگرم دہشت گرد گروہوں کے خلاف ٹھوس اور قابلِ تصدیق اقدامات کرنے میں ناکام رہا ہے۔ پاکستانی مندوب کے مطابق افغانستان ایک بار پھر دہشت گرد گروہوں کے لئے محفوظ پناہ گاہ بن چکا ہے، جن میں تحریک طالبان پاکستان، کالعدم بلوچ لبریشن آرمی اور اس کا مجید بریگیڈ، داعش خراسان، ایسٹرن ترکستان اسلامک موومنٹ اور ان کے اتحادی شامل ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ صورتحال کو بیرونی عناصر مزید پیچیدہ بنا رہے ہیں جو افغانستان کے اندر موجود اپنے حمایت یافتہ گروہوں کو پاکستان اور دیگر ہمسایہ ممالک کے خلاف استعمال کر رہے ہیں۔ خیال رہے کہ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کی ایک حالیہ رپورٹ میں بھی کہا گیا ہے کہ افغانستان میں دہشت گرد گروہ اب بھی موجود ہیں، خواتین اور لڑکیوں پر پابندیاں، انہیں حکمرانی کے عمل سے باہر رکھنا، معاشی دباؤ، بنیادی خدمات فراہم کرنے کی کم ہوتی صلاحیت اور بڑے پیمانے پر لوگوں کی واپسی و ہجرت افغانستان کے طویل مدتی استحکام کیلئے خطرہ ہیں۔ اس پس منظر میں عاصم افتخار احمد نے کہا کہ اسلام آباد نے رابطے، انسانی امداد اور علاقائی تعاون کے ذریعے افغانستان کے استحکام کی حمایت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغان طالبان کی بعض پالیسیوں پر تحفظات کے باوجود پاکستان نے اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں کی پاسداری کی اور افغانستان تک انسانی امداد کی بلاتعطل رسائی کی اجازت دی جیسا کہ سیکرٹری جنرل کی رپورٹ میں بھی بتایا گیا ہے، رپورٹنگ کی مدت کے دوران پاکستان کے راستے کم از کم 687 انسانی امدادی سامان سے لدے ٹرک افغانستان میں داخل ہوئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بدقسمتی سے پانچ سال قبل اس اہم موڑ پر عالمی برادری کو جو امیدیں اور توقعات تھیں، وہ پوری نہیں ہوئیں اور رفتہ رفتہ مایوسی اور ناامیدی میں تبدیل ہوگئیں، افغانستان کو درپیش چیلنجز کی شدت واضح ہے، اور سیکرٹری جنرل کی رپورٹ اس بات کو اجاگر کرتی ہے کہ طالبان کی جانب سے ظاہر کی جانے والی نسبتاً استحکام کی صورت حال ایسے بڑھتے ہوئے خطرات کو چھپا رہی ہے جو قلیل اور طویل مدت میں ملک کے استحکام کو متاثر کر سکتے ہیں۔ عاصم افتخار احمد نے کہا کہ دہشت گردی افغانستان کے مسائل کا بنیادی مرکز رہی ہے، اس کی جڑیں طالبان اور دہشت گرد گروہوں کے درمیان گہرے تعلق میں ہیں، افغان طالبان دہشت گرد گروہوں کے خلاف کارروائی کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ انہوں نے افغانستان میں بین الاقوامی افواج کی جانب سے چھوڑے گئے ہتھیاروں اور غیر قانونی اسلحے کی اسمگلنگ کے خطرے سے بھی خبردار کیا۔ اجلاس کے دوران امریکا نے بھی افغان طالبان کے حوالے سے تنقیدی موقف اختیار کیا، امریکی سفیر مائیک والٹز نے امریکی شہریوں کی حراست، دہشت گردی اور خواتین ولڑکیوں پر عائد پابندیوں کو اپنی گفتگو کا مرکز بنایا۔ والٹز نے کہا کہ امریکا طالبان کو امریکی شہریوں کو یرغمال بنانے کی اجازت نہیں دے گا، کسی صورت نہیں، طالبان امریکی شہریوں کو سودے بازی کے لئے استعمال کررہے ہیں۔ انہوں نے سلامتی کونسل سے مطالبہ کیا کہ وہ امریکی شہریوں کی طالبان کی جانب سے حراست کی مذمت کرے اور ان کی رہائی کا مطالبہ کرے۔ روس نے موقف اختیار کیا کہ افغانستان کے معاملے میں دباؤ ڈالنے کے بجائے رابطہ کاری اور بات چیت ضروری ہے۔ روسی سفیر واسیلی نیبنزیا نے کہا کہ افغانستان کے ساتھ حقیقی اور عملی نوعیت کے رابطے کا کوئی متبادل نہیں۔ پانچ سال قبل غیر ملکی افواج کے انخلا کو یاد کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ افغانستان کے تباہ ہونے یا ایک بلیک ہول بن جانے کی پیش گوئیاں درست ثابت نہیں ہوئیں۔

بقیہ 06

اور جدید تعلیم کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت دانش یونیورسٹی کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا، جس میں دانش یونیورسٹی کے قیام سے متعلق وزیراعظم کی مختلف ہدایات پر پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔ شہباز شریف نے کہا کہ دانش یونیورسٹی پاکستان کے باصلاحیت اور مستحق نوجوانوں کو عالمی معیار کی تعلیم کے مواقع فراہم کرے گی، دانش یونیورسٹی بہترین تعلیمی، تحقیقی اور جدید تکنیکی سہولیات کی بدولت ملک بھر اور پورے خطے میں ٹیکنالوجی کے شعبے میں ایک مرکزِ امتیاز کے طور پر ابھرے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ دانش یونیورسٹی میں داخلوں کیلئے پورے پاکستان سے باصلاحیت طلبہ کا انتخاب میرٹ پر کیا جائے گا۔ اجلاس کو بریفنگ دی گئی کہ دانش یونیورسٹی میں مختلف فیکلٹی آسامیوں کیلئے اب تک 185 درخواستیں موصول ہوچکی ہیں، دانش یونیورسٹی کیلئے بہترین اور باصلاحیت فیکلٹی کے انتخاب کا عمل جاری ہے۔ بتایا گیا کہ ایف ایس سی اور اے لیول کے دوسرے سال میں زیرِ تعلیم طلبہ کو دانش یونیورسٹی کے ورچوئل سکول کیلئے ٹیلنٹ ہنٹ کا عمل شروع کردیا گیا ہے، ورچوئل سکول میں کامیاب طلباء کو پانچ ماہ کے دورانیے کے سو فیصد مفت کلاسز کا انعقاد کیا جائے گا۔ دوران بریفنگ بتایا گیا کہ دانش یونیورسٹی ورچوئل کلاسز کیلئے ٹیسٹ 40 سے زیادہ شہروں میں 24 اکتوبر 2026 کو منعقد کیا جائے گا، دانش یونیورسٹی کی عمارت آئندہ سال تک مکمل ہوجائے گی، دانش یونیورسٹی میں باقاعدہ تدریسی سرگرمیوں کا آغاز 20 ستمبر 2027 کو ہوگا. بریفنگ میں آگاہ کیا گیا کہ دانش یونیورسٹی میں ابتدائی مرحلے میں بائیو انجینئرنگ، الیکٹریکل انجینئرنگ، مصنوعی ذہانت، کمپیوٹر سائنس اور ٹیکنالوجی وسماجیات پرمبنی جدید تعلیمی پروگرام شروع کیے جائیں گے، طلبہ کو یونیورسٹی میں باقاعدہ تعلیم شروع کرنے کی ضروری تیاری ومعاونت کے لئے برج پروگرام بھی شروع کیا جائے گا، دانش یونیورسٹی کا برج پروگرام 10 اگست سے 14 ستمبر 2027 تک جاری رہے گا۔

بقیہ 07

جوانوں کی اعلی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو خاک میں ملانے پر وہ فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ بلوچستان میں دیرپا امن واستحکام کے قیام کے لیے سکیورٹی فورسز کے بہادر سپوت غیر متزلزل عزم کے ساتھ سرگرم عمل ہیں۔ انہوں نے دوٹوک انداز میں واضح کیا کہ ملک دشمن دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کا جڑ سے مکمل خاتمہ پوری قوم کی متفقہ آواز ہے۔ انہوں نے کہا کہ وطنِ عزیز سے فتنہ اور دہشتگردی کے ناسور کو مٹانے کی اس جنگ میں پوری قوم یکسو ہو کر اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 08

سے متعلق بل 159 ووٹوں کے مقابلے میں 262 ووٹوں سے منظور کرلیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق کے بل کا مقصد روس پر معاشی دباؤ بڑھانا اور ایران پر پابندیوں میں توسیع کرنا ہے جبکہ قانون سازی میں 1996 کے ایران سینکشنز ایکٹ کی مدت میں مزید پانچ سال کی توسیع بھی شامل ہے۔ بل کی حمایت میں ریپبلکن ارکان کے ساتھ درجنوں ڈیموکریٹ ارکان نے بھی ووٹ دیا۔ روس پر پابندیوں کا بل ٹرمپ کو دستخط کیلئے بھیج دیا گیا، بھارت اور چین بھی متاثر ہونگے۔ اس بل کے تحت روس کے توانائی اور دفاعی شعبے، صدر ولادیمیر پیوٹن اور دیگر اعلیٰ حکام پابندیوں کی زد میں آئیں گے جبکہ روسی تیل کی ترسیل میں مدد دینے والے بحری جہازوں پر بھی پابندیاں عائد ہوں گی۔ نیا بل امریکی صدر ٹرمپ کو روسی تیل اور گیس کے بڑے خریدار ممالک پر 100 فیصد تک اضافی محصولات عائد کرنے کا اختیار دیتا ہے جن میں ممکنہ طور پر چین اور بھارت بھی شامل ہیں۔ امریکی سینیٹ پہلے ہی گزشتہ ماہ 86 کے مقابلے میں 11 ووٹوں سے بل منظور کرچکی ہے جبکہ ٹرمپ اس پر دستخط کرنے کا عندیہ دے چکے ہیں۔ بل کا مقصد روس کی جنگی آمدنی محدود کر کے یوکرین جنگ کے خاتمے کے لئے ماسکو پر دباؤ بڑھانا ہے۔

بقیہ 09

کمپنی کے شریک بانی بریٹ ویلکو وچ نے سکیورٹی وجوہات کے باعث تفصیلات فراہم کرنے سے گریز کیا تاہم انہوں نے بتایا کہ یہ معاہدہ بغیر پائلٹ فضائی نظام (Unmanned Aerial Systems) سے متعلق ہے۔ خبر رساں ایجنسی کے مطابق فوجی اور صنعتی استعمال کے لیے فضائی اور بحری ڈرونز فراہم کرنے والی کمپنی پاورس جلد ہی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے دو بیٹوں کی حمایت یافتہ ایک پبلک ٹریڈڈ کمپنی 'اوریئس گرین وے ہولڈنگز' کے ساتھ ضم ہونے والی ہے۔ دونوں کمپنیوں نے کہا ہے کہ انہیں توقع ہے کہ یہ انضمام اکتوبر کے اوائل میں مکمل ہو جائے گا۔ امریکی ریگولیٹری دستاویزات کے مطابق ٹرمپ کے بیٹے ڈونلڈ ٹرمپ جونیئر اور ایرک ٹرمپ 'امریکن وینچرز' نامی سرمایہ کاری فنڈ کے ذریعے اوریئس میں حصہ داری رکھتے ہیں۔ پاورس کے بانی اور چیف ایگزیکٹو اینڈریو فاکس نے کہا کہ پاکستان کا نجی دفاعی شعبہ ابھر رہا ہے لیکن ابھی تک پختہ نہیں ہوا ہے، جس کی وجہ سے امریکی کمپنیوں کے لیے اس مارکیٹ میں تیزی سے آگے بڑھنے کی گنجائش موجود ہے۔ بریٹ ویلکو وچ نے کہا کہ ان کا ہدف امریکا کی بہترین ٹیکنالوجی کو پاکستان کی بہترین ٹیکنالوجی کے ساتھ جوڑنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاورس پاکستان میں ممکنہ طور پر ٹیکنالوجی تیار کرنے کے طریقوں کا جائزہ لے رہی ہے۔

بقیہ 10

میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا جس میں فتنہ الہندوستان کے 3 دہشت گرد جہنم واصل کر دیئے گئے۔ ذرائع کے مطابق آپریشن میں ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ وگولہ بارود برآمد کرلیا گیا ہے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کی مسلسل اور موثر کارروائیوں میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کو بھاری نقصان کا سامنا ہے۔ سکیورٹی فورسز بلوچستان میں امن وامان کے قیام اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھنے کیلئے پرعزم ہیں۔

بقیہ 11

رہے ہیں، ہوسکتا ہے پی ٹی آئی اور جماعت اسلامی کا لانگ مارچ اکٹھا ہوجائے۔ ایک انٹرویو میں حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ پی ٹی آئی کے دوستوں سے رابطہ ہے وہ ہماری حمایت کرتے ہیں ہم ان کی، آہستہ آہستہ پارٹی ورکرز سمجھ رہے ہیں ہم ہر جگہ پر جا رہے ہیں ہو بھی سکتا ہے پی ٹی آئی اور جماعت اسلامی کا لانگ مارچ ایک ساتھ ہوجائے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی اور پی ٹی آئی کا ایجنڈا الگ الگ ہے لیکن اختلاف نہیں ہے پی ٹی آئی کا ایجنڈا بانی کی صحت اور رسائی ، اور ہمارا ایجنڈا پیٹرول پر لیوی کیخلاف ہے کسان اتحاد سے ہمارا رابطہ ہوا ہے ان کی خواہش ہے کہ ہم کچھ مل کر کرلیں اس پر بھی غور کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ 32 دن سے دھرنے جاری ہیں تو کیا ہم اسلام آباد میں پرامن ایک جگہ بھی بیٹھ سکتے ہیں اگر حکومت نے روکنے کی کوشش کی تو ہم ایک جگہ سے نہیں جائیں گے، حکومت سگنل بند کرے گی تو قافلے اپنے طور پر آتے ہیں تو وہ اپنے فیصلے بھی خود کرتے ہیں۔ حافظ نعیم نے کہا کہ جماعت اسلامی کا ذاتی ایجنڈا نہیں ہم عوام کے حقوق کیلئے پرامن جدوجہد کررہے ہیں، حکومت نے کنٹینر لاکر کھڑے کردیئے روکیں گے تو یہ کنٹینر ہٹائیں گے حکومت کو نہیں چاہیے کہ کنٹینر لگائیں تو احتجاج پرامن رہیگا، جماعت اسلامی ابھی تک لانگ مارچ کیلئے نہیں آئی انہوں نے ابھی سے راستے بند کردیئے۔

بقیہ 12

بلکہ یہ انصاف مارچ ہے۔ پنجاب، سندھ اور بلوچستان کے لوگوں کو لانگ مارچ سے متعلق ہدایات مل چکی ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ پنجاب میں اسٹریٹ موومنٹ پر پابندی کے باوجود لوگ باہر نکلے تھے۔ پنجاب میں وزیراعلی اور اراکین اسمبلی کے ساتھ اختیار کیے گئے رویے کی مذمت کرتے ہیں۔ وزیراعلی کو گاڑی میں بٹھا کر کسی چوک پر چھوڑنا انتہائی نامناسب ہے، دوسرے صوبے میں آنے والے وزیراعلی کی مہمان نوازی کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہم پرامن احتجاج کریں گے، راستے بند نہیں کریں گے اور اشتعال نہیں پھیلائیں گے۔ ہمارے لوگ نہتے ہوں گے اور اپنے حقوق کے لیے آواز اٹھائیں گے۔ پنجاب کے اراکین اسمبلی سخت حالات میں وزیراعلی کے ساتھ موجود رہے۔ بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ سپریم کورٹ اور آئینی عدالت میں گزشتہ روز ہونے والی سماعت پر افسوس ہوا، عدالتیں ایک دوسرے کو کیسز بھیج رہی ہیں، ایسا فیصلہ تو پنچایت بھی کرسکتی ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ پاکستان عالمی سطح پر ایک قوت بن کر ابھرا ہے، اب معاشی استحکام بھی ہونا چاہیے، جو سب کو یکساں مواقع فراہم کرنے سے ممکن ہوگا۔

بقیہ 13

آئینی عدالت سے رجوع کرلیا۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ بشریٰ بی بی کی آنکھوں کی بیماری دوبارہ لاحق ہوگئی ہے جیل میں علاج کی سہولیات بھی ناکافی ہیں۔ درخواست کے مطابق علاج میں مزید تاخیر سے بشریٰ بی بی کی باقی ماندہ بینائی اور مجموعی صحت کو خطرات لاحق ہوسکتے ہیں، کیس کا فیصلہ نہ ہونے کے باعث مسلسل قید بھی انکی صحت کو متاثر کررہی ہے۔ درخواست میں کہا گیا ہیکہ بشریٰ بی بی جیل میں ہیں اور انکی اپیل سماعت کے لئے مقرر ہونے کی منتظر ہے، اس لئے درخواست کو 21 ستمبر 2026 سے شروع ہونے والے ہفتے میں سماعت کیلئے مقرر کیا جائے۔ درخواست میں کہا گیا کہ طویل اور غیر واضح تاخیر سے بشریٰ بی بی کو پہلے ہی شدید نقصان پہنچ چکا ہے، لہذا انصاف کے مفاد میں سزا معطلی کی اپیل کی جلد سماعت کی استدعا منظور کی جائے۔ واضح رہے کہ بشریٰ بی بی پاکستان کی سابق خاتونِ اول ہیں اور 190 ملین پاؤنڈ کیس میں قید کی سزا کاٹ رہی ہیں، جنوری 2025 میں احتساب عدالت نے انہیں 7 سال قید کی سزا سنائی تھی۔

بقیہ 14

آئی ہے۔ انہوں نے ایک بیان میں کہا ہے کہ کراچی کی بندرگاہ کا پورٹ لائنر شپنگ کنیکٹیویٹی انڈیکس اسکور 343 تک پہنچ گیا ہے جو عالمی تجارت سے مضبوط انضمام کا عکاس ہے۔ جنید انوار نے بتایا کہ پورٹ لائنر شپنگ کنیکٹیویٹی انڈیکس دنیا بھر کی تقریباً 900 بندرگاہوں کے ڈیٹا پر مبنی ہے اور اس کے اعداد وشمار کے مطابق پاکستان کی پوزیشن عالمی درجہ بندی میں 34 ویں نمبر پر آگئی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ کراچی پورٹ کی بہتر رابطہ کاری عالمی تجارت سے مضبوط انضمام کی عکاس ہے، یہاں بہتر بحری رابطہ کاری سے برآمد کنندگان کے لیے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور پاکستان کی عالمی تجارتی پوزیشن مستحکم ہو گی۔ وفاقی وزیرِ بحری امور نے یہ بھی کہا ہے کہ بندرگاہوں کی ترقی اور تجارتی سہولت کاری حکومتی ترجیحات میں شامل ہیں۔

بقیہ 15

گاڑیوں اور لوگوں کے گروہوں کو نشانہ بنائے جانے کی اطلاعات ہیں۔ خان یونس کے المواسی علاقے میں بے گھر فلسطینیوں کے خیموں پر حملوں میں متعدد افراد جاں بحق اور 20 سے زائد زخمی ہونے کی اطلاع ہے۔ خانی غزہ کے الزوایدہ کے قریب ایک حملے میں ایک شخص جاں بحق اور 8 زخمی ہوئے۔ گزشتہ روز غزہ سٹی کے الشاطی کیمپ میں ایک رہائشی عمارت کو نشانہ بنائے جانے سے 12 فلسطینی جاں بحق، تقریباً 40 زخمی اور متعدد لاپتہ ہوئے۔

بقیہ 16

والی کارروائیاں بند کریں اور انسانی امدادی سرگرمیوں کو محفوظ اور بلا رکاوٹ جاری رکھنے کو یقینی بنائیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق یہ بات اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش نے جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انتونیو گوتریش نے کہا کہ مشرق وسطی کی موجودہ کشیدگی میں کمی اولین ترجیح ہونی چاہیے، آبنائے ہرمز اور باب المندب کے اطراف جہاز رانی کے حقوق اور آزادیوں کو بین الاقوامی قانون کے مطابق مکمل طور پر بحال اور برقرار رکھا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ آگے بڑھنے کا واحد راستہ کشیدگی میں کمی، سفارت کاری اور مذاکرات ہے اور وہ رہنماں سے جاری رابطوں کے دوران اس مقف پر زور دیتے رہیں گے۔ سیکرٹری جنرل نے یوکرین میں فوری جنگ بندی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ اقوام متحدہ کے چارٹر، بین الاقوامی قانون اور متعلقہ قراردادوں کے مطابق منصفانہ، پائیدار اور جامع امن کی جانب پہلا قدم ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ یوکرین تنازعہ پانچویں سال میں داخل ہو چکا جس کے نتیجے میں شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، عالمی سطح پر اس کے دوررس اثرات مرتب ہو رہے ہیں جبکہ تنازعے کے خاتمے کے فوری امکانات نظر نہیں آ رہے۔ غزہ امن منصوبے کے حوالے سے انتونیو گوتریش نے کہا کہ اسے مکمل طور پر نافذ اور انسانی امداد کی بلا روک ٹوک فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے مغربی کنارے کے بتدریج الحاق کا عمل روکنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ دو ریاستی حل کے قیام کے بغیر مشرق وسطی میں پائیدار امن ممکن نہیں۔

بقیہ 17

نے حوثیوں سے براہِ راست رابطے کی تصدیق کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق حوثیوں نے امریکا کو 2025 کی جنگ بندی برقرار رہنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ اس موقع پر حوثیوں نے امریکا کو کہا کہ بحیرہ احمر میں امریکی بحری جہاز ان کا ہدف نہیں، سعودی عرب سے منسلک جہازوں کو ہدف سمجھا جاتا ہے۔ دوسری جانب امریکا نے یمن میں حوثیوں کی پیش قدمی روکنے کے لیے سعودی عرب کی فوجی مدد سے گریز کیا ہے، جبکہ امریکی حکام اور حوثی قیادت کے درمیان عمان میں براہِ راست ملاقات کا انکشاف بھی ہوا ہے۔ برطانوی اخبار دی گارجین کی رپورٹ کے مطابق امریکی حکام نے گزشتہ ہفتے کے آخر میں عمان کے دارالحکومت مسقط میں امریکی سفارت خانے میں حوثی رہنماں سے ملاقات کی۔ اس ملاقات میں حوثیوں نے امریکا کو یقین دہانی کرائی کہ 2025 میں طے پانے والی جنگ بندی اب بھی برقرار ہے اور ان کا امریکی بحری جہازوں کو بحیرہ احمر میں نشانہ بنانے کا کوئی ارادہ نہیں۔ حوثیوں کے مطابق بحیرہ احمر میں صرف سعودی عرب سے منسلک بحری جہاز یا سعودی تیل لے جانے والے جہاز ان کے ممکنہ اہداف ہیں، جس کی وجہ وہ یمن پر سعودی ناکہ بندی کو قرار دیتے ہیں۔

بقیہ 18

مطابق کارروائی کی ہدایت کردی ہے۔ ڈپٹی کمشنر چمن حبیب بنگلزئی کے مطابق کم سن بچی بہو کے والد عبدالباری کو چمن سے گرفتار کرلیا گیا ہے، جبکہ ایف آئی آر کے اندراج اور گرفتار ملزم کی حوالگی کے لیے کوئٹہ پولیس سے رابطہ کیا جارہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر چمن نے بتایا کہ واقعے کی کڑیاں کچلاک میں پیش آنے والے 15 سالہ بچی کے قتل کے واقعے سے ملتی ہیں، جس کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ دریں اثناء معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ کم سن بچی کے ساتھ پیش آنے والے واقعے میں ملوث کسی بھی شخص کو قانون سے بالاتر نہیں سمجھا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر واقعے کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں اور بچی کے تحفظ اور انصاف کی فراہمی کے لیے متعلقہ اداروں کو مؤثر اقدامات کی ہدایت کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ واقعے میں ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی یقینی بنائی جائے گی اور کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ پولیس اور ضلعی انتظامیہ کو مرکزی ملزم سمیت دیگر ممکنہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ شاہد رند نے کہا کہ تحقیقات کے دوران سامنے آنے والے تمام حقائق کو قانون کے مطابق دیکھا جائے گا۔ بلوچستان حکومت بچوں کے تحفظ سے متعلق قوانین پر مؤثر عملدرآمد کے لیے پرعزم ہے اور کم عمر بچوں کے حقوق وتحفظ کے معاملے پر حکومت کی واضح اور دوٹوک پالیسی ہے۔ بلوچستان میں انسداد کم عمری کی شادی کا قانون بھی موجود ہے۔

بقیہ 19

کی ضرورت نہیں۔ ایک انٹرویو میں خواجہ آصف نے کہا کہ مکہ معاہدہ نہ بھی ہو تو مقدس مقامات کی حفاظت ہمارا فریضہ ہے، میرا خیال ہے وہ صورتحال آگئی ہے جہاں مکہ معاہدہ نافذ ہونا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ معاہدہ ہمارے اوپر لاگو ہوتا ہے اور ہم اپنا فرض ادا کریں گے، تفصیلات میں نہیں جاسکتا لیکن ہم مکہ معاہدے پر عمل کے پابند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان کشیدگی مزید شدت اختیار کرجاتی ہے اور لڑائی میں توسیع ہوتی ہے تو پاکستان اور ترکیہ واشگاف الفاظ میں عملی اور سفارتی طور پر سعودی عرب کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ حوثی سعودی عرب پر حملے کررہے ہیں ایسی صورت میں ایران سائیڈ لے تو میری نظر میں عقل مندی والی بات نہیں ہوگی اور اس کے امکانات بھی بہت کم ہیں، ساتھ ہی پاکستان نے بھی پیغام بھجوادیا ہے اور سعودی عرب نے بھی مطلع کیا ہے۔ وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ ایک ایسی صورتحال میں جب ایران کی امریکا اور اسرائیل کے ساتھ خلیج جنگ نازک امن کے ساتھ غیر یقینی کے صورت حال پر کھڑی ہے تو ایسے میں ایک اور نیا محاذ کھولنا یا توسیع دینے کے بجائے دانشمندی کا تقاضا یہی ہے اس کو بڑھایا نہ جائے اور بڑے خلفشار میں تبدیل نہ کیا جائے۔

بقیہ 20

اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ مریضوں کو محفوظ اور معیاری طبی نگہداشت فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپنے پیغام میں کہا کہ حکومت بلوچستان صحت کے شعبے میں اصلاحات اور طبی سہولیات کی بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ ہسپتالوں میں سہولیات کی بہتری، طبی عملے کی استعداد کار میں اضافے اور جدید نظام کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ مریضوں کا تحفظ صحت کے مؤثر نظام کی بنیادی ترجیح ہے، اس ضمن میں طبی مراکز میں علاج معالجے کے معیار، سہولیات اور خدمات کو مزید بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دل، ذیابیطس، کینسر اور دیگر غیر متعدی بیماریوں میں مبتلا مریضوں کے لیے محفوظ، معیاری اور مسلسل طبی نگہداشت ناگزیر ہے۔ بروقت تشخیص، مؤثر علاج اور مریضوں کی مسلسل نگہداشت سے صحت کے بہتر نتائج حاصل کیے جاسکتے ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان مریضوں کے تحفظ اور طبی خدمات کے معیار کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔ صحت کے شعبے میں اصلاحات کا مقصد عوام کو بہتر، محفوظ اور با اعتماد طبی سہولیات کی فراہمی ہے۔

بقیہ 21

کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ سپریم کورٹ کے شعبہ تعلقات عامہ کے جاری اعلامیہ کے مطابق انہوں نے یہ بات سپریم کورٹ میں پاکستان بار کونسل کے وفد سے ملاقات کے دوران کہی۔ وفد کی قیادت پاکستان بار کونسل کے وائس چیئرمین پیر محمد مسعود چشتی نے کی۔ وفد نے چیف جسٹس آف پاکستان کو ڈائریکٹوریٹ آف لیگل ایجوکیشن کی دو سالہ پیش رفت رپورٹ برائے 2024-2026 پیش کی اور قانونی تعلیم کا معیار بہتر بنانے اور پیشہ ورانہ معیارات مضبوط کرنے کے لیے کیے گئے اقدامات سے آگاہ کیا۔ ملاقات میں قانون کی تعلیم دینے والے اداروں کی نگرانی، نصاب کی بہتری اور وکلا کے لیے مسلسل قانونی تعلیم اور عملی تربیت کے مواقع بڑھانے سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ مستقبل کے وکلا کی بہتر پیشہ ورانہ تیاری کے لیے بار، قانونی تعلیمی اداروں اور دیگر متعلقہ شراکت داروں کے درمیان مسلسل تعاون ضروری ہے۔

بقیہ 22

خیال کیا گیا۔ ملاقات میں وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے پنجاب میں اسٹریٹ موومنٹ سرگرمیوں اور پنجاب حکومت کے غیر جمہوری اور غیر قانونی اقدامات اور فسطائیت بھرے رویے پر قائدین کو تفصیلی بریفنگ دی۔ محمود خان اچکزئی اور علامہ ناصر عباس نے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی پرامن اسٹریٹ موومنٹ کو سراہا جبکہ پنجاب حکومت کی جانب سے سیاسی کارکنوں اور جمہوری آوازوں کے خلاف اقدامات کی شدید مذمت کی گئی۔ قائدین نے کہا کہ سیاسی اختلاف کو دبانے کے لیے ریاستی طاقت کا استعمال جمہوری اقدار، آئینی آزادیوں اور سیاسی رواداری کے صریحاً منافی ہے۔ ملاقات میں 27 ستمبر کے مارچ اور آئندہ کی سیاسی وجمہوری حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں 27 ستمبر کے مارچ اور آئندہ کی سیاسی وجمہوری حکمتِ عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ 27 ستمبر کا مارچ مکمل طور پر پرامن، آئینی اور جمہوری ہوگا۔ قائدین نے کہا کہ عوام اپنے آئینی و جمہوری حقوق کے لیے 27 ستمبر کو سڑکوں پر نکلیں گے۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبوں کے آئینی حقوق پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 23

پی اے) کی 69 ویں کانفرنس کے موقع پر ہوئی۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق ملاقات میں دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے سمیت اہم علاقائی وعالمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں سپیکرز نے تجارت، سرمایہ کاری، سیاحت کے شعبوں میں تعاون اور پارلیمانی روابط کو فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے دونوں ممالک کی پارلیمانوں کے درمیان قانون سازی، کمیٹی نظام اور پارلیمانی تجربات کے تبادلے کی ضرورت پر زور دیا۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے پاکستان کی گرین پارلیمنٹ، پارلیمانی کاکسز اور کمیٹی نظام کو مؤثر بنانے کے لیے اٹھائے گئے اقدامات سے آگاہ کیا اور کہا کہ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں پاکستان کا حصہ صرف 0.6 فیصد ہے، تاہم پاکستان موسمیاتی تبدیلی سے شدید متاثرہ ممالک میں شامل ہے۔ افغان سرزمین پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال ہو رہی ہے۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے لیے پاکستان کے اصولی موقف کا اعادہ کیا اور کہا کہ جنگ کسی کے مفاد میں نہیں، تنازعات کا حل مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے تلاش کیا جانا چاہیے۔

اطلاع عام وخاص

ہر خاص وعام کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ دکان نمبر 36 واقع فائر بریگیڈ پلازہ کوئٹہ بنام جہانزیب ولد عبدالمالک جو کہ مالکانہ ہے کو فروخت کر کے مسمی عزیز اللہ ولد رحمت اللہ کے نام ٹرانسفر کرانا مقصود ہے اس سلسلے میں اگر کسی شخص یا کسی ادارے کو عذر اعتراض ہو تو وہ 15 یوم کے اندر اندر میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ٹیکس برانچ سے رابطہ کریں بعد میعاد گزرنے کے کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا

منجانب۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ

THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA
روزنامہ باخبر کوئٹہ
بانی
اکرام اللہ خان
کوئٹہ اور بلوچستان بھر سے

روزنامہ باخبر 18 ستمبر 2026ء

زبان کسی بھی قوم کی شناخت اور ثقافتی ورثے کی حفاظت کا اہم ذریعہ ہے

وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت

تعمیر نو ٹرسٹ بلوچستان تعلیمی، ادبی اور ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، نوجوان نسل ملک کا قیمتی اثاثہ ہے اس کی علمی، ادبی اور فکری تربیت کیلئے تعلیمی اداروں کا کردار نہایت اہم ہے۔

وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی کی تعمیر نو کالج غزالی کیمپس میں طلبہ سے خصوصی نشست، مصدق علی اسکالرشپ کے تحت تین طلبہ میں 6 لاکھ روپے تقسیم

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی نے کہا ہے کہ نوجوان نسل ملک کا قیمتی اثاثہ ہے، اس کی علمی، ادبی اور فکری تربیت کے لیے تعلیمی اداروں کا کردار نہایت اہم ہے۔ قومی ورثے، زبان و ادب اور ثقافتی اقدار سے نئی نسل کو روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ تعمیر نو ٹرسٹ بلوچستان تعلیمی، ادبی اور ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، وہ جمعرات کو رحمت للعالمین وخاتم النبیین صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کلب تعمیر نو ٹرسٹ بلوچستان کے زیر اہتمام تعمیر نو کالج غزالی کیمپس کوئٹہ میں منعقدہ خصوصی

بقیہ نمبر 02 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

یونیورسٹی آف گوادر میں شعبہ زولوجی کے بورڈ آف اسٹڈیز کا اجلاس

گوادر (خ ن) یونیورسٹی آف گوادر کے شعبہ زولوجی کے بورڈ آف اسٹڈیز (BoS) کا دوسرا اجلاس آج پی سی ٹی اینڈ وی آئی کانفرنس روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت فیکلٹی آف سائنس اینڈ انجینئرنگ کے ڈین، ڈاکٹر محب اللہ نے کی، جنہوں نے اجلاس کی کارروائی کی نگرانی کرتے ہوئے شعبے کی علمی و تعلیمی ترقی سے متعلق امور پر ہونے والی گفتگو کی رہنمائی کی۔ اجلاس میں محترمہ عقیقہ بلوچ، انچارج شعبہ زولوجی؛ محترمہ سمیعہ، فیکلٹی ممبر شعبہ

بقیہ نمبر 01 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی، صوبائی سیکرٹری عصمت اللہ قریش، نادر گل بڑیچ، سیف اللہ کھیتران، محمد اسامہ، چوہدری نعیم کریم، ڈاکٹر دوست محمد، ڈاکٹر عطاء الرحمٰن اور دیگر محکمہ سوشل ویلفیئر، پی پی اے ایف، ایف ای، ایس ایف کے تعاون سے ڈیف ریچ سکولز، ٹریننگ سینٹر و کالج کوئٹہ کیمپس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے معاشرے کے تمام طبقات کو کردار ادا کرنا ہوگا یونیسیف

کمیونٹی کو متحرک اور والدین کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے پر آمادہ کرنے کیلئے مسلسل اقدامات ناگزیر ہیں، (UNICEF) بلوچستان کے لیڈ شاہ پور سلیمان

بچوں کو پولیو جیسی موذی بیماری سے محفوظ رکھنا مشترکہ ذمہ داری ہے حکومت، متعلقہ اداروں، علما، قبائلی مشران، کاروباری برادری اور والدین کو مل کر کام کرنا ہوگا

ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان میں پولیو سے بچاؤ اور اس کے خاتمے کے حوالے سے منعقدہ آگاہی و مشاورتی نشست کے دوران اظہار خیال

کوئٹہ (آئی این پی) یونائیٹڈ نیشنز انٹرنیشنل چلڈرنز ایمرجنسی فنڈ (UNICEF) بلوچستان کے لیڈ شاہ پور سلیمان، بی ایم جی ایف ڈاکٹر نجیب مروت و دیگر نے کہا ہے کہ پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے معاشرے کے تمام طبقات بالخصوص بزنس کمیونٹی کو اپنا

بقیہ نمبر 05 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، صوبائی وزیر حاجی مدد جتک، حاجی نور محمد رخشانی اور صدام خان اچکزئی اپنے حلقے پی بی 5 4 دورے کے موقع پر علاقہ معتبرین سے خطاب کر رہے ہیں

خواتین کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے، ڈپٹی کمشنر سیوی

سبی میں خواتین کیلئے کھلی کچہری، ڈپٹی کمشنر نے متعدد مسائل موقع پر حل کر دیے

سیوی (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان کی خصوصی ہدایت پر سرکٹ ہاؤس سیوی میں ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی کی صدارت میں خواتین کے لیے خصوصی کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں ایس ایس

بقیہ نمبر 07 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ پریس کلب اور بی یو جے کا سینئر صحافی نصیر احمد پر مسلح افراد کے تشدد کی شدید مذمت

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ پریس کلب اور بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کی جانب سے سینئر صحافی اور یو این اے کے بیورو چیف (یو این اے) نیوز ایجنسی

بقیہ نمبر 08 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

اور ماڑہ اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر ماہ نور برکت مکران کوسٹل ہائی وے پر ہوٹلوں میں کھانے پینے کی اشیاء کا معائنہ کر رہی ہیں

ڈپٹی کمشنر دکی کا BSDK کے تحت مکمل واٹر سپلائی اسکیم فیض آباد جنگل کا معائنہ

فیض آباد جنگل کے عوام کو صاف پانی کی مستقل فراہمی یقینی بنائی جائے: ڈپٹی کمشنر دکی

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی نے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) پروگرام کے تحت مکمل ہونے والی واٹر سپلائی اسکیم فیض آباد جنگل کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر متعلقہ محکمہ کے افسران اور حکام بھی ان کے ہمراہ تھے ڈپٹی

بقیہ نمبر 29 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

صحبت پور، صحافی نصیر کاکڑ پر حملے کی شدید مذمت، ملزمان کی فوری گرفتاری کا مطالبہ

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور کے صحافتی حلقوں نے کوئٹہ کے سینئر صحافی اور نیوز ایجنسی کے بیورو چیف نصیر احمد کاکڑ پر ہونے والے حملے کی شدید ترین

بقیہ نمبر 30 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر لورالائی کی زیر صدارت ریونیو کورٹ ڈے، متعدد مقدمات نمٹا دیے گئے

ریونیو معاملات میں شفافیت اور زیر التوا کیسز کی جلد یکسوئی یقینی بنائی جائے: ڈپٹی کمشنر

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی زیر صدارت ریونیو کورٹ ڈے کا انعقاد کیا گیا، جس میں اراضی، انتقالات، ریونیو ریکارڈ اور دیگر متعلقہ معاملات سے متعلق مختلف مقدمات کی سماعت کی گئی ریونیو کورٹ ڈے کے

بقیہ نمبر 04 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں



وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی تعمیر نو ٹرسٹ بلوچستان کے زیر اہتمام منعقدہ خصوصی انٹرا ایکٹو سیشن کے موقع پر قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

کوئٹہ: آرچر روڈ کمرشل پلازہ منصوبے کا جائزہ، قانونی تقاضوں اور سکھ برادری کے تحفظات پر غور

متروکہ اوقاف اراضی پر تعمیراتی کام رکوا دیا گیا، کمشنر کی مکمل قانونی دستاویزات طلب

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر صدارت آرچر روڈ پر متروکہ اوقاف املاک بورڈ کی اراضی پر زیر تعمیر کمرشل پلازہ کے معاملے پر اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں منصوبے سے متعلق قانونی تقاضوں، تعمیراتی اجازت ناموں اور سکھ برادری کے

بقیہ نمبر 06 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی ٹیم بیکریوں کو پروفیشنل ٹیکس کی ادائیگی کیلئے نوٹسز جاری کر رہے ہیں

صحافی نصیر احمد کاکڑ پر مبینہ تشدد انتہائی قابلِ مذمت ہے، فرید احمد بلوچ

گنداخہ (یو این اے) تحصیل پریس کلب گنداخہ کے چیئرمین فرید احمد بلوچ نے سینئر صحافی اور یو این اے کے بیورو چیف نصیر احمد کاکڑ پر مبینہ تشدد اور سنگین نتائج کی دھمکیوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے پولیس اور متعلقہ حکام سے واقعے کا فوری نوٹس لینے اور ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ اپنے ایک جاری بیان میں فرید احمد بلوچ نے کہا کہ اطلاعات کے مطابق نصیر احمد کاکڑ کو ایک گھریلو تنازع کے پرامن تصفیے کے سلسلے میں باری کاکڑ نامی شخص نے دیگر افراد کے ہمراہ بلوایا تھا، جہاں مبینہ طور پر ان کے ساتھ بدترین تشدد کیا گیا اور انہیں سنگین نتائج کی دھمکیاں دی گئیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ صحافی معاشرے میں حقائق عوام تک پہنچانے اور

بقیہ نمبر 09 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کے میڈیکل کالجز میں داخلے کیلئے ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ 2 0 ستمبر کو منعقد ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے میڈیکل کالجز میں داخلے کیلئے ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ 20 ستمبر کو منعقد ہوگا، ٹیسٹ کیلئے کوئٹہ اور اسلام آباد میں مراکز بنائے گئے ہیں موبائل فون اور الیکٹرونک آلات لانے ممنوع قرار دیا گیا۔ بولان یونیورسٹی آف میڈیکل کالج اینڈ ہیلتھ سائنسز کوئٹہ کے وائس چانسلر ڈاکٹر پروفیسر شبیر لہڑی نے بتایا کہ بلوچستان کے میڈیکل کالجز میں داخلے کیلئے ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ 2 0 ستمبر اتوار کو منعقد ہوگا،، بلوچستان کے امیدواروں کیلئے کوئٹہ اور اسلام اباد میں دو مرکز بنائے گئے ہیں جس میں بیک وقت ٹیسٹ ہوگا، ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ کیلئے کوئٹہ کی بیوٹمز یونیورسٹی میں بنائے گئے مرکز میں 9200 امیدار اور اسلام اباد میں 721 امیدوار ٹیسٹ دیں گے۔ ڈاکٹر پروفیسر

بقیہ نمبر 11 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان، ڈنمارک کا تجارت، آئی ٹی، توانائی تعاون بڑھانے پر اتفاق

ڈنمارک کی سفیر ماجا ڈیروس مورٹینسن کی مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز عالم شاہ سے ملاقات

کوئٹہ (پ ر) پاکستان میں تعینات ڈنمارک کی سفیر ماجا ڈیروس مورٹینسن نے حکومت پاکستان کے مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز شاہ سے ملاقات کی۔ انتہائی خوشگوار ماحول میں ہونے والی ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، گرین انرجی، موسمیاتی

بقیہ نمبر 03 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ظہور احمد بلیدی سے پالیمانی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی حاجی عبدالمجید بادینی ملاقات کر رہے ہیں

جعفر آباد میں 72 ہزار 886 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر

ڈپٹی کمشنر خالد خان نے بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر انسدادِ پولیو مہم کا آغاز کر دیا

جعفر آباد (خ ن) جعفر آباد ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر ضلع بھر میں انسدادِ پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا، مہم کے دوران ضلع بھر میں 72 ہزار 886 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ اس موقع پر

بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

گوادر رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ ڈائریکٹر جنرل فشریز بلوچستان عتیق سے ان کے دفتر میں ملاقات کر رہے ہیں

چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مرزا اعزاز بیگ سے صوبائی وزیر ایکسائز ٹیکسیشن حاجی محمد خان لہڑی اور صوبائی مشیر عبدالمجید بادینی ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ گرین بس سروس کی بہتری، 17 مزید الیکٹرک بسیں جلد شامل کرنے کا اعلان

گرین بس اسٹاپس پر سہولیات، لائیو لوکیشن اور موبائل ایپ متعارف کرانے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر صدارت کوئٹہ گرین بس میں سہولیات کی فراہمی اور بہتری کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی، سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کوئٹہ نعمت اللہ ترین، متعلقہ

بقیہ نمبر 27 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

خضدار، کلرکس ہاؤسنگ سکیم پر قبضہ کی کوشش کسی صورت قبول نہیں، سکندر علی لہڑی

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن بلوچستان کے صوبائی صدر حاجی سکندر علی لہڑی جنرل سیکرٹری ملک امیرزادہ علیزئی سینئر نائب صدر اول شا

بقیہ نمبر 28 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب غلام سرور بروہی 7 4 ویں ایم سی ایم سی کورس کے شرکاء کو وفاقی محتسب کی کارکردگی کے حوالے سے لیکچر دے رہے ہیں

زرغون ہاؤسنگ کے پارکس کی ٹینڈرنگ کسی صورت قبول نہیں، منصور خان اچکزئی

پارک رہائشیوں کی اجتماعی سہولت، تجارتی سرگرمیوں کیلئے استعمال کی اجازت نہیں دی جاسکتی

کوئٹہ (این این آئی) زرغون ہاؤسنگ ویلفیئر ایسوسی ایشن کے صدر منصور خان اچکزئی نے کہا ہے کہ اسکیم کے پارکس کی ٹینڈرنگ کسی صورت قابل قبول نہیں۔ پارک کسی فرد، افسر یا ادارے کی ذاتی ملکیت نہیں بلکہ اسکیم کے رہائشیوں کی اجتماعی سہولت اور حق ہیں،

بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

خضدار، ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی منعقدہ پروگرام میں پریس بریفنگ دے رہے ہیں اس موقع پر سیاسی عمائدین وصحافی برادی بڑی تعداد میں موجود تھے

ہائی کورٹ کے فیصلے کے باوجود سبی کے صارفین گیس بلوں میں ریلیف سے محروم

سبی (نامہ نگار) سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے سبی کے گیس صارفین کی مشکلات میں اضافہ کر دیا گیا صبح دوپہر شام کو صرف ایک گھنٹے گیس کی سپلائی سمیت گیس پریشر کی کمی سے امور خانہ داری بری طرح متاثر بلوچستان ہائی کورٹ کے فیصلے کے باوجود سبی کے صارفین کو گیس کے بلوں میں ریلیف نہ مل سکا سبی میں وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے سبی میں لگائی جانے والی کھلی کچہری میں عوام کی گیس کے حوالے سے شکایات کا ازالہ بھی نہ ہوسکا۔ تفصیلات کے مطابق سوئی سدرن گیس کمپنی سبی کی جانب سے سبی کے گیس صارفین کی مشکلات میں دن بدن اضافہ ہونے لگا شدید گرمی کے باوجود سبی میں سارفین کو ناشتہ کی تیاری کے لئے صرف ایک گھنٹہ جبکہ دوپہر اور شام کے کھانے کی تیاری کے

بقیہ نمبر 25 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

ایک سال میں 190 کمیونٹی اسکول فعال

خضدار میں ناخواندگی کیخلاف تاریخی اقدام

10 ہزار بچے زیور تعلیم سے آراستہ

بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن (BEF) نے ضلع بھر میں ایک بڑا تعلیمی نیٹ ورک کھڑا کر دیا ہے۔ ان اسکولوں میں براہ راست 10 ہزار کے لگ بھگ بچے اور بچیاں زیور علم سے منور ہو رہی ہیں

221 اساتذہ میں سے 150 اساتذہ کو باقاعدہ پروفیشنل ٹریننگ دی جا چکی ہے جبکہ 71 اساتذہ کی ٹریننگ کا عمل جاری ہے تاکہ تعلیم کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ ہو

خضدار (این این آئی) بلوچستان کے ضلع خضدار میں ناخواندگی کے خاتمے اور اسکولوں سے باہر بچوں کو تعلیم کے دھارے میں لانے کے لیے گزشتہ ایک سال کے دوران انقلابی اقدامات کیے گئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن، چیف سیکرٹری بلوچستان اور سیکرٹری اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ حکومت بلوچستان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی کاوشوں سے بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن (BEF) نے ضلع بھر میں ایک بڑا تعلیمی نیٹ ورک کھڑا کر دیا ہے۔ بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے

بقیہ نمبر 12 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

بی این پی مستونگ کی نیشنل پارٹی کے احتجاج اور دھرنے کی مکمل حمایت

مستونگ (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی ضلع مستونگ کے ترجمان نے نیشنل پارٹی مستونگ کی جانب سے عوامی مسائل کے حل کے لیے 17 ستمبر صبح کو سلطان شہید چوک پر منعقد کیے جانے والے احتجاج اور دھرنے کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے بلوچستان نیشنل پارٹی کے عہدیداروں، ورکروں اور مستونگ کے عوام سے اپیل ہے کہ

بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان بزرگ وسنئیر ہاکر کو اعلیٰ خدمات سرانجام دینے پر اپنے ذاتی خرچ سے سائیکل دے رہے ہیں

بیکریوں اور مٹھائی کی دکانوں کو پروفیشنل ٹیکس کی رجسٹریشن و ادائیگی کے نوٹسز

بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی کارروائی، کاروباری افراد کو ٹیکس قوانین پر بروقت عملدرآمد کی ہدایت

چمن (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وزیرِ خزانہ میر شعیب نوشیروانی کے وژن کے تحت، چیئرپرسن بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی ہدایات پر

بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

سبی میں بجلی صارفین کی شکایات کا بروقت ازالہ، کنڈا سسٹم کے خاتمے کا عزم

سبی (نامہ نگار) ایکسین واپڈا انجینئر میر ظفر علی جھلگری نے کہا ہے کہ واپڈا صارفین کو درپیش مسائل کے خاتمہ کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے صارفین کی شکایات کو بروقت دور کریں گے واپڈا صارفین کی ذمے داری ہے کہ وہ اپنے ماہانہ بلوں سمیت بقایاجات کو بروقت جمع کر کے ذمے داری کا مظاہرہ کریں بجلی کی چوری کی روک تھام کنڈا سسٹم کے مکمل خاتمہ کے لئے چھاپہ مار ٹیمیں اپنی ذمے داریاں احسن انداز سے سرانجام دیکر واپڈا کا مورال بلند کریں ان خیالات کا اظہار انہوں

بقیہ نمبر 14 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

گوادر، بیجنگ گوادر چیمبر کے صدر جہند ہوت کی OIG کے وائس پریذیڈنٹ بن بن یانگ سے ملاقات گوادر میں سی فوڈ، کولڈ اسٹوریج اور برآمدی شعبے میں سرمایہ کاری کے موقع پر گفتگو کے بعد گروپ

سعودی عرب کی سلامتی پر حملہ پوری امتِ مسلمہ پر حملہ ہے

مسلم ممالک متحد ہو کر مضبوط اسلامی بلاک بنائیں۔ صدیق مدنی

چمن (پ ر) بلوچستان کے معروف دینی درسگاہ مدرسہ عربیہ بحرالعلوم محلہ مولوی فتح محمد چمنی نور اللہ مرقدہ گھوڑا ہسپتال روڈ چمن میں منعقدہ ایک تقریب سے جمعیت علماء اسلام کے رہنما اور سابق ممبر یوتھ پارلیمنٹ حافظ محمد صدیق مدنی، حافظ

بقیہ نمبر 16 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کبریٰ یسین کا ماہانہ بینوولنٹ فنڈ جاری

کوئٹہ (پ ر) درخواست گزار کبریٰ یسین نے بتایا کہ انہوں نے بینوولنٹ فنڈ کی ادائیگی کے لیے متعلقہ محکمے کو کئی بار درخواست دی لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رابطہ کیا اور متعلقہ محکمے کی عدم توجہی اور تاخیر کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی

بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

Quetta Press Club
کوئٹہ پریس کلب

کوئٹہ، پاکستان جرنلسٹس آگاہی مہم کے سلسلے میں صدر محمد انیس جمالی شاہد مگسی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

تربت، اسسٹنٹ کمشنر بوبکر میر روائی ٹیچنگ ہسپتال تربت کا دورہ کر رہے ہیں

سبی میونسپل کمیٹی کے سینکڑوں ملازمین تنخواہوں سے محروم، مالی بحران شدت اختیار کر گیا

سبی (نامہ نگار) میونسپل کمیٹی کے سینکڑوں ملازمین ماہانہ تنخواہوں سے محروم کنٹی جنسی فنڈز سے بند ملازمین سمیت میونسپل کمیٹی سبی شدید مالی بحرانوں کا شکار پیٹرول کی مد میں لاکھوں روپے کے مقروض جبکہ ملازمین کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے اسکولوں کی فیسوں سمیت غمی خوشی میں بھی ملازمین ادھار لینے پر مجبور مہنگائی کا جن بھی بے

بقیہ نمبر 23 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

شیر عالم خلجی
ظلم
خلاف

کوئٹہ، خلجی قبائل کے معتبرین شیر عالم خلجی کی عدم بازیابی کے سلسلے میں صادق خان خلجی، جمعہ خان خلجی، وزیر خان خلجی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

لاک ڈاؤن کسی صورت قبول نہیں، تاجروں پر پابندیاں ناقابل برداشت ہیں کاشف حیدری

تاجر پہلے ہی مہنگائی، بجلی و گیس کے بھاری بلوں، ٹیکسز کے بوجھ تلے دبے ہیں

حکومت غیر ضروری اخراجات کم کریں، جبری لاک ڈاؤن مسلط کیا گیا تو خاموش نہیں بیٹھیں گے، وفد سے گفتگو

کوئٹہ (پ ر) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے واضح مؤقف کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ تاجر برادری کسی بھی صورت میں لاک ڈاؤن قبول نہیں کرے گی، کاروباری مراکز اور مارکیٹیں بند کرنے کی کسی بھی تجویز کو مسترد کرتے ہیں، کیونکہ پہلے ہی مہنگائی، بجلی و گیس کے بھاری بلوں، ٹیکسز، کم ہوتی قوت خرید اور کاروباری

بقیہ نمبر 24 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

گوادر، تحصیلدار نور خان بلوچ کی نگرانی میں پرائس کنٹرول کمیٹی کی ٹیم اور ماڑہ ٹاؤن میں مارکیٹوں کا جائزہ لے رہے ہیں

صفا کوئٹہ روزانہ 14 ٹن کچرا ٹھکانے لگا رہا ہے

123 پرانے ڈمپنگ پوائنٹس ختم کیے گئے

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر صدارت شہر میں صفائی کی صورتحال کے حوالے سے اجلاس منعقد، ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن، سی ای او صفا کوئٹہ و دیگر شریک

اجلاس میں شہر کی صفائی، کچرے کو ٹھکانے لگانے، ڈور ٹو ڈور ویسٹ کلیکشن، ڈرینج کی صفائی اور شہری شکایات کے ازالے سمیت مختلف امور کا جائزہ لیا گیا

صفاء کوئٹہ اس وقت روزانہ تقریباً14 1 ٹن کچرا اٹھا کر ٹھکانے لگا رہا ہے کوئٹہ کے تمام8 5 وارڈز میں سویپنگ، صفائی ستھرائی، کچرے کو اٹھانے اور ڈرینج کی صفائی کا کام جاری ہے

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر صدارت سولڈ ویسٹ مینجمنٹ اور شہر میں صفائی کی صورتحال کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں شہر کی صفائی، کچرے کو ٹھکانے لگانے، ڈور ٹو ڈور ویسٹ کلیکشن، ڈرینج کی صفائی اور شہری شکایات کے ازالے سمیت مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن بشیر احمد بڑیچ،

بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

بھاگناڑی، مہنگائی میں ہوش ربا اضافہ آٹا چینی دالیں سبزیاں عوام کی پہنچ سے دور

بھاگناڑی (نامہ نگار) مہنگائی میں ہوش ربا اضافہ آٹا چینی دالیں سبزیاں اور گوشت کی قیمتیں شہریوں کی دسترس سے باہر پرائس کنٹرول کمیٹی غائب مصنوعی مہنگائی سے شہری پریشان رپورٹ کے مطابق ذخیرہ اندوزوں اور گرانفروشوں نے مصنوعی مہنگائی کر کے اشیاء خورد و نوش و ضروریہ کے من مانے مقرر کر رکھے

بقیہ نمبر 31 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

پسنی، محکمہ زراعت توسیع کے جانب سے ناریل فارم پسنی میں پانی کی بہتر فراہمی اور ذخیرہ کاری کیلئے نئے واٹر چیمبرز اور پانی کے ٹینک کی تعمیر مکمل کر لی گئی

دالبندین پریس کلب کا سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ پر تشدد کی شدید مذمت

دالبندین (یو این اے) دالبندین پریس کلب کے ترجمان نے سینئر صحافی اور یو این اے کے بیورو

بقیہ نمبر 22 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

گوادر، اسسٹنٹ کمشنر رومیل نعیم جان گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول سربندن میں طالبات کو سائنس کے مضامین پڑھا رہے ہیں

سیکرٹری لائیو اسٹاک صالح بلوچ مالداری کے شعبے میں نمایاں کام کرینگے، اکرم بنگلزئی

جس انداز میں بھاگ دوڑ سنبھالی اس سے اصلاحات کا راستہ ہموار ہوگا

کوئٹہ (پ ر) مالداری کے شعبے سے وابستہ اکرم بنگلزئی اور گل حسن دشتی نے جاری کردہ مشترکہ بیان میں سیکرٹری لائیو اسٹاک صالح بلوچ کی

بقیہ نمبر 19 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

بیلا، سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ پر مسلح افراد کا تشدد انتہائی قابلِ مذمت ہے،

بیلا (یو این اے) عوامی پریس کلب (رجسٹرڈ) بیلا کی جانب سے سینئر صحافی اور یو این اے کے بیورو

بقیہ نمبر 29 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

ہیپاٹائٹس کا خاتمہ ڈاکٹر امیر علی بگٹی کا مشن اور ضد ہے، ٹکری سرور بنگلزئی

صوبائی کوارڈینیٹر نے ہیپاٹائٹس کنٹرول پروگرام کا جال 6 3 اضلاع میں بچھایا

کوئٹہ (پ ر) قبائلی رہنما ٹکری غلام سرور بنگلزئی اور سعید انور دینارزئی نے جاری کردہ مشترکہ بیان میں صوبائی کوارڈینیٹر ہیپاٹائٹس کنٹرول پروگرام ڈاکٹر امیر خان بگٹی کے اقدامات اور عزم کو سراہتے ہوئے کہا کہ موصوف محنت اور جان

بقیہ نمبر 21 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

روزنامہ باخبر کوئٹہ
THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
چیف ایگزیکٹو پرنٹر پبلشر شاہ آغا سی نے آریانہ پرنٹرز زینب چیمبر
شارع عدالت کوئٹہ سے چھپوا کر روزنامہ باخبر کے دفتر زینب چیمبر
شارع عدالت کوئٹہ سے شائع کیا بانی اکرم اللہ خان

روزنامہ ''باخبر'' کوئٹہ 18 ستمبر 2026ء

برآمدات میں اضافے کے لیے حکومتی اقدامات

وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے برآمدی صنعتوں کے لیے جدید ٹیکنالوجی، تحقیق اور جدت کو فروغ دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی مصنوعات کے معیار کو عالمی معیار کے مطابق بنانے، کوالٹی اشورنس کے نظام کو موثر بنانے اور بین الاقوامی معیار وضوابط پر مکمل عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔ برآمدات میں ویلیو ایڈیشن پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ عالمی منڈی میں پاکستانی مصنوعات کی قدر اور مسابقت میں اضافہ ہو۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ملکی برآمدات بڑھانے اور معاشی ترقی کی رفتار تیز کرنے کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا جس میں وزیر اعظم نے کہا کہ برآمدات میں اضافے کو ملکی معاشی ترقی کی بنیاد بنایا جائے اور روایتی شعبوں کے ساتھ ساتھ مزید صنعتوں کو بھی عالمی منڈیوں میں برآمدات کے لیے تیار کیا جائے۔ تجارت کو متنوع بنانے کے لیے زیادہ سے زیادہ شعبوں اور صنعتوں کو برآمدی سرگرمیوں میں شامل کیا جائے۔ انھوں نے برآمدی صنعتوں کے لیے جدید ٹیکنالوجی، تحقیق اور جدت کے فروغ کے ساتھ ساتھ ڈیجیٹلائزیشن اور جدید ٹیکنالوجی سے بھرپور استفادے کی بھی ہدایت کی۔ برآمد کنندگان کو درپیش انتظامی اور کاروباری رکاوٹیں دور کرکے برآمدی عمل کو مزید آسان، تیز اور شفاف بنانے پر بھی زور دیا گیا۔ حکومت برآمدات بڑھانے اور ملکی معیشت کو مضبوط بنانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے لیکن صرف ان اقدامات سے مطلوبہ نتائج حاصل نہیں کیے جاسکتے۔ برآمدات میں اضافے اور معاشی استحکام کے لیے سازگار کاروباری ماحول بھی ضروری ہے جس میں امن وامان کی بہتر صورتحال، سرخ فیتے کی رکاوٹوں کا خاتمہ اور کاروباری معاملات میں آسانی شامل ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ صنعتوں کے لیے توانائی کی وافر فراہمی کے ساتھ ساتھ اس کی مناسب اور سستی قیمت بھی یقینی بنانا ضروری ہے۔ اگر ہم ایک عام شہری کی زندگی پر نظر ڈالیں تو اس کے لیے موجودہ حالات میں گھر کے اخراجات پورے کرنا، گاڑی یا موٹر سائیکل چلانا اور روزمرہ کی ضروریات پوری کرنا کس قدر مشکل ہے، اس کا اندازہ لگانا مشکل نہیں۔ پٹرول کی قیمتیں، بجلی کے بل، گھر کا راشن اور دیگر بنیادی ضروریات عام آدمی کی آمدنی پر مسلسل دباو ڈال رہی ہیں۔ ایک شخص جو 40 ہزار روپے ماہانہ کماتا ہے وہ اپنے گھر کا خرچ پورا کرے، بچوں کی ضروریات پوری کرے، سواری کے لیے پٹرول خریدے یا بجلی کے بھاری بل ادا کرے؟ مسئلہ صرف اخراجات تک محدود نہیں بلکہ بجلی کی عدم دستیابی بھی عام آدمی کی زندگی کو متاثر کرتی ہے۔ ایک مزدور یا ملازم صبح سویرے کام پر جانے کے لیے رات کو آرام اور نیند کا محتاج ہوتا ہے۔ اگر بجلی نہ ہو اور گرمی کے باعث اس کی نیند پوری نہ ہو سکے، تو وہ اگلے دن کس طرح پوری توانائی کے ساتھ کام کرے گا؟ برآمدات میں اضافہ اور ملکی معیشت کی مضبوطی دونوں ایک دوسرے سے باہم مربوط ہیں۔ برآمدات میں اضافے کے لیے حکومت کو خصوصی طور پر برآمد کنندگان کے لیے ایک ایسا سازگار ماحول پیدا کرنا ہوگا جہاں وہ عالمی مارکیٹ میں موجود سخت مسابقت کا موثر انداز میں مقابلہ کرسکیں۔ آج دنیا بھر میں ہر شعبے اور ہر معاملے میں مسابقت موجود ہے لیکن ہمارے ہاں صنعتوں کو توانائی کی بلند قیمتوں، مہنگے پٹرول اور گیس کے نرخوں کے ساتھ ساتھ بھاری ٹیکسوں کا بھی سامنا ہے۔ اس کے علاوہ کرپشن، رشوت اور غیر ضروری انتظامی رکاوٹیں بھی کاروباری سرگرمیوں کو متاثر کرتی ہیں۔ دنیا کے کئی ممالک میں توانائی نہ صرف وافر مقدار میں دستیاب ہے بلکہ اس کی قیمتیں بھی پاکستان کے مقابلے میں نمایاں طور پر کم ہیں۔ ایسے حالات میں پاکستانی برآمد کنندگان عالمی مارکیٹ میں ان ممالک کی مصنوعات کا مقابلہ کیسے کرسکتے ہیں؟ حکومت کو یہ سمجھنا ہوگا کہ صرف برآمدات بڑھانے کی ہدایات جاری کرنے سے مطلوبہ نتائج حاصل نہیں ہوں گے بلکہ اس کے لیے عملی سہولتیں اور سازگار کاروباری ماحول فراہم کرنا بھی ضروری ہے۔ اگر پاکستان میں توانائی کی قیمتوں، ٹیکسوں، کرپشن اور انتظامی رکاوٹوں کے مسائل حل نہ کیے گئے اور صنعتوں کو دیگر مسابقتی ممالک کے برابر سہولتیں فراہم نہ کی گئیں تو برآمدات میں متوقع اضافہ ایک خواب ہی رہے گا۔

ہیکنگ سے بلیک میلنگ تک، قانون کیا کہتا ہے؟

تحریر: انجینئر بخت سید یوسفزئی

سائبر کرائم آج کے دور کا ایک ایسا خطرہ بن چکا ہے جو خاموشی سے ہر گھر، ہر موبائل فون اور ہر انٹرنیٹ صارف تک پہنچ رہا ہے۔ پاکستان میں انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا کے بڑھتے ہوئے استعمال نے جہاں زندگی کو آسان بنایا ہے، وہیں جرائم کی ایک نئی دنیا بھی جنم لے چکی ہے۔ بہت سے لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ آن لائن کی گئی ہر حرکت گمنام رہتی ہے، حالانکہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔

پاکستان میں سائبر جرائم کی روک تھام کے لیے الیکٹرانک جرائم سے متعلق قوانین موجود ہیں جن کا مقصد شہریوں کے ڈیجیٹل حقوق کا تحفظ اور آن لائن جرائم کی حوصلہ شکنی کرنا ہے۔ ان قوانین کے تحت مختلف قسم کے جرائم کے لیے جرمانوں اور قید کی سزائیں مقرر کی گئی ہیں تاکہ انٹرنیٹ کو محفوظ بنایا جاسکے۔

سائبر کرائم سے مراد ایسا کوئی بھی غیر قانونی عمل ہے جو کمپیوٹر، موبائل فون، انٹرنیٹ یا کسی ڈیجیٹل نظام کے ذریعے کیا جائے۔ اس میں کسی کا اکاؤنٹ ہیک کرنا، جعلی سوشل میڈیا پروفائل بنانا، نجی معلومات چوری کرنا، مالی فراڈ، آن لائن ہراسانی اور بلیک میلنگ جیسے جرائم شامل ہیں۔

بہت سے افراد یہ سمجھتے ہیں کہ صرف بینک اکاؤنٹ ہیک کرنا ہی سائبر کرائم ہے، لیکن حقیقت میں کسی کی اجازت کے بغیر اس کے موبائل، کمپیوٹر، ای میل یا سوشل میڈیا اکاؤنٹ تک رسائی حاصل کرنا بھی ایک سنگین جرم ہے، چاہے اس سے مالی نقصان ہوا ہو یا نہیں۔

پاکستان کے الیکٹرانک جرائم سے متعلق قانون کے تحت کسی بھی کمپیوٹر سسٹم، موبائل فون، سرور یا ڈیجیٹل اکاؤنٹ تک غیر مجاز رسائی حاصل کرنا قابل سزا جرم ہے۔ اگر کوئی شخص دوسروں کے ڈیٹا میں مداخلت کرتا ہے یا اسے نقصان پہنچاتا ہے تو اس کے خلاف قانونی کارروائی کی جاسکتی ہے۔

ہیکنگ آج کے دور کا سب سے عام سائبر جرم بن چکی ہے۔ بعض لوگ دوسروں کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس، ای میلز یا کاروباری نظام میں غیر قانونی طریقے سے داخل ہو کر معلومات چوری کرتے ہیں، جبکہ کچھ لوگ صرف تفریح یا شہرت کے لیے بھی ایسے اقدامات کرتے ہیں، مگر قانون کی نظر میں یہ بھی جرم ہے۔

جعلی سوشل میڈیا اکاؤنٹس بنانا بھی ایک خطرناک رجحان بنتا جا رہا ہے۔ کسی دوسرے شخص کے نام، تصویر یا شناخت کا استعمال کر کے جعلی پروفائل بنانا نہ صرف اخلاقی طور پر غلط ہے بلکہ قانونی طور پر بھی سنگین جرم شمار کیا جا سکتا ہے، خاص طور پر اگر اس کے ذریعے دھوکہ دہی یا بدنامی کی جائے۔

شناخت کی چوری یا آئیڈینٹیٹی تھیفٹ کے واقعات بھی تیزی سے بڑھ رہے ہیں۔ مجرم کسی کی ذاتی معلومات، شناختی کارڈ، تصاویر یا دیگر دستاویزات استعمال کر کے مالی فراڈ، جعلی رجسٹریشن یا غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہو سکتے ہیں، جس کے سنگین نتائج متاثرہ شخص کو بھگتنا پڑ سکتے ہیں۔

سوشل میڈیا پر کسی کو مسلسل دھمکیاں دینا، نازیبا پیغامات بھیجنا، تعاقب کرنا یا ذہنی دباؤ میں مبتلا کرنا سائبر اسٹاکنگ کہلاتا ہے۔ خواتین، نوجوانوں اور بچوں کو اس جرم کا سب سے زیادہ سامنا کرنا پڑتا ہے، اسی لیے ایسے معاملات میں فوری قانونی مدد حاصل کرنا ضروری ہے۔

آن لائن بلیک میلنگ بھی ایک تشویشناک مسئلہ ہے۔ بعض مجرم نجی تصاویر، ویڈیوز یا ذاتی معلومات حاصل کر کے متاثرہ شخص سے رقم، مزید تصاویر یا دیگر ناجائز مطالبات کرتے ہیں۔ ایسے مجرم اکثر خوف اور خاموشی کا فائدہ اٹھاتے ہیں۔

کسی کی نجی تصاویر یا ویڈیوز اس کی اجازت کے بغیر شیئر کرنا یا انہیں سوشل میڈیا پر پھیلانا نہ صرف اخلاقی جرم ہے بلکہ قانونی طور پر بھی سخت کارروائی کا باعث بن سکتا ہے۔ ڈیجیٹل دنیا میں ہر شخص کی نجی زندگی کا احترام کرنا ہر صارف کی ذمہ داری ہے۔

ڈیٹا چوری بھی سائبر جرائم کی ایک اہم قسم ہے۔ اگر کوئی شخص کسی کمپنی، ادارے یا فرد کی معلومات بغیر اجازت حاصل کرتا ہے، انہیں کاپی کرتا ہے یا کسی اور کو فراہم کرتا ہے تو وہ قانونی کارروائی کی زد میں آسکتا ہے۔

کئی افراد غیر قانونی سافٹ ویئر، ہیکنگ ٹولز یا مشکوک موبائل ایپلی کیشنز استعمال کرتے ہیں، بغیر یہ جانے کہ ان میں سے بعض خود بھی قانون کی خلاف ورزی کا سبب بن سکتی ہیں یا ان کے ذریعے صارف کا ذاتی ڈیٹا چوری کیا جاسکتا ہے۔

یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیے کہ سائبر کرائم صرف کمپیوٹر ماہرین تک محدود نہیں۔ ایک عام موبائل صارف بھی اگر جان بوجھ کر کسی دوسرے کی نجی معلومات شیئر کرے، جعلی اکاؤنٹ چلائے یا کسی کو آن لائن ہراساں کرے تو وہ قانون کے مطابق ذمہ دار ٹھہرایا جاسکتا ہے۔

اگر کوئی شخص سائبر جرم کا شکار ہو جائے تو اسے خاموش رہنے کے بجائے تمام شواہد محفوظ کرنے چاہئیں۔ اسکرین شاٹس، چیٹ ریکارڈ، ای میلز، لنکس اور متعلقہ معلومات بعد میں قانونی کارروائی میں اہم کردار ادا کرسکتی ہیں۔

پاکستان میں سائبر جرائم کی شکایات درج کرانے کے لیے متعلقہ اداروں سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ متاثرہ افراد آن لائن پورٹل، ہیلپ لائن یا قریبی متعلقہ دفتر کے ذریعے اپنی شکایت درج کرا سکتے ہیں تاکہ بروقت تحقیقات کا آغاز ہو سکے۔

والدین کی بھی اہم ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے بچوں کو محفوظ انٹرنیٹ استعمال کرنے کی تربیت دیں۔ بچوں کو یہ سمجھانا ضروری ہے کہ وہ اجنبی افراد سے بات چیت، ذاتی معلومات کی شیئرنگ یا مشکوک لنکس پر کلک کرنے سے گریز کریں۔

ہر انٹرنیٹ صارف کو مضبوط پاس ورڈ استعمال کرنے چاہئیں، دو مرحلہ جاتی تصدیق (Two-Factor Authentication) فعال رکھنی چاہیے اور اپنے موبائل یا کمپیوٹر کا سافٹ ویئر باقاعدگی سے اپ ڈیٹ کرنا چاہیے تاکہ سیکیورٹی خطرات کم کیے جاسکیں۔

اسی طرح عوام کو چاہیے کہ وہ غیر مصدقہ ویب سائٹس، مشکوک ای میلز، جعلی انعامات، قرضوں یا ملازمت کی پیشکشوں پر فوری یقین نہ کریں کیونکہ یہی طریقے اکثر سائبر مجرم لوگوں کو اپنے جال میں پھنسانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

کاروباری اداروں کے لیے بھی سائبر سیکیورٹی اب ایک ضرورت بن چکی ہے۔ ملازمین کی تربیت، محفوظ نیٹ ورک، ڈیٹا بیک اپ اور مناسب حفاظتی اقدامات نہ صرف مالی نقصان سے بچاتے ہیں بلکہ صارفین کا اعتماد بھی برقرار رکھتے ہیں۔

قانون صرف مجرموں کو سزا دینے کے لیے نہیں بلکہ شہریوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے بھی موجود ہے۔ اگر ہر فرد اپنی ذمہ داری کو سمجھے اور قانون کی پاسداری کرے تو سائبر جرائم میں نمایاں کمی لائی جاسکتی ہے۔

ڈیجیٹل دنیا میں آزادی کے ساتھ ذمہ داری بھی ضروری ہے۔ ایک معمولی لاپروائی کسی شخص کی عزت، مالی حالت یا نجی زندگی کو شدید نقصان پہنچا سکتی ہے، جبکہ ایک ذمہ دار رویہ خود کو اور دوسروں کو محفوظ رکھ سکتا ہے۔

آج کی ضرورت یہی ہے کہ ہر شہری سائبر قوانین سے آگاہ ہو، اپنی آن لائن سرگرمیوں میں احتیاط اختیار کرے، دوسروں کی رازداری کا احترام کرے اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ اداروں کو دے۔ محفوظ ڈیجیٹل پاکستان اسی وقت ممکن ہے جب قانون، آگاہی اور ذمہ دارانہ رویہ ایک ساتھ آگے بڑھیں۔

ٹائر برسٹ ہونے کے بعد

تحریر: الیاس محمد حسین

اکثر کار کا ٹائر برسٹ ہونے کے بعد پیش آنے والا حادثہ بہت افسوناک ہوتا ہے گاڑی کی سپیڈ اس وقت 100 کلومیٹر فی گھنٹہ کے قریب ہوتی ہے اور ڈرائیور پیشہ ورانہ مہارتوں سے پوری طرح آشنا نہ ہو تو بہت جانی و مالی نقصان ہوجاتا ہے اس لئے ٹریفک قوانین کے ساتھ ساتھ ڈرائیونگ کی سائنس سے واقفیت ضروری ہے لمبی ڈرائیونگ کے دوران ٹائر برسٹ ہونے کے بعد گاڑی کا اس طرف کھچاؤ بہت زیادہ ہوتا ہے اور اکثر ڈرائیور اس کھچاؤ کو روکنے میں ناکام ہوجاتے ہیں کتنے ہی بڑے بڑے لوگ ہیں کہ جوان ڈرائیورز کی غلطیوں کی بھینٹ چڑھے ہیں کہ جو نہیں جانتے کہ گاڑی کا ٹائر برسٹ ہونے کے بعد ایک ڈرائیور کا Respond کیا ہوتا ہے۔ ہمیں یہ میسج ان تمام ڈرائیورز تک پہنچانا ہے کہ جو ہمارے فیملی ڈرائیورز ہیں۔۔۔ پبلک ، پرائیویٹ سیکٹر کے اداروں میں ڈرائیونگ کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں یا پھر وہ ٹیکسی ڈرائیورز ہیں۔۔ جن کو ہم وقتی سروسز کے لئے ہائر کرتے ہیں۔ گاڑی کا ٹائر برسٹ ہونے کے بعد۔۔۔ بریک ہرگز اپلائی نہیں کرنی چاہیے۔ گاڑی کے کھنچاؤ کو روکنا، اپ کی اولین ترجیح ہوتی ہے۔ دونوں ہاتھوں کی گرفت سے۔ سٹیرنگ کو مضبوطی سے سنبھالیں اور گاڑی کو اسی لین میں رکھنے کی بھرپور کوشش کریں جس لین میں گاڑی کا ٹائر برسٹ ہوا ہے۔ اپ دیکھیں گے کہ 10 سے 15 سیکنڈ کے میں گاڑی انتہائی کھچاؤ سے نکل ائے گی۔۔ اور اپ مزید ایک بہت بڑے حادثے سے بچ جائیں گے۔ یہ بات بھی ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ گاڑی کا ٹائر برسٹ ہونے کے بعد اگر اپ نے بریک اپلائی کی تو گاڑی کنٹرول لیس ہونے کے بعد الٹ جائے گی جس میں بچنے کے امکانات بہت کم ہوتے ہیں۔ ٹائرز کے اندر ہوا کے دباؤ پہ کبھی بھی کمپرومائز نہ کریں۔ جب آپ موٹروے پہ ایک لمبا سفر کرتے ہیں، سفر کرنے شروع کرنے سے پہلے ہوا کا دباؤ چیک کروائیں اور ایک سو کلومیٹر کا سفر طے کرنے کے بعد پھر کسی ٹائر شاپ پہ رک کے، ہوا کا دباؤ دوبارہ چیک کروائیں کیونکہ مسلسل سفر سے ٹائرز میں ہوا کا دباؤ بڑھ جاتا ہے جو ٹائر پھٹنے جیسے حادثات کو جنم دیتا ہے۔ ٹائر ہمیشہ بہترین کوالٹی کے استعمال کریں، گھسے ہوئے ٹائر، سمگل شدہ ٹائر استعمال شدہ ٹائرز اور expired ٹائرز ہرگز استعمال نہ کریں، اپ کی جان بہت قیمتی ہے۔ یہ بات کبھی نہ بھولیں کہ ٹائر برسٹ ہونے کے بعد اپ کی سب سے بڑی ذمہ داری گاڑی کے کھچاؤ کو روکنا ہے اور اس میں اپ سٹیرنگ کو مضبوطی سے grip کر کے اور اپنے اوسان بحال رکھ کے بڑی آسانی سے کر سکتے ہیں۔ تاکہ ٹائر برسٹ ہونے کے بعد ہونے والی قیمتی جانوں کہ ضیاع کو روکا جاسکے آپ نے بہتر مشورہ دیا، لیکن عام اندازے کے مطابق اکثریت ڈرائیورز گاڑی کو بہت ایزی کرکے پکڑے ہوتے ہیں، بلکہ اب تو آٹو سٹور والے اور آن لائن والے ایک موت کی ڈیوائس کی ترغیب دے رہے ہوتے ہیں، میں حیران ہوں نہ پولیس نوٹس لیتی ہے اور نہ ہی کار والے اس کو نوٹ کرتے ہیں وہ ہے RESTARM کی مشہوری اور فروخت، یعنی ہمیں یہ ترغیب دی جاتی ہے کہ یہ آرم ریسٹ لے لیں اور بائیں ہاتھ کو سٹیرنگ سے ہٹا لیں اور اس پر رکھ لیں، حد ہوگئی کل کو کوئی RESTLEG بھی آجائے گا کہ بائیں ٹانگ فارغ پڑی ہے اسے بھی اٹھا کر رکھ لیں، جب ڈرائیور ایک ہاتھ سے اور وہ بھی دو انگلیاں رکھ کر ڈرائیونگ کر رہا ہے تو ایک سیکنڈ میں کیسے گاڑی کو قابو کر سکتا ہے دوسرا ڈرائیونگ سیٹ اکثریت بہت پیچھے کر کے، بازو آگے لمبے کر کے، اور ٹانگیں بھی فل لمبی کر کے چلا رہے ہوتے ہیں، ایسے گاڑی ڈرائیور کے قابو میں نہیں ہوتی میں ہوسکتا درست نہ ہوں مگر اپنا انداز معلومات کے لئے ضروری ہے کہ سیٹ آگے کر کے اتنا قریب بیٹھیں کہ پیٹ سے دو تین انچ پر سٹیرنگ ہو اور دونوں ہاتھوں کو سٹیرنگ پر قابو رکھ کر کراس کی جگہ سے پکڑ کر چلائیں، اور ٹانگ پاؤں اتنی قریب رکھیں کہ ایکسلیٹر اور بریک پیڈل پر رکھتے ایڑی نہیں اٹھاتا، صرف آگے سے پاؤں دائیں بائیں موڑیں تو اس طرح کانفیڈنس سے ڈرائیونگ کی جائے باقی میری توبہ اللہ نے ہمیں ہر قسم کے حادثات سے محفوظ رکھتا ہے اور دعا کو ذہن میں رکھ کر ڈرائیونگ کریں کہ (مفہوم) اللہ پاک ہے جس نے یہ سواری میرے قابو میں کر دی، میں تو قابو نہیں کر سکتا تھا تو جناب گاڑی انسانی کوشش کے مطابق قابو میں ہو اور اللہ کی مدد مانگ کر چلا جائے پھر جو بھی ہوا سے اللہ کی مرضی سمجھنا چاہیے ہم ضروری تدابیر کر کے ہی اپنے آپ اور اپنے پیاروں کو حادثات سے محفوظ رکھنے کی کوشش کر سکتے ہیں۔

مکہ پر حوثی حملہ‘ دفاع نہیں جارحانہ اقدام ضروری

تحریر: مشتاق الرحمٰن

یمن کے حوثی باغیوں کی طرف سے خطے کے اسٹریٹجک مقامات اور کل حرمین شریفین مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے مقدس احاطے کو نشانہ بنانے کے لیے بھیجا جانے والا ڈرون بروقت کارروائی کرتے ہوئے کامیابی سے تباہ کر دیا گیا ہے۔ یہ ناپاک اور بزدلانہ کوششیں علاقائی تنازعات کا تسلسل نہیں ہیں، بلکہ یہ عالمِ اسلام کی روح اور اس کے مرکزِ عقیدت پر براہِ راست وار ہیں۔ اس تازہ واقعے نے دنیا بھر کے کروڑوں مسلمانوں کو ایک بار پھر یہ سوچنے پر مجبور کر دیا ہے کہ امت کے حساس ترین مقامات اب کھلے خطرے کی زد میں ہیں، جن کے دفاع کے لیے روایتی سفارتی طریقوں سے ہٹ کر ایک فیصلہ کن اور عملی لائحہ عمل مرتب کرنے کی ضرورت ہے۔ حرمین شریفین جغرافیائی خطے یا کسی ایک ملک کی حدود کے اندر واقع مقدسات نہیں ہیں، بلکہ یہ دنیا بھر کے پونے دو ارب مسلمانوں کے دلوں کی دھڑکن اور ان کے روحانی مرکز ہیں۔ یہ وہ مقدس مقامات ہیں جن کی طرف روزانہ پانچ وقت کروڑوں انسان اپنے رخ موڑتے ہیں، جن کی حرمت پر کٹ مٹنا ہر مسلمان اپنے ایمان کا بنیادی جزو سمجھتا ہے۔ اسی لیے تاریخ اور شریعت کی رو سے حرمین شریفین کا تحفظ امتِ مسلمہ کی وہ حتمی اور ناقابلِ عبور 'ریڈ لائن' ہے جس پر سمجھوتہ کرنے کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ جو عناصر یا طاقتیں اس مقدس لکیر کو پار کرنے کی جسارت کرتی ہیں، وہ دراصل پوری امت کے عقیدے اور تشخص کو چیلنج کرتی ہیں، اور ایسی جرات کا ارتکاب کرنے والوں کو تاریخ کبھی معاف نہیں کرتی۔ حوثیوں کی جانب سے بارہا سامنے آنے والی یہ حرکات اور کل حرمین شریفین پر ڈرون حملہ کرنے کی ناپاک جسارت اس تلخ حقیقت کو بے نقاب کرتی ہے کہ ان کے اہداف میں سیاسی یا حکومتی رسہ کشی شامل نہیں ہے، بلکہ ان کے عزائم کے پیچھے ایک گہری نظریاتی اور مکارانہ دشمنی کارفرما ہے جو براہِ راست اسلام کے مرکزِ محور کو نشانہ بناتی ہے۔ جب دشمن اس نہج پر اتر آئے کہ وہ مسلم دنیا کے مقدس ترین اثاثوں کو ملیہ میٹ کرنے کی دھمکیاں دے یا عملی اقدامات کرے، تو ایسی صورتحال میں خاموشی، مصلحت پسندی یا صرف مذموم بیانات پر اکتفا کرنا خودکشی کے مترادف بن جاتا ہے۔ یہ ایک ایسا لمحہ فکریہ ہے جہاں ہر سنجیدہ مسلمان، تجزیہ کار اور دینی حلقہ اس بات کا شدت سے احساس کر رہا ہے کہ اب بیٹھ کر تماشا دیکھنے کا وقت ختم ہو چکا ہے۔

اس سنگین چیلنج سے نبرد آزما ہونے کے لیے وقت کا سب سے بڑا اور ناگزیر تقاضا یہ ہے کہ عالمِ اسلام کے بااثر، طاقتور اور کلیدی ممالک بالخصوص پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب فوری طور پر ایک مضبوط جواب دیں جو دفاعی نہیں بلکہ جارحانہ ہو، جو کسی بھی جارح قوت کو یہ سوچنے پر مجبور کر دے کہ حرمین شریفین کی طرف اٹھنے والا ہر ہاتھ کاٹ دیا جائے گا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ مکہ دفاعی معاہدے پر اب فوری عمل درآمد کیا جائے یہی وقت ہے اسلام دشمن حوثیوں کو دبانیکا تاکہ آئندہ حرمین شریفین کو کوء خطرہ نہ ہو

مسلم دنیا کے حکمرانوں اور خصوصاً پاکستان جیسی ایٹمی و عسکری قوت رکھنے والی ریاستوں پر یہ بھاری اخلاقی اور مذہبی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اس معاملے میں خاموش تماشائی بننے کے بجائے عملی قیادت کا ثبوت دیں۔ مسلم امہ کی تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ جب بھی مسلمانوں نے باہمی اتحاد اور بصیرت کا مظاہرہ کیا ہے، دشمن کی ہر چال ناکام ہوگئی ہے۔ آج بھی اگر سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان جیسے بڑے ستون مل کر ایک مشترکہ لائحہ عمل بنالیں، تو دنیا کی کوئی طاقت حرمین شریفین کے تقدس کو پامال کرنے کی جرات نہیں کرسکتی۔

یہ وقت اپنے ذاتی مفادات، وقتی مصلحتوں اور سرد مہری کو دفن کرنے کا ہے۔ حرمین شریفین پر حملے کی کوشش اور اس کے ڈرون کا تباہ کیا جانا اس بات کا کھلا انتباہ ہے کہ خطرے کے بادل ہمارے سروں پر منڈلا رہے ہیں۔ ہمیں دنیا کو یہ واضح پیغام دینا ہوگا کہ حرمین شریفین کا دفاع امتِ مسلمہ کے لیے کسی بھی دوسری شے سے بڑھ کر مقدم ہے اور اس کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ حکومتوں اور عوام دونوں کو چاہیے کہ وہ اس نازک موڑ پر بیدار ہوں، اتحادِ بین المسلمین کی حقیقی روح کو زندہ کریں اور دشمنوں کو یہ باور کرا دیں کہ ارضِ مقدس کی طرف اٹھنے والی ہر میلی آنکھ کو ہمیشہ کے لیے بند کر دیا جائے گا۔ کیونکہ حرمین شریفین پر حملہ براہ راست عالم اسلام پر حملہ ہےجس کی امت مسلمہ کسی بھی صورت اجازت نہیں دیگی۔

عقیدہ۔

تحریر: علیشبا بگٹی۔

کیا عقیدہ دلیل کی غیر موجودگی کا نام ہے؟ جبکہ سائنس بھی ہر سوال کا جواب تجرباتی ثبوت سے نہیں دیتی۔

کہتے ہیں یونان میں ایک دن سقراط کو عدالت کے کٹہرے میں کھڑا کر دیا گیا۔ الزام یہ تھا کہ وہ نوجوانوں کو گمراہ کرتا ہے، ریاست کے معبودوں کو نہیں مانتا اور نئے خداں کے تصورات پھیلاتا ہے۔ سامنے پانچ سو کے قریب شہریوں کی عدالت تھی، پیچھے ایک ایسی تہذیب تھی جسے اپنے اجتماعی یقین پر ناز تھا۔ سقراط کے پاس نہ کوئی لشکر تھا، نہ خزانہ، نہ سیاسی طاقت۔ اس کے پاس صرف سوال تھا۔ اس نے بنیادی طور پر یہی پوچھا کہ اگر تم کہتے ہو کہ تم جانتے ہو تو تمہیں کیسے معلوم ہے کہ تم جانتے ہو؟

یہ سوال اتنا معمولی دکھائی دیتا ہے کہ انسان اسے سنتے ہوئے مسکرا دیتا ہے، مگر تہذیبیں اسی سوال پر بنتی اور ٹوٹتی رہی ہیں۔ سقراط کی روایت میں علم کا آغاز اس اعتراف سے ہوتا ہے کہ انسان اپنے علم کی حد پہچانے۔

کیا عقیدہ دلیل کی عدم موجودگی کا نام ہے؟ اگر ایسا ہے تو پھر انسان کی زندگی میں عقیدے کی جگہ کہاں ہے؟ اور اگر عقیدہ دلیل سے مکمل طور پر آزاد نہیں تو پھر سائنس اور ایمان میں اصل اختلاف کیا ہے؟ بات شاید اتنی سادہ نہیں جتنی ہم نے اسے بنا دیا ہے۔ انسان کہتا ہے، "میں مانتا ہوں۔ "فلسفی پوچھتا ہے، " کیوں مانتے ہو؟ "سائنس دان پوچھتا ہے، "اسے جانچ کیسے سکتے ہیں؟ "مذہب پوچھتا ہے، "اس یقین کا تمہاری زندگی، اخلاق اور آخرت سے کیا تعلق ہے؟ "اور نفسیات پوچھتی ہے، "تم ماننا کیوں چاہتے ہو؟ "چاروں سوال الگ ہیں، اس لیے ان کے جواب بھی ایک ہی ترازو سے نہیں تولے جاسکتے۔

انسانی تاریخ میں بادشاہوں نے سلطنتیں تلوار سے قائم کیں، مگر انسان کے اندر کی دنیا ہمیشہ دلیل اور معنی کے درمیان معلق رہی۔

آپ کائنات کی عمر کا تخمینہ لگا سکتے ہیں، ستاروں کی کیمیائی ساخت معلوم کر سکتے ہیں، DNA کا نقشہ پڑھ سکتے ہیں، کششِ ثقل کی مساوات لکھ سکتے ہیں، مگر "مجھے اچھا انسان کیوں ہونا چاہیے؟ " کا جواب کسی لیبارٹری کے شیشے میں نہیں ملتا۔

سائنس بتا سکتی ہے کہ دماغ میں خوف کے دوران کون سے حیاتیاتی عمل ہوتے ہیں، مگر یہ سوال فلسفے، اخلاقیات اور مذہب کے دائرے میں داخل ہوجاتا ہے کہ خوف کے باوجود درست کام کیوں کیا جائے؟ یعنی ہر وہ سوال جس کا جواب سائنس ابھی نہیں دے سکتی، لازماً مذہب کا ثبوت نہیں بن جاتا، اور ہر وہ چیز جسے سائنس تجربہ گاہ میں نہیں ناپ سکتی، لازماً غیر حقیقی بھی نہیں ہوجاتی۔ یہ فرق سمجھنا علمی دیانت کی پہلی شرط ہے۔ اسلام اس مسئلے کو ایک دلچسپ انداز میں دیکھتا ہے۔ قرآن انسان سے اندھی تقلید کا مطالبہ نہیں کرتا بلکہ بار بار غور، تدبر، مشاہدہ اور تحقیق کی طرف متوجہ کرتا ہے۔

وہ شخص جو کہتا ہے۔ "میں کسی چیز پر یقین نہیں کرتا"۔ اکثر یہ بھول جاتا ہے کہ یہ جملہ خود ایک یقین ہے۔ وہ یقین کرتا ہے کہ صرف قابلِ مشاہدہ چیزیں معتبر ہیں۔

ورجینیا وولف نے دکھایا کہ حقیقت صرف باہر نہیں، انسان کے شعور کے اندر بھی بہتی ہے۔ افلاطون نے محسوس کیا کہ ظاہری دنیا کے پیچھے حقیقت کی ایک گہری سطح تلاش کی جاسکتی ہے۔ رومی نے عقل سے آگے دل کی معرفت کی زبان اختیار کی۔ یعنی پوری انسانی فکری تاریخ ایک ہی سوال کے گرد گھومتی نظر آتی ہے۔ جو کچھ مجھے دکھائی دیتا ہے، کیا حقیقت صرف اتنی ہی ہے؟

یہاں سائنس کا مقام سب سے زیادہ دلچسپ ہو جاتا ہے۔ سائنس یقین سے نہیں، قابلِ آزمائش دعوے سے معاملہ کرتی ہے۔ ایک سائنسی نظریہ اس لیے معتبر نہیں ہوتا کہ کوئی عظیم سائنس دان اسے مانتا ہے، وہ اس لیے معتبر ہوتا ہے کہ مشاہدات، تجربات اور شواہد اس کی تائید کرتے ہیں اور وہ غلط ثابت کیے جانے کے امکان کے سامنے کھڑا رہتا ہے۔ لیکن سائنس کی طاقت کو سائنس پرستی میں تبدیل کر دینا بھی ایک فکری غلطی ہے۔ کیونکہ "صرف وہی چیز حقیقت ہے جسے سائنس ثابت کرسکتی ہے "خود سائنسی تجربے کا نتیجہ نہیں۔

سائنس ہمیں یہ نہیں بتاتی کہ "سچ بولنا اچھا کیوں ہے؟ "وہ یہ بھی نہیں بتاتی کہ "انصاف کیوں ہونا چاہیے؟ "وہ یہ فیصلہ بھی نہیں کرتی کہ "محبت کی اخلاقی قدر کیا ہے؟ "وہ یہ بھی نہیں بتاتی کہ "انسان کو اپنی جان کیوں نہیں لینی چاہیے؟ "ان سوالات کے لیے اخلاقیات، فلسفہ، قانون، مذہب اور انسانی تجربہ میدان میں آتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ حقیقت ایک ہی ہوسکتی ہے، مگر حقیقت تک پہنچنے کے ذرائع ایک سے زیادہ ہوسکتے ہیں۔ جیسے آنکھ رنگ کو دیکھتی ہے۔ کان آواز سنتا ہے۔ عقل استدلال کرتی ہے۔ دل قدر محسوس کرتا ہے۔ ضمیر اخلاقی کشمکش پیدا کرتا ہے۔

"ثبوت نہیں ملا "اور "یہ غلط ثابت ہوگیا "دو مختلف جملے ہیں۔ منطق کا ایک بڑا سبق یہی ہے کہ عدم ثبوت کو ثبوتِ عدم نہ سمجھو۔ کارل یونگ کے ہاں انسانی ذہن کے اندر شعور کے ساتھ ایک گہری لاشعوری دنیا موجود ہے۔

مختلف انسان ایک ہی واقعہ دیکھ کر مختلف نتائج اخذ کرتے ہیں۔ ایک شخص طوفان دیکھ کر کہتا ہے، "قدرت بے رحم ہے۔ "دوسرا کہتا ہے، "قدرت عظیم ہے۔ "تیسرا کہتا ہے، "یہ صرف موسمی نظام ہے۔ "واقعہ ایک ہے۔ تعبیر تین ہیں۔ لہذا مسئلہ صرف یہ نہیں کہ ہم کیا دیکھتے ہیں؟ اصل مسئلہ یہ بھی ہے کہ ہم دیکھنے والی آنکھ کے پیچھے کون سا ذہن رکھتے ہیں؟

ولیم بلیک کے ہاں کائنات محض مادہ نہیں، انسانی ادراک کی ایک وسیع تصویر بن جاتی ہے۔ ایملی ڈکنسن نے تنہائی اور داخلی تجربے کو شاعری میں بدل دیا۔ رومی نے صدیوں پہلے ایک ایسا سوال چھوڑ دیا جس کی گونج آج بھی سنائی دیتی ہے۔ جس حقیقت کو تم باہر تلاش کر رہے ہو، اس کا سفر اندر سے کیوں شروع نہیں کرتے؟ یہ شاعروں کا طریقہ ہے۔ سائنس دان کائنات کے باہر سے اندر آتا ہے۔ صوفی انسان کے اندر سے باہر جاتا ہے۔

لہو کا خراج

تحریر: ایم سرور صدیقی

کوئی دل کو اچھا لگتا ہے۔ کوئی حرج نہیں یا ہماری کسی سے وابستگی ہو جائے۔۔ اس میں بھی کوئی برائی نہیں یا پھر کسی جماعت، تنظیم یا پارٹی کے آپ رکن ہو یہ بھی آپ کا حق ہے جسے بلاچوں چراں تسلیم کیا جا سکتا ہے لیکن ذاتی خواہشوں کے صحرا میں بھٹکتے ہوئے کوئی حقائق مسخ کرنا چاہے یا سچائی کا گلا گھونٹنے کی جسارت کرے یا تاریخ کی گردن پر کلہاڑا چلا کر اپنے آپ کو "ارسطو" سمجھ بیٹھے تو یہ ہم سب پر تاریخ کا قرض ہے کہ ایسی ہر کوشش کو ناکام بنا دیا جائے کیونکہ مذہب، اخلاق اور ضمیر اس کی جازت نہیں دیتا۔ اب آپ سوال کر سکتے ہیں کہ پھر ایسی باتیں اخبارات و جرائد میں کیونکر طبع ہوتی ہیں تو جناب اس کا سیدھا سادا جواب یہ ہے کہ جس طرح مسلمانوں میں تحقیق اور تخلیق کا عنصر ختم ہوگیا ہے اب اس میں کوئی بعید نہیں کہ اخبارات و جرائد میں بھی تو ہم جیسے لوگ بیٹھے ہوئے ہیں جو مکھی پر مکھی مار کر شاہکار تخلیق کرنے کے دعوے دار ہیں۔ قومی وعلاقائی اخبارات میں ایک فاضل مضمون نگار نے اپنے "رہبر کی کتاب سے استفادہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ حضرت مولانا مودودی سے ملاقات کے بعد علامہ اقبال نے انہیں مشورہ دیا کہ آپ پٹھان کوٹ چلیں جائیں وہاں آپ کی زیادہ ضرورت ہے اب یہ تو معلوم نہیں کہ تاریخی اعتبار سے اس دعوی میں کتنی صداقت ہے اس ضمن میں یہ وضاحت ضروری ہے کہ علامہ اقبال اور مولانا مودودی کے درمیان نظریاتی اختلافات انتہائی شدید بلکہ سنگین تھے دراصل اس کی آڑ میں فاضل مضمون نگار یہ بتانا چاہ رہے ہیں کہ علامہ اقبال کو جماعت اسلامی کے بانی سے بہت عقیدت تھی اور وہ ان سے متاثر تھے اب ایسی عقیدت کا کیا فائدہ کہ علامہ اقبال جیسا شخص بھی مودودی صاحب کو تحریک پاکستان کی جدو جہد کے لئے قائل نہ کرسکا اور بقول علامہ اقبال۔۔ مولانا مودودی کی پٹھان کوٹ کو زیادہ ضرورت تھی تو پھر آپ جناب قیام پاکستان کے ساتھ ہی لاہور پاکستان کیوں تشریف لے آئے اور حضرت ساری زندگی جس سیاست کو حرام قرار دیتے رہے پاکستان آتے ہی حلال کیسے ہوگئی؟۔ اسی طرح ایک اور صاحب جمعیت العلمائے اسلام کے ایک کنونشن کی روئداد لکھتے ہوئے اس بات پر انتہائی برہم ہیں کہ ہماری جماعت برصغیر کی پرانی جماعت ہے یہ مسلم لیگ کہاں سے آگئی؟ اس کا مطلب ہے کہ آپ نے آج تک مسلم لیگ کو تسلیم ہی نہیں کیا اسی لئے تو ایسی باتیں سرعام کرکے دل کی بھڑاس نکال رہے ہیں جناب آپ کہتے ہیں ہماری جماعت خطے کی سب سے قدیم جماعت ہے سرتسلیم خم لیکن حضور تاریخ یہ ہے کہ اس جماعت نے قیام پاکستان کی شدید مخالفت کی تھی اور برصغیر پاک و ہند کے مسلمانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرنے کی بجائے ہندو، کانگریس اور احرار کا ساتھ دیا تھا آپ کے کچھ لوگ اعلانیہ کہتے رہے "خدا کا شکر ہے ہم پاکستان بنانے کے گناہ میں شریک نہیں ہوئے"۔۔ جناب اس طرح پاکستان بنانے والوں کو تین محاذوں پر آزادی کی جنگ لڑنا پڑی ایک انگریزوں کے خلاف، دوسرا ہندوؤں کے خلاف اور تیسرا محاذ ہندو نواز مسلمان علماء کے خلاف۔ اور تاریخ نے فیصلہ ان غریب مسلمانوں کے حق میں دیدیا جنہوں نے حضرت قائد اعظم کی قیادت میں آزادی کی خاطر بیش قیمت قربانیاں دیں آپ کو اس آزادی کی کیا قدر ہو سکتی ہے آپ کو تو بنا بنایا ملک مل گیا آپ دل پر ہاتھ رکھ کر خود سے سوال کریں آپ لوگوں نے پاکستان کیلئے آج تک کیا کیا؟ قربانیاں ان لوگوں نے دیں جو اپنے جگر گوشوں کو ہندوؤں سکھوں نے ان کے سامنے نیزے کی انی پر پرو دیا، وہ لغ بس، مجبور والدین کے سامنے ان کی نوجوان بچیوں کو اٹھا کر لے گئے۔ یہ اس پاکستان کی بدقسمتی ہے کہ بڑی بڑی باتیں بھی وہی لوگ کرتے ہیں جنہوں نے پاکستان کیلئے ایک انگشت بھی قربان نہیں کی بلکہ عام پاکستانیوں سے پاکستان بنانے کا آج تک انتقام لیا جارہا ہے ایک سازش کے تحت جنوبی ایشیاء کے ہجرت کرنے والے بھولے بھالے مسلمانوں وسائل سے محروم رکھا گیا افسوس صد افسوس منزل انہیں ملی جو شریک سفر نہ تھے یہ آزادی ہمیں کسی نے تحفے میں نہیں دی یہ ملک ہمیں کسی نے طشتری میں رکھ کر پیش نہیں کیا اس کے لئے ہمارے بزرگوں نے ان گنت قربانیاں دی تھیں ہزاروں ماؤں، بہنوں بیٹیوں نے اس پاک دھرتی کے حصول کیلئے اپنی عصمت قربان کردی، سینکڑوں مسلمان لڑکیوں کو ہندوؤں، سکھوں نے اپنی رکھیل بنا ڈالا جن میں درجنوں آج بھی زندہ ہوں گی پاکستان زندہ باد کا نعرہ بلزانم اتنا بڑا جرم بن گیا تھا ظالموں نے بے شمار ماؤں کے جگر گوشوں کو گاجر مولی کی طرح کاٹ کر رکھ دیا۔ یہ پاکھنڈی دانشور جو آج ایکتا کے نعرے لگاتے ہیں اس وقت کہاں تھے جب جنوبی ایشیاء کے مسلمانوں پر اتنے ظلم ہوئے کہ امریتا پریتم جیسے شاعرہ بھی خون کے آنسو روتے دہائیاں دینے لگی اپنے آپ کو پنجابی کہنے والے سکھوں نے پنجابی قوم پر ہی سب سے زیادہ ظلم کے پہاڑ توڑ ڈالے انہوں نے ماں بولی کا بھی خیال نہ کیا کاش انڈیا سے پاکستان آنے والی اس خون میں ڈوبی ریل گاڑی کو قومی عجائب گھر میں رکھا جاتا جس میں کٹے پھٹے اپنے ہی لہو میں نہائے زخمیوں، بے گناہ مسلمانوں کی لاشوں اور زخموں سے چیختی نوجوان لڑکیوں، ماؤں سے چھاتی سے چمٹے معصوم بچوں کی لاشیں تھیں جن کا کوئی جرم نہ تھا جن کو ناحق ماردیا گیا قومی المیہ یہ ہے کہ جن قوتوں نے آج تک پاکستان کو تسلیم نہیں کیا وہ سازش، دھونس اور جبر سے اس ملک کے وارث بن بیٹھے وہ آج بھی ہم سے پاکستان بنانے کے جرم کا انتقام لے رہے ہیں بس انداز بدل گیا ان کا ذہن آج بھی 1947ء جیسا ہے ہماری سمجھ میں بات نہیں آرہی، یہی لوگ کبھی ڈیم نہیں بننے دیتے، کبھی حکومتوں کو عدم سیاسی استحکام سے دوچار کردیتے ہیں، کبھی معاشی طور پر کمزور کرنے کی سازشیں کرتے رہتے ہیں۔ یہی لوگ اپنے مفادات کیلئے حکومتوں کو بلیک میل کرتے ہیں اور ہمارے ناعاقبت حکمران ہر قیمت پر اقتدار میں رہنے کی خاطر ان سے بلیک میل ہوتے رہتے ہیں جس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کسی کو پاکستان کی فکر نہیں ان چہروں نے 22 کروڑ عوام کو خوشیوں کو یرغمال بنایا ہوا ہے۔ ان لوگوں نے پاکستان کے سارے سسٹم کو یرغمال بنا رکھا ہے پاکستان یہ دشمن مذہب، صحافت، کاروبار سمیت زندگی کے ہر شعبہ پر حاوی ہیں یہی وجہ ہے پاکستان میں حکومت جمہوری ہو یا ڈکٹیٹروں کی یہ لوگ آپ کو ہمیشہ اقتدار میں نظر آئیں گے حالانکہ ہم وطنوں کی اکثریت یہ چاہتی ہے کہ اب ہم ایک دوسرے کو تسلیم کرلیں اجتماعی کوششوں سے ہم ایک پاکستانی قوم بن جائیں فرقہ پرستی، لسانی جھگڑے، صوبائی عصبیت اور سیاسی بغض وعناد کا خاتمہ کیا جائے ہم سب خیبر پی کے، سندھ، کشمیر، پنجاب، بلوچستان اور گلگت بلتستان کے لوگ ایک قوم بن کر پاکستان کا مفاد عزیز رکھیں اب زبانی باتوں کا نہیں عملی طور پر ہم سب کو ثابت کرنا ہوگا یاد رکھیں جو لوگ ماضی کی غلطیوں، خامیوں اور حالات سے نہیں سیکھتے پھر ان سے تاریخ لہو کا خراج مانگتی ہے اور جن قوموں کا ضمیر سو جائے یا جو معاشی، معاشرتی اور اخلاقی لحاظ سے دیوالیہ ہوجائیں یا جو قومیں مقروض ہو کر غیروں سے قرضے مانگتی پھریں انہیں بار بار لہو کا خراج دینا پڑتا ہے۔

مہنگی بجلی کا توڑ

تحریر: رفیع صحرائی

مقبول عام مقولہ ہے کہ "ضرورت ایجاد کی ماں ہے "۔ مگر ہمارے ہاں، خاص طور پر موجودہ معاشی حالات میں، اگر اس مقولے کو یوں بدلا جائے کہ "مہنگائی اور حکومتی بے حسی ایجادات کی ماں ہے "تو شاید غلط نہ ہوگا۔ پاکستان کے عوام کی یہ خاصیت رہی ہے کہ وہ ہر معاشی بحران اور حکومتی ناکامی کا توڑ اپنی مدد آپ کے تحت نکال لیتے ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ ریاست کو اپنے شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی سے زیادہ اپنے شاہانہ اخراجات کی فکر ہے اور ان شاہانہ اخراجات کا بوجھ عام آدمی کی جیب پر ڈالا جا رہا ہے ایسے میں عوام کو اپنے معاشی تحفظ کے لیے خود ہی راستہ تراشنا ہوگا۔ اپنی بقا کی جنگ خود لڑنا ہوگی۔

آج بجلی، گیس اور پیٹرول کے نرخ جس تیزی سے بڑھ رہے ہیں، اس نے غریب اور متوسط طبقے کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ خاص طور پر پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں روزانہ کی بنیاد پر بڑھائی جا رہی ہیں جس کی وجہ سے اشیائے صرف کی قیمتیں بھی روزانہ کی بنیاد پر محوِ پرواز ہیں۔ ذرا غور تو کیجیے، ایک غریب آدمی ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق بڑی مشکل سے بچت کر کے اپنے بچے کے لیے دودھ کا ڈبہ خریدنے جاتا ہے۔ اسے وہ ڈبہ 2200 روپے میں ملتا ہے۔ اگلے ہفتے ضروری اخراجات کو کٹ لگا کر وہ 2200 روپے ہاتھ میں پکڑے جب وہی دودھ کا ڈبہ دوبارہ خریدنے جاتا ہے تو اسے بتایا جاتا ہے کہ اس ڈبے کی قیمت 2400 روپے ہو چکی ہے۔ اس غریب کے دل پر اس وقت کیا گزرتی ہوگی۔ پالیسی سازوں کو اس پر بھی غور کرنا ہوگا۔

اس مایوسی کے دور میں بھی پاکستانی عوام کی زندہ دلی اور تخلیقی صلاحیتیں داد کے قابل ہیں۔ لوئر مڈل کلاس اور دیہاڑی دار گھرانوں کی خواتین نے مہنگی بجلی کے بلوں کا ایک دلچسپ اور انوکھا توڑ ڈھونڈ نکالا ہے۔ گھر میں ہی پانی، چینی اور خوراکی رنگ ملا کر شربت تیار کیا جاتا ہے اور اسے چھوٹی تھیلیوں میں بھر کر فریزر میں جما دیا جاتا ہے۔ چند گھنٹوں میں تیار ہونے والے یہ "برف کے گولے "جب محلے کے بچے خریدتے ہیں، تو اس سے ہونے والی روزانہ کی اضافی آمدنی سے مہنگی بجلی کا بل بھرنے میں کچھ سہارا مل جاتا ہے۔ یہ محض برف کے گولے بیچنے کی کہانی نہیں، بلکہ یہ اس جدوجہد کی علامت ہے جو ایک عام پاکستانی اپنے روزی روٹی اور عزتِ نفس کو بچانے کے لیے ہر روز کرتا ہے۔

اب اسی جدت اور بچت کا ایک نیا معاشی ماڈل سولر توانائی کے شعبے میں سامنے آ رہا ہے۔ انفرادی سطح پر سولر سسٹم لگانا ایک عام گھرانے کے لیے کافی مہنگا سودا بن چکا ہے، لیکن اگر محلے کے چار سے چھ گھر مل کر ایک چھوٹا "سولر گرڈ اسٹیشن" قائم کر لیں، تو ابتدائی لاگت میں ڈرامائی کمی آ جاتی ہے۔ یہ کام اب شروع ہو چکا ہے اور آہستہ آہستہ مقبول ہوتا جا رہا ہے۔ عملی طور پر یہ سکیم بڑی مفید ہے۔

عام طور پر ایک متوسط گھرانے کو ایک انورٹر اے سی اور چند پنکھوں و بتیوں کے لیے تین سے چار کلوواٹ کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر پانچ یا چھ گھر مل کر 15 سے 20 کلوواٹ کا مشترکہ نظام نصب کر لیں، تو یہ ان کی بجلی کی تمام تر ضروریات کو باآسانی پورا کر سکتا ہے۔ اس سسٹم سے حاصل کی گئی بجلی سے چار سے پانچ ماہ کے قلیل عرصے میں بجلی کے بلوں کی بچت کے ذریعے لگائی گئی رقم واپس وصول ہو جاتی ہے، جبکہ سال کے بقایا سات سے آٹھ ماہ بالکل مفت بجلی حاصل ہوتی ہے۔ اگر ایک سال بعد بیٹریوں کی تبدیلی کی ضرورت پڑے بھی، تو پرانی بیٹریاں نصف یا اس سے کچھ کم قیمت پر فروخت ہو جاتی ہیں، اور فی کس چند ہزار روپے ڈال کر نیا بیٹری بینک خریدا جاسکتا ہے۔ اگر شروع میں ہی معیاری بیٹریاں لے لی جائیں، تو وہ آٹھ سے دس سال باآسانی نکال جاتی ہیں۔ یعنی ایک مرتبہ رقم خرچ کرو اور آٹھ دس سال تک بجلی کے بل سے نجات حاصل کرلو۔

اسی پیدا کردہ بجلی کا ایک دوسرا بڑا فائدہ یہ ہوگا کہ اس کے ذریعے سولر چولہے اور انڈکشن ہیٹر استعمال کر کے گیس کے بوجھل بلوں اور اس کی لوڈشیڈنگ سے مکمل آزادی حاصل کی جاسکتی ہے۔

سولر انرجی کا یہ باہمی اور اشتراکی ماڈل محض بجلی کی بچت تک محدود نہیں رہا، بلکہ یہ ایک نفع بخش کاروبار میں بھی ڈھل رہا ہے۔

جن لوگوں نے اپنے گھر پر 15 کلوواٹ کا سولر سسٹم لگا رکھا ہے اور دن کے اوقات میں ان کے گھر کا خرچ 3 سے 4 کلوواٹ ہے تو وہ پیدا ہونے والی فالتو بجلی اپنے ساتھ والے دو گھروں کو سرکاری نرخوں (واپڈا ریٹ) سے سستی قیمت پر فراہم کر سکتے ہیں۔ اس سے نہ صرف انہیں اضافی آمدنی حاصل ہو جائے گی، بلکہ پڑوسیوں کو بھی سستی بجلی مل جائے گی۔

یہی سوچتے ہوئے لوگوں کا رجحان اس نئے کاروبار کی طرف ہو چکا ہے۔ یہ ماڈل روایتی "نیٹ میٹرنگ" سے کہیں زیادہ فائدہ مند ثابت ہو رہا ہے۔ گرین میٹر کے حصول کا طویل کاغذی عمل، واپڈا کے سخت قوانین، اور پھر واپڈا کی طرف سے سستی قیمت پر بجلی خرید کر صارف کو مہنگی بجلی بیچنے کے نظام کے مقابلے میں محلے داروں کو سستی بجلی فروخت کرنا دونوں فریقوں کے لیے سود مند ہے۔ یہ قدم ایک طرف تو صارفین کو سرکاری اداروں کی مبینہ لوٹ مار سے بچاتا ہے اور دوسری طرف ان اندوہناک خبروں پر بھی بند باندھتا ہے جہاں بجلی کے نوٹس اور بل دیکھ کر لوگوں کو ہارٹ اٹیک ہوئے یا خودکشی کے واقعات رونما ہوئے۔

حکومتوں اور آئی پی پیز (IPP) کے درمیان ہونے والے معاہدوں نے جس طرح عام پاکستانی کی زندگی کو عذاب بنایا ہے، اس کے بعد عوام کو یہ پورا حق حاصل ہے کہ وہ اپنی ذاتی معیشت کو بچانے کے لیے آئینی اور قانونی حدود میں رہتے ہوئے اقدامات کریں۔ جب حکومتیں بجٹ خسارہ پورا کرنے کے لیے روزانہ کی بنیاد پر پیٹرول اور بجلی کی قیمتیں بڑھاتی ہیں، تو عوام کی طرف سے یہ اجتماعی معاشی دفاع ایک قدرتی ردِعمل ہے۔

اس اشتراکی ماڈل کو مزید مؤثر بنانے کے لیے محلے کی سطح پر چھوٹی کمیٹیاں بنا کر سولر گرڈ کی دیکھ بھال اور اخراجات کا ایک شفاف نظام وضع کیا جاسکتا ہے۔ ابتدائی لاگت میں معمولی اضافہ تو ہوگا لیکن لیتھیم آئن بیٹریوں کا انتخاب کر کے طویل المدتی فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ فالتو بجلی کو ضائع کرنے کے بجائے قریبی چھوٹے دکانداروں (جیسے کریانہ یا درزی) کو دن کے وقت مناسب نرخوں پر فراہم کیا جاسکتا ہے۔

ادارتی صفحے پر شائع ہونے والے کالم اور مضامین کالم اور مضمون نگاروں کی ذاتی آراء ہیں ادارے کا ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ ادارہ

sports
Baakhabar

BAAKHABAR
مختصر اشتہارات
CLASSIFIED

تلاش گمشدہ
میرا موٹر سائیکل اوچہ ماڈل 2024 انجن نمبر T921907 چیسز نمبر EC605229 بنام سید الطاف حسین ولد سید نعمت اللہ بروری تھانہ کے حدود میں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03369958139 پر مطلع کریں

درستگی تاریخ پیدائش
میرا درست تاریخ پیدائش بمطابق اسکول کے ریکارڈ میں 02/05/2008 ہے جبکہ میرے میٹرک کی ڈی ایم سی میں تاریخ پیدائش غلطی سے 27/06/2006 لکھا گیا ہے لہذا درستگی کی جائے المشتہر: سعدیہ ولد محمد اسحاق

تلاش گمشدہ
میرا جماعت ہشتم کی ڈی ایم سی رول نمبر 525996 سال 2024 بنام محمد عمر ولد اکبر کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر قریبی لیٹر بکس میں ڈال دیں

تلاش گمشدہ
میرا رکشہ سازگار رجسٹریشن نمبر RA5361 کی رجسٹریشن بک انڈسٹری تھانہ کی حدود میں گم ہوگیا ہے تلاش کیلئے مشتہر ہے المشتہر: عادل کامران ولد نور شیروان

تلاش گمشدہ
میرا لوکل سرٹیفکیٹ کمپیوٹرائزڈ نمبر شمار 015622 ریکارڈ رجسٹر نمبر 1620 سال 2014 جاری کردہ ڈپٹی کمشنر آفس کوئٹہ بنام ریاض احمد ولد امیر محمد نواں کلی کوئٹہ میں کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03002890422 پر مطلع کریں

المشتہر:۔ ریاض احمد ولد امیر محمد

تصحیح نام
میرا اصل نام منصور خان ولد نعمت اللہ ہے جبکہ غلطی سے ڈی ایم سی میں منصور احمد ولد نعمت اللہ لکھا گیا ہے لہذا درستگی کیلئے مشتہر ہے المشتہر: منصور خان ولد نعمت اللہ

تلاش گمشدہ
میرے موٹر سائیکل CD-70 ماڈل 2026 کے اصل لیٹر چیسز نمبر HB609935 انجن نمبر V906312 دوران سفر کہیں گر کر گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03323585432 پر مطلع کریں

المشتہر: عبدالرزاق ولد مہر دل ساکن بھاگ ضلع کچھی

تلاش گمشدہ
میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 5650318508977 کہیں گم ہوگیا ہے تلاش کیلئے مشتہر ہے

المشتہر: اصل داد ولد سلیم ضلع ژوب

تلاش گمشدہ
قومی شناختی کارڈ نمبر 5160262992405 بنام جمیل احمد ولد عبدالاحد سکنہ سورگز مستونگ گزشتہ دنوں کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03368012833 پر مطلع کریں المشتہر: جمیل احمد

تلاش گمشدہ
میرا شاہین سٹار موٹر سائیکل اوچہ ماڈل 2026 انجن نمبر 35707 بنام امین اللہ سٹی تھانہ کے حدود میں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03148909334 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ
میرا موٹر سائیکل اوچہ ماڈل 2023 انجن نمبر T-916084 چیسز نمبر EC596070 بنام فیض الرحمان ولد عبدالمنان گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03318343244 پر مطلع کریں

المشتہر:۔ محمد سکندر

اشتہار بنام عوام الناس
ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اخباری اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مرحوم حسین بخش ولد ریکی خان مینگل جن کے نام واقع بازار نوشکی میں سن 1984 پٹہ جاری ہوچکی ہے خسرہ نمبر 1/454،606 ہے رقبہ تعدادی 252 مربع فٹ ہے مرحوم کے دختران و پسران کی طرف سے اس پٹہ کے اختیار مختیار مرحوم کے بڑے بیٹے زبیر احمد ولد حسین بخش ہے مختیار خاص اس پٹہ کو عبدالراشد ولد امیر خان بریچ کے نام منتقل کرانا چاہتا ہے لہذا اگر اس پٹہ کے منتقلی پر کسی حقیقی مالک رشتہدار وغیرہ کو اعتراضات ہے تو اپنا تحریری درخواست سات 7 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا میں پیش کیا جائے اخباری اشتہار کے میعاد مدت ختم ہونے کے بعد کسی قسم کے عذر اعتراضات قابل قبول نہ ہوگا اور یہ پٹہ فریق دوئم کے نام منتقل کردیا جائے گا۔

چیئرمین میونسپل کمیٹی نوشکی

اطلاع عام
ایک عدد کوارٹر نمبری A-56 واقع اولڈل کالونی بینوویلنٹ فنڈ ہاؤسنگ سکیم سریاب روڈ کوئٹہ جانان خان ولد داؤد خان کو فروخت کردیا ہے لہذا کوارٹر نمبر A-56 ،1- نوراحمد ولد عبدالکریم مرحوم 2- مسماۃ حسنہ ولد عبدالکریم 3- عبدالغفار ولد عبدالکریم 4- عبدالجبار ولد عبدالکریم 5- امید علی ولد عبدالکریم 6- عبدالقیوم ولد عبدالکریم 7- عبدالقدوس ولد عبدالکریم 8- مسماۃ بصرہ ولد عبدالکریم 9- مسماۃ خدمت خاتون ولد عبدالکریم 10- مسماۃ ذکیہ ولد عبدالکریم 11- مسماۃ حفرہ ولد عبدالکریم 12- مسماۃ صاحبہ ولد عبدالکریم 13- مسماۃ فوزیہ ولد عبدالکریم پسران ودختران عبدالکریم کے نام سے جانان خان ولد داؤد خان کے نام ٹرانسفر کرانا مقصود ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو اس بارے میں کوئی اعتراض ہو تو 7 یوم کے اندر اندر دفتر بینوویلنٹ فنڈ ہاؤسنگ سکیم سریاب روڈ کوئٹہ سے رابطہ کرے بعد از میعاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر:۔ جانان خان ولد داؤد خان

تلاش گمشدہ
میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 54401-2461933-7 بنام شیر محمد ولد زعفران خان سٹی تھانہ کے حدود میں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03022356666 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ
میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 54400-5450172-5 بنام بی بی آسیہ زوجہ عبدالغنی گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03302911093 پر مطلع کریں سکنہ عثمان روڈ کوئٹہ

درستگی نام
میرا اصل نام بی بی مہرین بنت شبیر احمد ہے جبکہ سکول ریکارڈ میں غلطی سے مہرین لکھا گیا ہے لہذا درستگی کیلئے مشتہر ہے المشتہر:۔ بی بی مہرین بنت شبیر احمد

تلاش گمشدہ
میرا ڈرائیونگ لائسنس نمبر 0220049296 بنام امجد خان پانیزئی جاری کردہ 25 نومبر 2018 ایکسپائری تاریخ 8 فروری 2027 کہیں گم ہوگیا ہے تلاش کیلئے مشتہر ہے المشتہر:۔ امجد خان پانیزئی شناختی کارڈ نمبر 54400-4878168-5

تلاش گمشدہ
میرا ہشتم جماعت کی ڈی ایم سی رول نمبر 601989 بنام Shaheer Hussain ولد Javed Ahmed کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03462568911 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ
میرا لوکل سرٹیفکیٹ سیریل نمبر 10/09 بنام نوراللہ ولد جان محمد ہزار گنجی میں گم ہوگیا ہے ملنے پر درج پتہ پر پہنچادیں شناختی کارڈ نمبر 54400-0525271-7

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Chief Minister's Secretariat, Quetta invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **Tender Fee Not required and Bid Security 2% for each work**

S. No	TSE Number	Name of Work's	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening
1	TSE-2627091185562	Procurement of Services for renovation of Islamabad Annexe of Chief Minister Secretariat, Quetta **(Total Item(s) Count:1)**	30 September,2026 02:00 PM	02:15 PM
2	TSE-2627091195032	Framework Agreement for procurement of Social Media Management, Content Creation, Digital Campaign and outreach Services for Chief Minister Secretariat, Quetta **(Total Item(s) Count:1)**	01 October,2026 02:00 PM	02:15 PM

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014.**Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:**Single Stage Two Envelope Bidding Procedure (TSE-2627091195032, TSE-2627091185562)**Tender Documents:**The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee.

Address: CM Secretariat, Quetta, Red Zone, Zarghoon Road, Quetta

Phone no: 081-9202267 Email: QA7002CMSecretariate@gmail.com

Section Officer
Chief Minister's Secretariat, Quetta

DPRQ/PRQ No.1442/17-09-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer-Roads, CWPP&H Department District Dera Bugti invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2018 on Percentage Rates **Tender Fee 2000 PKR and Bid Security 2% for each work**

S. No	TSE Number	Name of Work's	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening	Estimated Cost
1	TSE-2627091192503	REHABILITATION OF SUI - DERA BUGTI ROAD. PSDP NO 1486 Z2026.3910	05 October,2026 12:00 PM	01:00 PM	497,508,243
2	TSE-2627091192483	CONSTRUCTION OF ROAD FROM BAKHTIYAR MOR To BARMOZ WADH PEER KOH (Length 11.0 Km) PSDP NO 1476 Z2026.3615	05 October,2026 12:00 PM	01:00 PM	346,528,863

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014.**Eligibility of Bidders:**Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents**Bidding Procedure:**Single Stage Two Envelope Bidding Procedure (TSE-2627091192503, TSE-2627091192483)**Tender Documents:**The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee.

Address: Office of Executive Engineer-I Provincial B&amp;R District Dera Bugti

Phone no: 0835410560 **Fax no:** 0835410562

Email: muhammadejaz0266@gmail.com

Executive Engineer-(Roads)
CWPP&H Department District Dera Bugti

DPRQ/PRQ No.1404/17-09-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Deputy Director Agriculture OFWM Ziarat invites bids from eligible bidders for execution of following works for the years 2026-27 based on Composite Schedule Rates 2026 on Percentage Rates.

Tender Fee Rs. 1,000/-(for each work) in shape of Green Challan form deposited in head of account (C03136) E/Money 2% of estimated cost(for each work) in shape of Call Deposit

S #	Name of Work(s)	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening	Estimated Cost
1	Installation of Agriculture Solar Bore for farmer of UC Salam, District Ziarat PSDP No. 54(Z2026.3318) **TSE No. 2627091195043 (Electronic Bid Only)**	05 October,2026 10:30 AM	11:30AM	90,000,000
2	Sustainable Irrigation Development and Water Conservation Project under OFWM for community of Kharjin area District Ziarat PSDP No. 92(Z2026.3812) **TSE No. 2627091195053 (Electronic Bid Only)**	05 October,2026 10:45 AM	11:45AM	283,743,258
3	Installation of Agriculture Bore for farmer of Androb Salam I & II Ziarat PSDP No.98 (Z2026.4047) TSE No. 2627091195133 (Electronic Bid Only))	05 October,2026 11:00 AM	12:00PM	50,000,000
4	Agri: Prod: Enhan: through Drill of Solar Bore, WST and PVC Pipeline in Killi Muhammad Afzal Hayyat at Tehsil Sanjavi Ziarat PSDP No.93(Z2026.3813) **TSE No. 2627091195173 (Electronic Bid** Only)	07 October,2026 10:00 AM	11:00AM	29,835,644

Procurements shall be made under BPPRA Rules 2014. Eligibility of Bidders: Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents. **Bidding Procedure:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid(s) for work at S.No. 1, 2 & 3 above can only be submitted electronically as per scheduled date and time mentioned above through supplier dashboard. Meanwhile bid(s) for the work at S.No. 4 will be opened manually in the office the Deputy Director Agriculture OFWM Ziarat. **Address:** Office of Deputy Director Agriculture On Farm Water Management District Ziarat . **Contact: - 03327856292**

Deputy Director Agriculture
On Farm Water Management
Ziarat

DPRQ/PRQ No.1414/17-09-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.

S. No	Name of Work/s	Date of Bid Opening	Tender Fee	Bid Security
	IMPLEMENTATION OF MASTER PLAN OF SUI TOWN.			
1.	Construction of Bus Terminal. **TSE-2627091194843.**	05.10.2026	2,000 PKR	2%
2.	Construction of Truck Stand. **TSE-2627091194833.**	-- do --	-- do --	-- do --
3.	Construction of Mir Ghulam Qadir Bugti Park. **TSE-2627091194763.**	-- do --	1,500 PKR	-- do --
4.	Construction of Ladies Park. **TSE-2627091194803.**	-- do --	-- do --	-- do --
5.	Existing Street Rehabilitation Master Plan Sui Town Zone-A. **TSE-2627091194583.**	-- do --	2,000 PKR	-- do --
6.	Existing Street Rehabilitation Master Plan Sui Town Zone-B. **TSE-2627091194613.**	-- do --	-- do --	-- do --
7.	Existing Street Rehabilitation Master Plan Sui Town Zone-C. **TSE-2627091194633.**	-- do --	-- do --	-- do --
8.	Existing Street Rehabilitation Master Plan Sui Town Zone-D. **TSE-2627091194653.**	-- do --	-- do --	-- do --
9.	Existing Street Rehabilitation Master Plan Sui Town Zone-E. **TSE-2627091194733.**	-- do --	-- do --	-- do --

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan.Balochistan Revenue Authority Registration is required. Completed Assignment of similar nature of work will be seen in Eligibility given Criteria. Turn over Amount in subsequent previous years showing financial capacity of the firm is mentioned in the bidding documents. Registration with Pakistan Engineering council in Relevant Category and Specialized Code is mentioned in the bidding documents of each project. The bidder must deposit required tender (as shown against each scheme) through green challan in Account # C02716. The bidder must deposit 2% of estimated cost through CDR/Bank Guarantee The bidder must completed similar assignment is mentioned in the bidding documents of each project. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically as date & time mentioned in each bidding document through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened as date & time mentioned in each bidding document **on EPPS System Address:** Sui camp office **Phone no:** 3368249672 **Fax no:** 08122345

Email: junaidpaki90@gmail.com

PROJECT DIRECTOR
SUI MASTER PLAN

DAB/AB No.343/17-09-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

تلاش گمشدہ
میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 51301-1880953-9 بنام شاہ زیب ولد طاہر احمد بروری تھانہ کے حدود میں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03360181361 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ
میرا ہشتم جماعت کی ڈی ایم سی رول نمبر 12050300 بنام نعمان خان ولد نصیب خان گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03048656921 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ
یونیک موٹر سائیکل نمبر MAK5770 ماڈل 2021 چیسز نمبر DSC3271450 انجن نمبر DSE2277770 کے کاغذات بنام خداداد ولد اویس خان محلہ امام محمد باقر نیو ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ گم ہوگئے ہیں ملنے پر موبائل نمبر 03003864712 پر مطلع کریں

المشتہر:۔ خالق داد

تلاش گمشدہ
میرے والد کا قومی شناختی کارڈ نمبر 54400-0387030-3 بنام عبدالجبار ولد حاجی محمد امین نوحصار میں کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03158860634 پر مطلع کریں

المشتہر:۔ غلام دستگیر

سابق پریمیئر لیگ ڈیفنڈر ٹائٹس برامبل پاکستان فٹبال ٹیم کے اسسٹنٹ کوچ مقرر

اسلام آباد (آئی این پی) سابق پریمیئر لیگ فٹبالر ٹائٹس برامبل کو پاکستان کی مینز سینئر قومی فٹبال ٹیم کا نیا اسسٹنٹ کوچ مقرر کردیا گیا۔ پاکستان فٹبال فیڈریشن نے سوشل میڈیا پر برامبل کی تقرری کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ وہ انگلش فٹبال ٹیم کا قیمتی تجربہ پاکستانی ٹیم میں لائیں گے۔ ٹائٹس برامبل نے 2000 سے 2013 تک 13 سال پریمیئر لیگ میں فٹبال کھیلی اور 200 سے زائد میچز میں شرکت کی۔ انہوں نے اپنے پروفیشنل کیریئر کا آغاز اپس وچ ٹان سے کیا، بعدازاں نیوکاسل یونائیٹڈ کا حصہ بنے جہاں انہوں نے 5 سال کے دوران تمام مقابلوں میں 156 میچز کھیلے۔ وہ بعد میں ویگن ایتھلیٹک اور پھر سنڈرلینڈ سے منسلک رہے۔ کھیل سے ریٹائرمنٹ سے قبل انہوں نے اسٹو مارکیٹ ٹان میں پلیئر کوچ کی ذمہ داری بھی سنبھالی جبکہ 2018 میں پروفیشنل فٹبال سے ریٹائر ہوگئے۔ برامبل نے انگلینڈ کی انڈر 21 ٹیم کی جانب سے 10 میچز کھیلے، تاہم سینئر قومی ٹیم میں جگہ نہیں بنا سکے۔ کھیل سے ریٹائرمنٹ کے بعد انہوں نے کئی سال اپس وچ کی اکیڈمی میں کام کیا اور بعد ازاں دبئی میں کوچنگ سے وابستہ ہوگئے۔ پاکستان فٹبال فیڈریشن کے مطابق برامبل ایسے وقت میں قومی ٹیم کا حصہ بنے ہیں جب پاکستان فیفا آسیان کپ اور مستقبل کے دیگر چیلنجز کی تیاری کررہا ہے۔

ویمنز انڈر 19 ٹی ٹوئنٹی تین ملکی سیریز کے لیے میچ آفیشلز کا اعلان

لاہور (آئی این پی) آئی سی سی انٹرنیشنل پینل آف امپائرز میں شامل سلیمہ امتیاز ٹورنامنٹ میں امپائرنگ کے فرائض انجام دیں گی۔ پاکستان، بنگلہ دیش اور سری لنکا کی خواتین انڈر 19 ٹیمیں تین ملکی سیریز میں حصہ لیں گی۔ دس میچوں پر مشتمل ٹورنامنٹ 2 سے 16 اکتوبر تک فیصل آباد میں کھیلا جائے گا۔ تمام میچز اقبال سٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلے جائیں گے۔ لیگ مرحلے کے بعد ٹاپ دو ٹیمیں 16 اکتوبر کو فائنل میں مدمقابل ہوں گی۔ تمام میچز صبح 10 بجے شروع ہوں گے۔ بلال خلجی 2 سے 8 اکتوبر تک پہلے پانچ میچز میں میچ ریفری کی ذمہ داریاں نبھائیں گے۔ افتخار احمد آخری چار لیگ میچز اور فائنل میں میچ ریفری کی ذمہ داریاں انجام دیں گے

بعدالت فیملی جج I کوئٹہ

مثل نمبر 92/2026 بی بی عائشہ زوجہ اختر محمد پتہ محلہ عیدگاہ کلی شابو کوئٹہ **بنام**:۔ عوام الناس

درخواست گارڈین

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 3/10/2026 کو مقرر ہوچکی ہے۔ بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ ساعت پر حاضر عدالت ہوکر مقدمہ کی پیروی کریں۔ بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ آج مورخہ 17/9/20262 کو بدستخط میرے ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

فیملی جج I کوئٹہ

بعدالت فیملی کورٹ جج بھاگ ضلع کچھی

فیملی مقدمہ نمبر 5/2026 متدائرہ 16/9/2026

مسماۃ زاہدہ پروین بیوہ متوفی ناظم علی چھلگری وغیرہ **بنام**:۔ عوام الناس

دعویٰ گارڈین شپ

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ فیملی مقدمہ مدعی کے کونسل مسٹر قاضی حضور بخش ایڈووکیٹ نے عدالت ہذا میں دائر کیا ہے جس کی آئندہ تاریخ پیشی 29/9/2026 مقرر ہوچکی ہے۔ لہذا بذریعہ اخبار اشتہار ہذا عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے مقررہ تاریخ پیشی پر پیش ہوکر مقدمہ کی پیروی کرے یا اعتراجات جمع کرے بصورت دیگر عوام الناس کے خلاف حسب ضابطہ یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ آج مورخہ 16/9/2026 کو بدستخط میرے ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

فیملی کورٹ جج بھاگ ضلع کچھی

اطلاع برائے ٹیسٹ و انٹرویو

محکمہ قانون و پارلیمانی امور حکومت بلوچستان کے اشتہار نمبر PRQ No 1226/04-09-2026 کے تسلسل میں، جو بلوچستان کے مختلف اخبارات میں شائع ہوا تھا تمام امیدواران جنھوں نے ذیل میں درج کردہ آسامی کیلئے درخواستیں جمع کروائی ہیں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ان کے ٹیسٹ/انٹرویو دفتر ڈسٹرکٹ اٹارنی جعفر آباد میں درج ذیل تاریخ اور جگہ پر منعقد ہونگے۔

تفصیل آسامی و انٹرویو

نمبر شمار	نام آسامی	تاریخ، دن ووقت انٹرویو
1	چوکیدار/کنٹیجنٹ	21 ستمبر 2026 بروز سوموار صبح 11:00 بجے

ضروری ہدایات:۔ تمام امیدواران ٹیسٹ/انٹرویو کے دن اپنا اصل قومی شناختی کارڈ (CNIC)، تعلیمی اسناد ڈومیسائل اور تمام دستاویزات کے اصل سیٹ ساتھ لانا لازمی بنائیں۔ ٹیسٹ/انٹرویو میں حاضر ہونے والے کسی بھی امیدوار کو کوئی ٹی اے/ڈی اے (TA/DA) نہیں دیا جائیگا۔

چیئرمین سلیکشن کمیٹی
/ اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ اٹارنی جعفر آباد

PRQ No1434/17-09-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

ONLY ELECTRONIC BID WILL BE SUBMITTED, NO PHYSICAL BID IS REQUIRED **Note:** *In all procurements of GoB whether through Electronic or Manual Bid Submission, it is mandatory for all Bidders to get registered at Electronic Public Procurement System of BPPRA GoB.* **The DIRECTOR GENERAL SOUTH invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2026 on Percentage Rates. Tender Fee --- and Bid Security 2%**

S No	Name of Scheme	E/Cost
1	ESTABLISHMENT OF TECHNICAL LABORATORY IN BALOCHISTAN UNDER PSDP NO. 1789 Z2026.0111. **TSE-2627091194793**	483,800,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules — 2014. **Eligibility of Bidders**: Presence in Active Taxpayer List. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Balochistan Revenue Authority Registration is required. (BRA Registration must be "Active") The bidder must have completed 1 assignment of similar nature of work. Turnover of at least 338,660,000/- PKR amount in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm. Registration with Pakistan Engineering Council (PEC) C-3 and above (up to 500 million) with relevant specialized codes. Successfully completed at least 3 projects during last 5 years in the Government Sector involving Solar PV Systems, Solar DC Systems, Hybrid/Off-Grid/On-Grid Solar Systems or Solar Street Lights. Valid ISO Certification 9001:2015 and ISO 45001:2018 certification. JV firm must provide JV Agreement on stamp paper duly attested, Joint Bank Account, JV NTN, STRN/GST, and BRA. The Bidder must submit Service Level agreement that the firm will provide a service level agreement in respect of Laboratory for a period of 24 months from date of completion and all cost of Service shall be included in Contract Price. CDR or Bank Guarantee. **Procedure of Procurement**: Single Stage Two Envelope Bidding Procedure. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents**: The NIT and Bidding Documents can be obtained electronically from **www.bppra.gob.pk** **Issuance of Tender Documents:** Complete bidding documents can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last date of bid submission**: Bids can only be submitted electronically latest by **2nd Oct: 2026** upto 12:00PM **Tender opening:** The tender will be opened on **2nd Oct: 2026** upto 12:30 PM in the office of undersigned and **on EPPS System. Address:** C-30, Railway Housing Society, Joint Road, Quetta. **Phone no:** 081-2472046 Email: hassanqta@gmail.com

Director General (South)
Energy Department

DPRQ/PRQ No.1402/17-9-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

لاہور ہائیکورٹ' محمد رضوان کی این سی سی آئی اے نوٹسز کیخلاف درخواست مسترد

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائی کورٹ نے کرکٹر محمد رضوان کی این سی سی آئی اے نوٹسز کے خلاف درخواست مسترد کردی۔ چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے محمد رضوان کی درخواست پر سماعت کی، اس موقع پر کرکٹر محمد رضوان کی جانب سے ان کے وکیل قاضی عمیر علی عدالت میں پیش ہوئے اور بتایا کہ میرے موکل کو نوٹس بھجوائے گئے۔ اس پر چیف جسٹس عالیہ نیلم نے کہا کہ آپ جا کر نوٹس کے جواب دے دیں، آپ کو کس تاریخ کو نوٹس جاری کیا گیا۔ درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ لارڈز ٹیسٹ کے بعد درخواست گزار کو ہوٹل لابی میں بلوایا گیا، بغیر نوٹس کے درخواست گزار سے تفتیش کی گئی اور موبائل قبضے میں لے لیا گیا۔ انہوں نے کہ کہا کہ درخواست گزار نے اس یقین دہانی پر موبائل فون دیا کہ 3 گھنٹے بعد واپس کیا جائے گا، تاہم درخواست گزار کو آج کی تاریخ تک موبائل فون واپس نہیں کیا گیا جو بدیانتی ظاہر کرتا ہے۔ رضوان کے وکیل نے کہا کہ کرکٹر کو کرپشن سے بچانے کے لیے آئی سی سی کا اینٹی کرپشن یونٹ فورم ہے، درخواست گزار کے خلاف معاملہ آئی سی سی کے اینٹی کرپشن یونٹ کو نہیں بھجوایا گیا۔ واضح رہے کہ قومی کرکٹر محمد رضوان نے این سی سی آئی اے کی طلبی کو لاہور ہائی کورٹ میں چیلنج کیا ہے، انہوں نے درخواست میں این سی سی آئی اے کے دائرہ اختیار اور تحقیقات کی نوعیت پر سوالات اٹھائے ہیں۔

حارث رؤف کی ٹیسٹ کرکٹ میں واپسی کی خواہش، سری لنکا سیریز پر نظریں

لاہور (آئی این پی) پاکستان کے فاسٹ بولر حارث رؤف نے پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون میں پاکستان ٹیلی ویژن کی جانب سے شاندار آغاز کے بعد ٹیسٹ کرکٹ میں واپسی کی خواہش ظاہر کردی۔ حارث رؤف نے آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ کے خلاف پہلے راؤنڈ کے میچ میں 5 وکٹیں حاصل کر کے طویل فارمیٹ کے لیے اپنی تیاری کا مضبوط اشارہ دیا۔ 32 سالہ فاسٹ بولر نے پاکستان کی جانب سے اب تک صرف ایک ٹیسٹ کھیلا ہے۔ انہوں نے دسمبر 2022 میں راولپنڈی میں انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ ڈیبیو کیا تھا جس میں ایک وکٹ حاصل کی، تاہم فیلڈنگ کے دوران ران کے پٹھے میں انجری کے باعث وہ سیریز میں مزید حصہ نہیں لے سکے۔ حارث نے اس ٹیسٹ میں صرف 13 اوورز کرائے تھے اور اس کے بعد سے پاکستان کی ریڈ بال ٹیم کا حصہ نہیں بنے۔ انی گریڈ ون میں پاکستان ٹیلی ویژن کی جانب سے شاندار آغاز کے بعد ٹیسٹ کرکٹ میں واپسی کی خواہش ظاہر کردی۔ حارث رؤف نے آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ کے خلاف پہلے راؤنڈ کے میچ میں 5 وکٹیں حاصل کر کے طویل فارمیٹ کے لیے اپنی تیاری کا مضبوط اشارہ دیا۔ 32 سالہ فاسٹ بولر نے پاکستان کی جانب سے اب تک صرف ایک ٹیسٹ کھیلا ہے۔ انہوں نے دسمبر 2022 میں راولپنڈی میں انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ ڈیبیو کیا تھا جس میں ایک وکٹ حاصل کی

ایشین گیمز' پاکستان کے گھوڑے ایڈن ڈو وریٹ کی جاپان بحفاظت آمد

ٹوکیو (آئی این پی) پاکستان کے ایکوسٹرین ایتھلیٹ عثمان خان کا گھوڑا ایڈن ڈو وریٹ المعروف میراج ایشین گیمز میں شرکت کے لیے بحفاظت جاپان پہنچ گیا، تاہم گھوڑے کے ضروری سامان اور طبی کٹس کی ایک کھیپ کی ترسیل میں تاخیر کا سامنا ہے۔ پاکستان ایشین گیمز میں پہلی مرتبہ اولمپک ڈسپلن ایوننگ میں شرکت کرے گا، جہاں عثمان خان اور ایڈن ڈو وریٹ پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔ ایکوسٹرین مقابلے 20 سے 23 ستمبر تک ٹوکیو کے جے آر اے ایکوسٹرین پارک میں ہوں گے۔ ایڈن ڈو وریٹ کی جاپان آمد کے باوجود پاکستان ٹیم کے کچھ ضروری سامان کی بروقت ترسیل نہیں ہوسکی، گھوڑوں اور ایکوسٹرین سامان کو اولمپکس اور ایشین گیمز کے لیے منتقل کرنے کے ذمہ دار ایجنٹس کی جانب سے قومی فیڈریشنز کو بتایا گیا کہ متعدد قومی اولمپک کمیٹیوں کا سامان مقررہ وقت پر مقام تک نہیں پہنچ سکا۔ ایجنٹس کے مطابق اصل بکنگ کے علاوہ مزید 4 ہزار 900 کلوگرام سامان لیج پہنچ گیا تھا، تاہم طیارے کے وزن کی مقررہ حد کے باعث تمام سامان ایک ہی پرواز میں منتقل نہیں کیا جاسکا۔ لیج پہنچنے کے بعد تمام سامان کو ایک مشترکہ کھیپ کا حصہ بنادیا گیا، جس کے باعث کسی مخصوص قومی اولمپک کمیٹی کا سامان الگ کر کے پرواز سے اتارنا ممکن نہیں تھا۔ ایجنٹس کے مطابق سامان کی جاپان منتقلی میں تیزی لانے کے لیے فوری اقدامات کیے گئے ہیں۔ جاپان پہنچنے کے بعد سامان کسٹمز کلیئرنس کے مرحلے سے گزرے گا جس کے بعد اسے ایکوسٹرین مقابلوں کے مقام تک منتقل کیا جائے گا۔ مقابلوں کا آغاز 20 ستمبر کو گھوڑوں کے طبی معائنے سے ہوگا

ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی' میزبان بھارت نے نیوٹرل وینیو کی پاکستان کی درخواست مسترد کردی

دہلی (آئی این پی) ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی ایشو پر ہاکی انڈیا نے پاکستان کی درخواست مسترد کردی۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان ہاکی فیڈریشن نے ایشین ہاکی فیڈریشن سے درخواست کی تھی کہ پاکستان کے میچز نیوٹرل مقام پر منتقل کیے جائیں یا پھر چیمپئنز ٹرافی کا مقام ہی بھارت سے باہر کسی غیر جانبدار ملک میں رکھا جائے۔ جس پر بھارتی ہاکی فیڈریشن کے سیکرٹری بھولا ناتھ سنگھ نے اپنا ردعمل دیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق انڈین ہاکی فیڈریشن کا موقف ہے کہ ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی بھارت میں ہی کھیلی جائے گی۔ انڈین ہاکی فیڈریشن کا کہنا ہے کہ پاکستان کو بھی بھارت میں کھیلنا ہوگا، پاکستان نہیں آتا تو پہلے سے اعلان کردہ متبادل ٹیم کو مدعو کریں گے۔ واضح رہے کہ چیمپئنز ٹرافی 27 اکتوبر سے 5 نومبر تک جالندھر اور موہالی میں کرانے کا اعلان کیا گیا ہے۔ دو روز قبل بھارتی پنجاب کے وزیراعلی نے شیڈول کے اعلان پر دعوی کیا تھا کہ پاکستانی ٹیم بھی کھیلنے آئے گی۔ دوسری جانب ایشین ہاکی فیڈریشن کی طرف سے اس حوالے سے تاحال کوئی موقف سامنے نہیں آیا ہے۔

تیسرا ٹی ٹوئنٹی وہیل چیئر کرکٹ ایشیا کپ پاکستان سے نیوٹرل وینیو منتقل

لاہور (آئی این پی) تیسرا ٹی ٹوئنٹی وہیل چیئر کرکٹ ایشیا کپ پاکستان سے نیوٹرل وینیو منتقل کردیا گیا ہے۔ ایونٹ کی میزبانی سے متعلق فیصلہ انٹرنیشنل کونسل آف وہیل چیئر کرکٹ اور پاکستان وہیل چیئر کرکٹ کونسل کے مشترکہ اجلاس میں باہمی رضامندی سے کیا گیا۔ پاکستان وہیل چیئر کرکٹ کونسل نے ایشیا کپ کی میزبانی کے حقوق انٹرنیشنل کونسل آف وہیل چیئر کرکٹ کو واپس کردیے ہیں۔ حکام کے مطابق ایونٹ کی منتقلی کا فیصلہ لاجسٹک مسائل اور خطے کی تمام ٹاپ ٹیموں کی شرکت یقینی بنانے کے لیے کیا گیا۔ بعض ٹیموں کو پاکستان کے سفر میں درپیش پابندیوں کے باعث بھی ٹورنامنٹ کا وینیو تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ تیسرا ٹی ٹوئنٹی وہیل چیئر کرکٹ ایشیا کپ 29 ستمبر سے کراچی اور حیدرآباد میں شیڈول تھا، تاہم یہ ایونٹ اس سے قبل بھی دو مرتبہ ملتوی ہوچکا ہے۔ آئندہ اجلاس میں ایشیا کپ کے نئے وینیو، نئی تاریخوں اور ایونٹ میں شرکت کرنے والی چھ ٹیموں کا باضابطہ اعلان کیا جائے گا۔ انٹرنیشنل کونسل آف وہیل چیئر کرکٹ پاکستان میں ورلڈ سیریز اور دوطرفہ سیریز کی میزبانی کے حقوق برقرار رکھے گی۔

سابق انگلش فٹبالر نے خطرناک ڈرائیونگ اور نائٹرس آکسائیڈ رکھنے کا اعتراف کرلیا

لندن (آئی این پی) انگلینڈ کے سابق فٹبالر رحیم اسٹرلنگ نے مئی میں لیمبورگینی حادثے سے قبل موٹروے پر خطرناک ڈرائیونگ کرنے کا اعتراف کرلیا۔ برطانوی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق 31 سالہ اسٹرلنگ نے نائٹرس آکسائیڈ رکھنے اور سانس کے ذریعے غلط استعمال کرنے کے الزام کے ساتھ پولیس کو تجزیے کے لیے نمونہ فراہم نہ کرنے کا بھی اقرار کیا۔ بیسنگ اسٹوک مجسٹریٹس کورٹ میں سماعت کے دوران بتایا گیا کہ اسٹرلنگ 28 مئی کی صبح ایم 25، ایم 3، اے 327 اور منلی روڈ پر لیمبورگینی یوروس چلا رہے تھے۔ ایم 3 پر گاڑی مرکزی ڈیوائیڈر کی جانب چلی گئی، بعدازاں اے 327 سے اتر کر سڑک کے کنارے موجود انفرااسٹرکچر سے ٹکرا گئی۔ حادثے کے نتیجے میں گاڑی اور اس کے چاروں پہیوں کو نمایاں نقصان پہنچا جس کے باعث وہ مزید سفر کے قابل نہیں رہی۔ پولیس نے گاڑی سے نائٹرس آکسائیڈ کے چھ کینسٹرز بھی برآمد کیے۔ عدالت کو بتایا گیا کہ گواہوں نے اسٹرلنگ کو گاڑی چلاتے ہوئے خطرناک انداز میں لین تبدیل کرتے اور غبارے سے نائٹرس آکسائیڈ استعمال کرتے دیکھا۔

بعدالت تحصیلدار/درجہ اول اسسٹنٹ کلکٹر سریاب کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ مسمی محمد دانیال کاسی ولد خدائیداد کاسی قوم کاسی ساکندھ درخواست پیش کیا گیا کہ میرا والد خدائیداد مرحوم کاسی ولد صوفی شیر محمد مرحوم کاسی وفات پاچکا ہے جس کی وراثت انتقال کیلئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے شرعی فتویٰ کے مطابق جائز وارثان عالیہ خدائیداد بیوہ، محمد دانیال کاسی، محمد نہال خان کاسی، پسران تانیہ خدائیداد کاسی، رانیاں، بی بی ہانیہ بی بی دختر خدائے داد کاسی قوم کاسی ساکندھ ہیں۔ لہذا اس بارے میں اگر کوئی شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذر واعتراض ہو تو اندر 7 یوم زیر دستخطی کو پیش کرے بعدازمعیاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ اشتہار ہذا 17/9/2026 کو میرے دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

تحصیلدار سریاب کوئٹہ

بعدالت تحصیلدار/درجہ اول اسسٹنٹ کلکٹر سریاب کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ مسمی بشیر احمد ولد حضور بخش قوم لانگو ساکندھ درخواست پیش کیا گیا کہ میرا والد حضور بخش مرحوم ولد کریم بخش قوم لانگو ساکندھ وفات پاچکا ہے، جس کی وراثت انتقال کیلئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے شرعی فتویٰ کے مطابق جائز وارثان خیر النساء بیوہ، کبیر احمد، بشیر احمد، نور احمد پسران بی بی شمیم، بی بی خالدہ، بی بی حبیبہ، بی بی عائشہ، بی بی فاطمہ دختران حضور بخش قوم لانگو ساکندھ ہیں۔ لہذا اس بارے میں اگر کوئی شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذر واعتراض ہوتو اندر 7 یوم زیر دستخطی کو پیش کرے بعدازمعیاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ اشتہار ہذا کو میرے دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

تحصیلدار سریاب کوئٹہ

ازعدالت تحصیلدار/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل کربلا وضلع پشین

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ مسمی سید سلمان شاہ ولد لعل شاہ قوم سید ساکن کلی کربلا موضع سرخاب کربلا موضع بند کربلا موضع بورہ شاہ سرکل بند خوشدل خان تحصیل کربلا وضلع پشین نے ایک قطعہ درخواست مورخہ 17/9/2026 کو برائے اندراج وراثت انتقالات زیر دستخطی کے عدالت میں پیش کی ہیں کہ سید لعل شاہ ولد صالح محمد قوم سید کربلا ساکن کلی کربلا بروئے پیش کردہ شرعی فتویٰ از مدرسہ یا خطیب سید عبداللہ شاہ جامع مسجد کہ بقضائے الٰہی وفات پاچکا ہے بروئے شرعی فتویٰ جس کے وارثان مسمی پسران سید سبحان علی، سید محمد شفیع، سید محمد ولی، سید محمد ہاشم، سید محمد اسماعیل، سید محمد سلمان شاہ، سید محمد نسیم، سید محمد اکرم، سید محمد اسلم شاہ پسر بی بی حواء، بی بی سلطانی، بی بی فاطمہ، بی بی عائشہ، بی بی حبیب زائی، بی بی رازیمہ، بی بی ذالحجہ، بی بی صوفیہ دختران سید لعل شاہ قوم سید کربلا تحصیل کربلا وضلع پشین انتقالات وراثت درج ریکارڈ مال کرنا مطلوب ہیں لہذا اگر انتقال وراثت پر کسی آس پاس زمینداران دھہ کسی سرکاری کا غیر سرکاری ادارے یا تعلق داران کا کوئی اعتراضات ہیں تو وہ اندر سات یوم اپنے اعتراضات زیر دستخطی کو اصالتاً یا وکالتاً پیش کریں بعد گزرنے متعین معیاد کوئی اعتراض یا عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقالات وراثت حسب ضابطہ درج ریکارڈ مال کیا جائیگا۔ اشتہار ہذا 17/9/2026 کو میرے دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

تحصیلدار کربلا ضلع پشین

کوئٹہ The Pioneers High School دوپائنیرز ہائی سکول کے پرائمری سیکشن کے طلبہ وطالبات کو مذمل احمد خان تیراندازی کھیل کی تربیت دے رہے ہیں

کوئٹہ، رکن صوبائی اسمبلی وخادم واشک حاجی میر زاہد علی ریکی کلی علیان اور مدینہ کالونی واشک میں تین کروڑ کی لاگت سے حفاظتی بند کے منصوبے پر کام مکمل ہونے پر معائنہ کر رہے ہیں

گوادر، ماں اور بچے کی صحت کے ہفتے کے تحت خواتین کو حفاظتی ٹیکہ جات بچوں کی صحت اور صفائی سے متعلق آگاہی فراہم کی جا رہی ہے

بقیہ 01

زولوجی؛ اور شہیک، لیکچرار شعبہ کمپیوٹر سائنس نے شرکت کی، جبکہ ڈاکٹر مہتاب ابراہیم نے آن لائن اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کا ایک اہم نکتہ بی ایس زولوجی (فشریز اینڈ ایکوا کلچر) پروگرام کے نظرثانی شدہ نصاب کا تفصیلی جائزہ تھا۔ بورڈ کے اراکین نے مجوزہ ترامیم پر تفصیلی غور کیا، جس میں طلبہ کو زولوجی کے بنیادی علوم، فشریز اور ایکوا کلچر کی تخصصی تعلیم، بین الشعبہ جاتی سیکھنے اور جدید تکنیکی مہارتوں پر مشتمل متوازن تعلیمی بنیاد فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دی گئی۔ اجلاس میں انڈر گریجویٹ پروگرام میں مصنوعی ذہانت کو بین الشعبہ جاتی/جنرل کورس کے طور پر متعارف کرانے پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔ اس سلسلے میں مجوزہ کورس آؤٹ لائن، کریڈٹ آورز، تعلیمی مقاصد اور کورس کے مواد پر گفتگو کی گئی۔ بورڈ کے اراکین نے طلبہ میں مصنوعی ذہانت سے متعلق بنیادی آگاہی اور فہم پیدا کرنے کی اہمیت پر زور دیا اور بی ایس زولوجی (فشریز اینڈ ایکوا کلچر) کے نصاب میں اس کورس کو لازمی حیثیت دینے کی تجویز پر غور کیا۔ یہ اقدام پروگرام کو عصری تقاضوں اور قومی سطح پر اعلیٰ تعلیم کے موجودہ معیارات سے ہم آہنگ کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا گیا۔

بقیہ 02

انٹرا ایکٹو سیشن سے خطاب کر رہے تھے۔ تقریب میں طلبہ وطالبات، اساتذہ، ٹرسٹ کے عہدیداران اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی کی تقریب میں آمد پر طلبہ وطالبات نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ پھول پیش کیے گئے، ریڈ کارپٹ بچھایا گیا جبکہ روایتی انداز میں مہمان خصوصی کو تقریب میں خوش آمدید کہا گیا۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کی سعادت قاری محمد انس نے حاصل کی۔ اس کے بعد نعت رسول مقبول ﷺ، اسمائے حسنیٰ اور دیگر پروگرام پیش کیے گئے۔ طلبہ کی جانب سے کلام اقبال بھی پیش کیا گیا

بقیہ 03

تبدیلیوں سے نمٹنے، تعلیم، صحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، تجارت، سرمایہ کاری اور پائیدار ترقی سمیت مختلف شعبوں میں پاکستان اور ڈنمارک کے درمیان تعاون کو مزید وسعت دینے، افرادی قوت کی ترقی اور ثقافتی روابط کے فروغ کی اہمیت پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ ڈنمارک کی سفیر ماجا ڈیروس مورٹینسن نے کہا کہ ڈنمارک، پاکستان کے ساتھ جاری تین سالہ شراکت داری پروگرام کے تحت گرڈ پلاننگ، ڈیٹا سسٹمز اور توانائی کی کارکردگی سے متعلق اصلاحات میں تعاون کر رہا ہے، ڈنمارک کی کمپنیاں پاکستان کے زرعی اور آئی ٹی کے شعبوں میں گہری دلچسپی رکھتی ہیں جبکہ ڈنمارک اور پاکستان کے درمیان پائیدار بندرگاہوں اور مارسک کے ٹرانس شپمنٹ پورٹ کے حوالے سے بھی اہم شراکت داری کے معاہدے موجود ہیں، جس کا مقصد ماحول دوست سمندری ٹیکنالوجیز کی مدد سے پاکستان کے سمندری ڈھانچے کو جدید بنانا، بندرگاہی آپریشنز کو بہتر بنانا اور توانائی کی بچت پر مبنی شپنگ شامل ہیں۔ مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز شاہ نے پاکستان کے ساتھ ڈنمارک کی دیرینہ شراکت داری کو سراہا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنا کر مشترکہ ترقی اور خوشحالی کے نئے مواقع پیدا کیے جائیں گے۔ ڈنمارک کی سفیر نے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ یہ ملاقات دونوں ممالک کے درمیان، تجارت، سرمایہ کاری، آئی ٹی اور نئی مارکیٹوں تک رسائی کے میدان میں شراکت داری بڑھانے سمیت پاکستان اور ڈنمارک تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں معاون ثابت ہوگی۔ حکومت پاکستان کے مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز شاہ نے کہا کہ پاکستان ماحول دوست سمندری طریقہ کار اپنانے کیلئے فیصلہ کن اقدامات کر رہا ہے، پائیدار سمندری ٹیکنالوجیز کو اپنانے سے پاکستانی بندرگاہوں پر ماحولیاتی کارکردگی میں بہتری آئے گی، شمسی اور ہوائی توانائی جیسے قابل تجدید ذرائع کو بندرگاہی آپریشنز میں شامل کیے جانے سے فوسل فیول پر انحصار کم ہو جائے گا۔ پاکستان کے ساتھ جاری تین سالہ شراکت داری پروگرام کے تحت گرڈ پلاننگ، ڈیٹا سسٹمز اور توانائی کی کارکردگی سے متعلق اصلاحات میں تعاون کر رہا ہے، ڈنمارک کی کمپنیاں پاکستان کے زرعی اور آئی ٹی کے شعبوں میں گہری دلچسپی رکھتی ہیں جبکہ ڈنمارک اور پاکستان کے درمیان پائیدار بندرگاہوں اور مارسک کے ٹرانس شپمنٹ پورٹ کے حوالے سے بھی اہم شراکت داری کے معاہدے موجود ہیں، جس کا مقصد ماحول دوست سمندری ٹیکنالوجیز کی مدد سے پاکستان کے سمندری ڈھانچے کو جدید بنانا، بندرگاہی آپریشنز کو بہتر بنانا اور توانائی کی بچت پر مبنی شپنگ شامل ہیں۔ مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز شاہ نے پاکستان کے ساتھ ڈنمارک کی دیرینہ شراکت داری کو سراہا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنا کر مشترکہ ترقی اور خوشحالی کے نئے مواقع پیدا کیے جائیں گے۔ ڈنمارک کی سفیر نے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ یہ ملاقات دونوں ممالک کے درمیان، تجارت، سرمایہ کاری، آئی ٹی اور نئی مارکیٹوں تک رسائی کے میدان میں شراکت داری بڑھانے سمیت پاکستان اور ڈنمارک تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں معاون ثابت ہوگی۔ حکومت پاکستان کے مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز شاہ نے کہا کہ پاکستان ماحول دوست سمندری طریقہ کار اپنانے کیلئے فیصلہ کن اقدامات کر رہا ہے، پائیدار سمندری ٹیکنالوجیز کو اپنانے سے پاکستانی بندرگاہوں پر ماحولیاتی کارکردگی میں بہتری آئے گی، شمسی اور ہوائی توانائی جیسے قابل تجدید ذرائع کو بندرگاہی آپریشنز میں شامل کیے جانے سے فوسل فیول پر انحصار کم ہوجائے گا۔

بقیہ 04

دوران زیر التواء مقدمات اور عوام کو درپیش ریونیو مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جبکہ متعدد کیسز کو قانون اور مروجہ قواعد وضوابط کے مطابق نمٹاتے ہوئے فریقین کو ریلیف فراہم کیا گیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے متعلقہ ریونیو افسران و اہلکاروں کو ہدایت کی کہ عوامی نوعیت کے ریونیو معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور زیر التواء مقدمات کی جلد از جلد قانونی تقاضوں کے مطابق یکسوئی یقینی بنائی جائے انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کا مقصد عوام کو ریونیو سے متعلق مسائل کے حل کے لیے بروقت اور شفاف سہولیات فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے ریونیو ریکارڈ کی درستگی، شفافیت اور عوامی شکایات کے ازالے پر خصوصی توجہ دینے کی بھی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی تاخیر یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی اور ریونیو معاملات کو قانون وقواعد کے مطابق شفاف انداز میں نمٹانے کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 05

کردار ادا کرنا ہوگا، کمیونٹی کو متحرک اور والدین کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے پر آمادہ کرنے کیلئے مسلسل اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب تک ضرورت ہوگی پولیو سے بچاؤ کی مہمات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، کیونکہ اگر وائرس کو پھیلنے کا موقع ملا تو اس پر قابو پانا انتہائی مشکل ہوجائے گا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان میں پولیو سے بچاؤ اور اس کے خاتمے کے حوالے سے منعقدہ آگاہی و مشاورتی نشست کے دوران کیا۔ اس موقع پر ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے حاجی محمد ایوب مریانی، سابق صدر جمعہ خان بادیزئی، سابق سینئر نائب صدر آغا گل خلجی، یونیسیف کی فوکل پرسن محترمہ معصومہ اور ایمرجنسی آفیسر مسٹر خالد خان و دیگر بھی موجود تھے۔ اس موقع پر ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے حاجی محمد ایوب مریانی، سابق صدر جمعہ خان بادیزئی، سابق سینئر نائب صدر آغا گل خلجی اور دیگر نے پولیو کے خاتمے کیلئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ جہاں بھی ضرورت محسوس ہوئی، بزنس کمیونٹی پولیو مہمات کی کامیابی کیلئے قبائلی مشران، علما کرام اور دیگر طبقات کے ساتھ مل کر کمیونٹی کو متحرک کرنے میں اپنا کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے مختلف علاقوں میں پولیو کے قطرے پلانے سے انکار کرنے والے والدین کو قائل کرنے کیلئے بھی بھرپور کوششیں کرنے کے عزم کا اظہار کیا

بقیہ 06

تحفظات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ میر اللہ بادینی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی، سکھ برادری کے نمائندوں اور متروکہ اوقاف املاک بورڈ کے متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران آرچر روڈ پر متروکہ اوقاف کی اراضی پر کمرشل پلازہ کی تعمیر کے حوالے سے مختلف قانونی اور انتظامی امور پر غور کیا گیا۔ ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ مذکورہ منصوبے کے کنٹریکٹر کی جانب سے میٹروپولیٹن کارپوریشن سے این او سی اور منظور شدہ نقشہ اور دیگر ضروری قانونی دستاویزات مکمل کیے بغیر ڈبل بیسمنٹ کی تعمیر شروع کر دی گئی تھی، جس پر میٹروپولیٹن کارپوریشن نے فوری کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی تعمیراتی کام رکوادیا۔ انہوں نے بتایا کہ سڑک کو کلیئر رکھنے اور عوام کی حفاظت کے لیے پروٹیکشن وال بھی لگائی گئی ہے، جبکہ منصوبے کے حوالے سے میونسپل قوانین اور دیگر قانونی تقاضوں کی پابندی ضروری ہے۔ دوسری جانب متروکہ اوقاف املاک بورڈ کے حکام نے اجلاس کو بتایا کہ مذکورہ اراضی پر کوئی گوردوارہ موجود نہیں تھا بلکہ یہ متروکہ اوقاف کی ملکیتی اراضی ہے، جسے ماضی میں ایک اسکول کو کرائے پر دیا گیا تھا۔ حکام کے مطابق اراضی کو کمرشل مقاصد کے لیے استعمال میں لانے سے قبل متعلقہ قانونی کارروائی، ٹینڈرنگ اور دیگر ضابطے مکمل کیے گئے، جس کے بعد کمرشل پلازہ کی تعمیر کے لیے ٹینڈر جاری کیا گیا۔ متروکہ اوقاف حکام نے مزید بتایا کہ منصوبے کے متعلقہ کنڈکٹر کی جانب سے میٹروپولیٹن کارپوریشن سے نقشہ منظور نہ کروانے اور این او سی حاصل نہ کرنے کی ذمہ داری متعلقہ کنٹریکٹر پر عائد ہوتی ہے۔ اس معاملے میں ٹینڈر کی شرائط کے مطابق متعلقہ کنٹریکٹر کے خلاف کارروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔ اجلاس میں سکھ برادری کے نمائندوں نے بھی اراضی پر کمرشل پلازہ کی تعمیر کے حوالے سے اپنے تحفظات کا اظہار کیا۔ نمائندوں کا موقف تھا کہ منصوبے کے معاملے میں سکھ برادری کو اعتماد میں نہیں لیا گیا، جس کے باعث ان کے تحفظات تاحال برقرار ہیں۔ اس موقع پر کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری نے متروکہ اوقاف املاک بورڈ کے افسران کو ہدایت کی کہ آرچر روڈ پلازہ منصوبے سے متعلق تمام قانونی دستاویزات، ٹینڈر کی تفصیلات، متعلقہ کنٹریکٹر کے ساتھ معاہدے کی نقول اور منصوبے کے آئندہ لائحہ عمل کے حوالے سے مکمل رپورٹ پیش کی جائے۔ کمشنر نے مزید ہدایت کی کہ منصوبے کے قانونی پہلوؤں کا مکمل جائزہ لیا جائے اور سکھ برادری کے تحفظات کو باہمی مشاورت اور شفاف انداز میں دور کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔ حکام کے مطابق اراضی کو کمرشل مقاصد کے لیے استعمال میں لانے سے قبل متعلقہ قانونی کارروائی، ٹینڈرنگ اور دیگر ضابطے مکمل کیے گئے، جس کے بعد کمرشل پلازہ کی تعمیر کے لیے ٹینڈر جاری کیا گیا۔ متروکہ اوقاف حکام نے مزید بتایا کہ منصوبے کے متعلقہ کنڈکٹر کی جانب سے میٹروپولیٹن کارپوریشن سے نقشہ منظور نہ کروانے اور این او سی حاصل نہ کرنے کی ذمہ داری متعلقہ کنٹریکٹر پر عائد ہوتی ہے۔ اس معاملے میں ٹینڈر کی شرائط کے مطابق متعلقہ کنٹریکٹر کے خلاف کارروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔ اجلاس میں سکھ برادری کے نمائندوں نے بھی اراضی پر کمرشل پلازہ کی تعمیر کے حوالے سے اپنے تحفظات کا اظہار کیا۔ نمائندوں کا موقف تھا کہ منصوبے کے معاملے میں سکھ برادری کو اعتماد میں نہیں لیا گیا، جس کے باعث ان کے تحفظات تاحال برقرار ہیں۔ اس موقع پر کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری نے متروکہ اوقاف املاک بورڈ کے افسران کو ہدایت کی کہ آرچر روڈ پلازہ منصوبے سے متعلق تمام قانونی دستاویزات، ٹینڈر کی تفصیلات، متعلقہ کنٹریکٹر کے ساتھ معاہدے کی نقول اور منصوبے کے آئندہ لائحہ عمل کے حوالے سے مکمل رپورٹ پیش کی جائے۔ کمشنر نے مزید ہدایت کی کہ منصوبے کے قانونی پہلوؤں کا مکمل جائزہ لیا جائے اور سکھ برادری کے تحفظات کو باہمی مشاورت اور شفاف انداز میں دور کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 07

پی سیوی عبدالحمید، اسسٹنٹ کمشنر سیوی عمران مندوخیل، مختلف محکموں کے افسران اور خواتین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سیوی نے کہا کہ اسلامی قوانین ہوں یا سپریم کورٹ آف پاکستان کے فیصلے، دونوں میں خواتین کے حقوق کو اولین ترجیح حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھلی کچہری بلانے کا مقصد یہی تھا کہ عوامی مسائل کا جو پہلو نظرانداز رہ جاتا ہے، اسے براہِ راست سن کر حل کیا جائے۔ کھلی کچہری میں خواتین نے اپنے مسائل ڈپٹی کمشنر کے سامنے بیان کیے اور تحریری درخواستیں بھی جمع کروائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے متعدد قابل حل مسائل موقع پر ہی نمٹا دیے، ڈپٹی کمشنر سیوی نے کہا کہ اس نوعیت کی کھلی کچہریاں آئندہ بھی تسلسل کے ساتھ منعقد کی جاتی رہیں گی تاکہ عوام، بالخصوص خواتین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا سکے اور انتظامیہ اور عوام کے درمیان براہِ راست رابطے کو مزید مؤثر بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے اور کسی بھی مسئلے کو نظرانداز نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت کے اس اہم منصوبے کے تحت ضلع سیوی میں تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے وسیع پیمانے پر ترقیاتی منصوبے مکمل کیے گئے ہیں، جن سے علاقے کے عوام کو براہِ راست فائدہ پہنچ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتِ بلوچستان عوام کی فلاح و بہبود کے لیے پُرعزم ہے اور اس مقصد کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 08

نصیر احمد پر مسلح افراد کی کے تشدد کی شدید الفاظ میں مذمت بی یو جے اور پریس کلب نے پولس سے ملزمان کے خلاف فوری کارڑکا مطالبہ کیا ہے ایک مشترکہ بیان میں کہا گیا باری کاکڑ نامی شخص جو اپنے آپ کو سماجی رہنما بتاتا ہے گزشتہ روز صحافی نصیر احمد ایک گھریلو جھگڑے کا تصفیہ کرانے کے لئے اپنے دیگر چار دوستوں کے ہمراہ باری کاکڑ کے ان کے بلوانے پر گئے تھے جس پر مزکورہ شخص نے تصفیہ کرانے والوں پر حملہ آور ہوکر نا صرف تشدد کا نشانہ بنایا بلکہ صحافی اور دیگر تصفیہ کرانے والوں کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں بی یو جے اور کوئٹہ پریس کلب نے پولیس سے مطالبہ کیا کہ ملزم کے خلاف فوری قانونی کارروائی کی جائے۔

بقیہ 09

بنیادی مسائل کی عکاسی کرنے میں انتہائی اہم کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے کسی بھی صحافی کو ذاتی یا پیشہ ورانہ معاملات کی بنیاد پر تشدد، دباؤ یا دھمکیوں کا نشانہ بنانا ایک انتہائی تشویشناک امر ہے۔ چیئرمین تحصیل پریس کلب گنداخہ نے اعلیٰ پولیس حکام سے پرزور مطالبہ کیا کہ اس پورے واقعے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کر کے حقائق جلد از جلد سامنے لائے جائیں، اور اگر الزامات درست ثابت ہوں تو اس میں ملوث تمام عناصر کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی کی جائے تاکہ صحافیوں کے مکمل تحفظ اور معاشرے میں قانون کی بالادستی کو یقینی بنایا جا سکے۔ فرید احمد بلوچ نے سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ تحصیل پریس کلب گنداخہ ہر لمحہ اپنی صحافتی برادری کے شانہ بشانہ کھڑا ہے اور صحافیوں کے تحفظ، عزت و وقار اور آزادیٔ اظہار کے لیے ہر آئینی و قانونی فورم پر بھرپور آواز بلند کی جائے گی۔

بقیہ 10

محکمہ صحت کے افسران نے بھی بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے اور والدین کو انسدادِ پولیو مہم کی اہمیت وافادیت کے حوالے سے آگاہی فراہم کی۔ ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ پولیو ورکرز قومی ذمہ داری سمجھتے ہوئے مہم کو کامیاب بنانے میں اپنا مثبت اور مؤثر کردار ادا کریں اور ضلع بھر میں مقررہ ہدف کے مطابق ہر بچے تک رسائی یقینی بنائی جائے، جبکہ جن محکموں کے افسران کو مہم کی مانیٹرنگ کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں وہ اپنی ذمہ داریاں بہتر انداز میں انجام دیتے ہوئے فیلڈ میں پولیو ٹیموں کی کارکردگی کی مؤثر نگرانی کریں تاکہ کوئی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔

بقیہ 11

شبیر لہڑی نے بتایا کہ ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ کیلئے امیدواروں کو صبح آٹھ بجے تک سنٹرز پہنچنے کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ ٹیسٹ صبح دس بجے شروع ہوگا موبائل فون اور الیکٹرونک آلات سنٹرز میں لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

بقیہ 12

مطابق یہ اقدام صوبائی سطح پر ایک حکمت عملی کے تحت شروع کیا گیا ہے جس کا مقصد ان بچوں کو تعلیم دینا، داخلہ دلانا اور معاونت کرنا ہے جو باقاعدہ تعلیمی نظام سے باہر ہیں۔ یہ منصوبہ صوبہ بھر میں جدید اینگلز پرائیویٹ اور کمیونٹی شراکت داری ماڈل کے ذریعے تعلیمی رسائی کو پھیلانے کے لئے بی ای ایف کے دیرینہ مشن کی عکاسی کرتا ہے۔ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے اس سنہرے موقع کو علاقہ میں تعلیم کے حق میں بہترین انداز میں لاگو کر کے ضلع خضدار کے لیے کل 190 نئے کمیونٹی اسکول منظور کروائے۔ یہ وہ اسکول ہیں جو ضلع کے پسماندہ ترین علاقوں میں قائم کیے گئے ہیں جہاں آج سے پہلے تعلیم کا کوئی تصور بھی نہیں تھا۔ ان اسکولوں کے قیام سے براہ راست 10 ہزار کے لگ بھگ بچے اور بچیاں زیور علم سے منور ہو رہی ہیں جس کے مثبت اور دور رس اثرات مرتب ہوں گے۔ اعداد و شمار کے مطابق ضلع خضدار میں BEF کے تحت اس وقت کل اسکولوں کی تعداد 190 ہے۔ جس میں 140 نئے اسکول ہیں جبکہ 50 پرانے اسکول پہلے سے فعال تھے۔ ان اسکولوں میں اس وقت کل داخلہ 9540 ہے جس میں 5760 لڑکے اور 3780 لڑکیاں شامل ہیں۔ یہ تعداد اس بات کا ثبوت ہے کہ والدین اب اپنی بچیوں کی تعلیم میں بھی دلچسپی لے رہے ہیں۔ ان اسکولوں کو چلانے کے لیے کل 221 اساتذہ کی خدمات حاصل کی گئی ہیں جن میں 101 مرد اساتذہ اور 120 خواتین اساتذہ شامل ہیں۔ خواتین اساتذہ کی بڑی تعداد اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ مقامی سطح پر خواتین کو روزگار بھی فراہم کیا جا رہا ہے۔ ان 221 اساتذہ میں سے 150 اساتذہ کو باقاعدہ پروفیشنل ٹریننگ دی جا چکی ہے جبکہ 71 اساتذہ کی ٹریننگ کا عمل جاری ہے تاکہ تعلیم کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ ہو۔ سہولیات کے حوالے سے بھی BEF خضدار نے قابل ذکر کام کیا ہے۔ 190 اسکولوں میں سے 160 اسکولوں میں پینے کا صاف پانی مہیا کر دیا گیا ہے جو کہ کل 84.2 فیصد بنتا ہے، جبکہ صرف 30 اسکول (15.8 فیصد) ایسے ہیں جہاں پانی کی سہولت پر کام جاری ہے۔ تحصیل وار تقسیم کی بات کی جائے تو سب سے زیادہ اسکول تحصیل خضدار میں 90 قائم کیے گئے ہیں۔ اس کے بعد تحصیل نال میں 46، تحصیل وڈھ میں 43، تحصیل زہری میں 7 اور تحصیل کرخ میں 4 کمیونٹی اسکول قائم کیے گئے ہیں۔ یوں دور دراز کے علاقے جیسے مولہ، کرخ اور زہری تک بھی تعلیم کی روشنی پہنچ چکی ہے۔ ضلعی انتظامیہ اور BEF حکام کا کہنا ہے کہ یہ صرف آغاز ہے۔ اگلے مرحلے میں ان اسکولوں میں فرنیچر، واش رومز اور بجلی کی سہولیات کو بھی سو فیصد کیا جائے گا۔ اس اقدام سے خضدار جیسے وسیع وعریض ضلع میں جہاں خواندگی کی شرح انتہائی کم تھی، اب ایک نئے تعلیمی انقلاب کی بنیاد رکھ دی گئی ہے۔

بقیہ 13

مستونگ کے جملہ مسائل کے حل کے لیے نیشنل پارٹی کے احتجاج میں بھرپور شرکت کریں۔ مستونگ سٹی اور گردونواح کے علاقے مسائل میں گرے ہوئے ہیں پانی بجلی گیس چوری ڈکیتی اور سڑکوں کی بندش نے مستونگ کے باسیوں کی زندگی اجیرن کر دی گئی ہے ان مسائل سے نجات کے لیے آواز بلند کرنے کے لیے نیشنل پارٹی مستونگ کے 17 ستمبر بمقام سلطان شہید چوک شرکت کر کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے آواز بلند کریں

بقیہ 14

نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ایس ڈی او واپڈا سبی میر مولا بخش سوکنگی ایل ایس حاجی غلام حسین آرائیں، میر طارق بگٹی، جلال االدین جاموٹ، محمد بخش مہیسر فضل احمد بابو عبدالمجید کھوسہ محمد علی سومرو، محمد عالم کلہواڑ، فیض محمد بگٹی، محمد ابراہیم یوسف زئی، شعیب احمد، افتخار احمد کے علاوہ سبی یونین آف جرنلسٹس کے آرگنائزر میر ظہور احمد مگسی سیدطاہر علی بھی موجود تھے ایکسین واپڈا سبی انجینئر میر ظفر علی چھلگری نے کہا کہ واپڈا بجلی کی تسلسل کے ساتھ فراہمی کو یقینی بنا رہا ہے مون سون بارشوں میں جہاں جہاں بجلی کی فراہمی میں رکاوٹ پیدا ہوئی ہے ان کو دور کر دیا گیا ہے انہوں نے تمام اہلکاروں کو بھی ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ کام کے دوران حفاظتی سامان اپنے ساتھ رکھیں اور واپڈا کے صارفین کی شکایات کو دور کرنے میں اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں انہوں نے واپڈا کے تمام صارفین کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی جائز شکایت کے ازالے کے لئے آئیں اپنے ماہانہ بلوں کے ساتھ ساتھ بقایا جات کو جمع کر کے ذمے داری کا مظاہرہ کریں انہوں نے کہا کہ بجلی ملک وقوم کی امانت ہے اس کو چوری کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی کنڈا سسٹم کے مکمل خاتمہ کو یقینی بنایا جائے گا اگر کوئی بھی شخص بجلی چوری کرتے ہوئے پایا گیا تو واپڈا ایکٹ کے مطابق اس کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے کہا کہ ہمارے دروازے ہر شخص کے لئے کھلے ہے جائز شکایات کا بروقت ازالہ کرنا ہماری ذمے داریوں میں شامل ہے علاقائی صحافیوں کی بھی ذمے داری بنتی ہے کہ وہ بجلی کے درست استعمال ماہانہ بلوں بقایا جات کے حوالے سے واپڈا کی جانب سے جاری مہم کے حوالے سے عوام میں آگہی کی فراہمی کو یقینی بنا کر اپنے کاغذ قلم کیمرے کا درست استعمال ممکن بنائیں

بقیہ 15

بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کی ٹیم نے بیکریوں اور مٹھائی کی دکانوں کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران نانی جان، کیک اینڈ کوکیز، ایل ڈوراڈو اور دیگر بیکریوں و سویٹس شاپس کو بلوچستان پروفیشنز، ٹریڈز، کالنگز اینڈ ایمپلائمنٹ ٹیکس ایکٹ 2026 کے تحت رجسٹریشن اور پروفیشنل ٹیکس کی ادائیگی کے حوالے سے نوٹسز جاری کیے گئے۔ اس موقع پر متعلقہ کاروباری افراد کو پروفیشنل ٹیکس سے متعلق آگاہی فراہم کرتے ہوئے قانون کے مطابق بروقت رجسٹریشن، درست معلومات کی فراہمی اور واجب الادا ٹیکس کی ادائیگی کی ہدایت کی گئی۔ BRA حکام نے واضح کیا کہ ٹیکس قوانین پر عملدرآمد سے صوبائی محصولات میں اضافہ، ٹیکس نظام میں شفافیت اور کاروباری سرگرمیوں کی بہتر دستاویز بندی ممکن ہوگی۔

بقیہ 16

حضرت علی، ملا نورالدین اور حافظ سیف الرحمان صدیق خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ سعودی عرب کی سلامتی اور تحفظ پوری امتِ مسلمہ کی سلامتی سے جڑا ہوا ہے۔ انہوں نے سعودی عرب پر حوثی دہشت گردوں کے حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مقدس سرزمین کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کا تحفظ کسی ایک ملک کا نہیں بلکہ پوری امتِ مسلمہ کی مشترکہ ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی نہ صرف مسلم امہ بلکہ پوری دنیا کے امن کے لیے انتہائی خطرناک صورتحال اختیار کر چکی ہے۔ موجودہ حالات میں تمام مسلم ممالک کو باہمی اتحاد کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک مضبوط "اسلامی بلاک" تشکیل دینا چاہیے جو مؤثر سیاسی، معاشی اور دفاعی حکمتِ عملی پر عمل پیرا ہو سکے۔ عالمی وعلاقائی تناظر میں ایک مشترکہ مسلم پلیٹ فارم کی ضرورت اب پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ چکی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان مسلم دنیا میں ایک کلیدی اور دفاعی اعتبار سے اہم مقام رکھتا ہے۔ لہٰذا پاکستان کو چاہیے کہ وہ مسلم امت کے اتحاد، یکجہتی اور سعودی عرب کے تحفظ کے لیے اپنا مؤثر اور فعال کردار ادا کرے۔

بقیہ 17

محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کو بینوولنٹ فنڈ کی ادائیگی جلد کی جائیں۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کا ماہانہ بینوولنٹ فنڈ جاری کر کے بقایاجات کی مد میں 230000 روپے کی ادائیگی کر دی۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 18

سی ای او صفا کوئٹہ دل نواز شاہ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی، ڈویژنل ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ظہور احمد سمیت میٹروپولیٹن کارپوریشن اور صفاء کوئٹہ کے متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران صفاء کوئٹہ حکام کی جانب سے کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو شہر میں جاری صفائی کے اقدامات، کچرے کو ٹھکانے لگانے اور دیگر معاملات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ صفاء کوئٹہ اس وقت روزانہ تقریباً 14 ٹن کچرا اٹھا کر ٹھکانے لگا رہا ہے، جبکہ شہر میں روزانہ تقریباً 16 ٹن کچرا پیدا ہوتا ہے۔ کچرے کو ٹھکانے لگانے کے لیے مشرقی بائی پاس اور کچلاک میں دو ڈمپنگ سائٹس قائم ہیں۔ حکام کے مطابق صفاء کوئٹہ کی جانب سے کوئٹہ شہر کے تمام 58 وارڈز میں سویپنگ، صفائی ستھرائی، کچرے کو اٹھانے اور ڈرینج کی صفائی کا کام جاری ہے۔ گزشتہ دو سال کے دوران 7 لاکھ 35 ہزار سے زائد مقدار میں کوڑا کرکٹ اٹھا کر ڈمپنگ یارڈ تک منتقل کیا جا چکا ہے، جبکہ شہر میں موجود 123 پرانے ڈمپنگ پوائنٹس کو بھی صاف کر کے ختم کیا گیا ہے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ صفاء کوئٹہ نے صفائی کے نظام کو مؤثر بنانے کے لیے 1829 لوکل افراد کو ملازمت پر بھرتی کیا ہے۔ اس کے علاوہ شہریوں خصوصاً طلبہ میں صفائی کے حوالے سے شعور اجاگر کرنے کے لیے کوئٹہ کے مختلف اسکولوں اور کالجوں میں 100 سے زائد آگاہی سیشنز بھی منعقد کیے جا چکے ہیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ صفاء کوئٹہ کی جانب سے اس وقت شہر میں 28 اسکیموں میں ڈور ٹو ڈور کچرا کلیکشن کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔ صفائی کے مؤثر انتظام کے لیے کوئٹہ شہر کو چار زونز میں تقسیم کیا گیا ہے، جہاں روزانہ صبح 8 بجے سے دوپہر 2 بجے تک صفائی ستھرائی کا کام انجام دیا جاتا ہے۔ شہریوں کی شکایات کے بروقت ازالے کے لیے کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم بھی فعال ہے۔ حکام کے مطابق ستمبر کے دوران موصول ہونے والی 91 شکایات کا ازالہ کیا جا چکا ہے۔ اس موقع پر کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سولڈ ویسٹ مینجمنٹ کے نظام کو مزید بہتر بنایا جائے اور شہر میں صفائی ستھرائی کی صورتحال میں مزید بہتری لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ صفائی کے نظام کو مؤثر بنانے کے ساتھ ساتھ شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے کو بھی یقینی بنایا جائے۔ کمشنر نے کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم کے حوالے سے شہریوں میں آگاہی پیدا کرنے کے لیے ایک ماہ پر محیط خصوصی آگاہی مہم شروع کرنے کی ہدایت بھی کی، تاکہ شہری زیادہ سے زیادہ کمپلینٹ نمبر اور شکایات کے اندراج کے طریقہ کار سے آگاہ ہو سکیں۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ڈور ٹو ڈور ویسٹ کلیکشن کے لیے بلنگ کے نظام کو ڈیجیٹل بنانے اور صفاء کوئٹہ کے بزنس ماڈل کو بھی بتدریج ڈیجیٹلائز کرنے کی ہدایت کی۔ کمشنر نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے صفائی کے نظام میں شفافیت، مؤثریت اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات میں مزید بہتری لائی جا سکتی ہے۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ وہ بھی شہر میں صفائی ستھرائی کے کام کی نگرانی کریں۔

بقیہ 19

منصب پر سنبھالنے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے موصوف نے جس انداز میں باگ دوڑ سنبھالی ہے اس سے صوبے کے مالداران پر مثبت اثرات مرتب ہونگے صالح بلوچ کی قیادت لائیوسٹاک میں نئی توانائی اور جذبہ پیدا کر سکتی ہے فیلڈ میں ویکسین کی بروقت فراہمی ویٹرنری ٹیموں کو فعال بنانا غریب کسانوں کے مسائل کو دہلیز پر حل کرنا ان کا خاصہ ہوگا صوبے کی معیشت میں لائیوسٹاک ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے صالح بلوچ جیسے قابل آفیسر سرپرائز دینے کی اہلیت رکھتے ہیں انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان سے اپیل کرتے ہیں صالح بلوچ طویل عرصے تک اسی محکمے میں برقرار رکھا جائے۔

بقیہ 20

چیف نصیر احمد پر مسلح افراد کی کے تشدد کی شدید الفاظ میں مذمت عوامی پریس کلب (رجسٹرڈ) بیلا لسبیلا نے پولس سے ملزمان کے خلاف فوری کارڑکا مطالبہ کیا ہے ایک مشترکہ بیان میں کہا گیا باری کاکڑ نامی شخص جو اپنے آپ کو سماجی رہنما بتاتا ہے گزشتہ روز صحافی نصیر احمد ایک گھریلو جھگڑے کا تصفیہ کرانے کے لئے اپنے دیگر چار دوستوں کے ہمراہ باری کاکڑ کے ان کے بلوانے پر گئے تھے جس پر مزکورہ شخص نے تصفیہ کرانے والوں پر حملہ آور ہوکر نا صرف تشدد کا نشانہ بنایا بلکہ صحافی اور دیگر تصفیہ کرانے والوں کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں عوامی پریس کلب بیلا نے پولیس سے مطالبہ کیا کہ ملزم کے خلاف فوری قانونی کارروائی کی جائے۔

بقیہ 21

فشانی سے 36 اضلاع میں ہیپاٹائٹس کے خاتمے کیلئے جال بچھایا ہے کسی جہاد سے کم نہیں جہاں بڑے بڑے دعوے ناکام ہوئے وہاں ڈاکٹر امیر بگٹی نے عام مستحق افراد سے لیکر جیل کے قیدیوں تک کو مفت طبی سہولیات پہنچا کر ثابت کر دیا کہ وہ منصب پر نہیں عوام کے دل پر راج کرنا چاہتے ہیں موصوف آفیسر نہیں بلکہ غریب عوام کے مسیحا مظلوم کا سہارا ہے موصوف کو ایوارڈ سے نوازنے کے ساتھ ساتھ ہیپاٹائٹس کنٹرول پروگرام میں مستقل برقرار رکھا جائے۔

بقیہ 22

چیف نصیر احمد کاکڑ پر مسلح افراد کے مبینہ تشدد کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے پولیس سے ملزمان کے خلاف فوری اور سخت قانونی کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ ایک جاری بیان میں ترجمان نے انکشاف کیا کہ صحافی نصیر احمد کاکڑ کو ایک گھریلو تنازعے کے پرامن تصفیے کے لیے باری کاکڑ نامی شخص نے اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ بلوایا تھا، جہاں انہوں نے مبینہ طور پر غداری اور دھوکے کا مظاہرہ کرتے ہوئے ان پر تشدد کیا اور انہیں سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں۔ دالبندین پریس کلب کے ترجمان نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ صحافیوں کو ان کی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کی ادائیگی کے دوران یا اس طرح کے مکروہ ہتھکنڈوں کے ذریعے تشدد اور دھمکیوں کا نشانہ بنانا کسی صورت قابلِ قبول نہیں ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پولیس اس واقعے کا فوری نوٹس لے کر اس میں ملوث تمام افراد کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائے۔ ترجمان نے سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صحافتی برادری کے تحفظ، وقار اور آزادیٔ اظہار کے لیے ہر فورم پر بھرپور آواز بلند کی جائے گی۔

بقیہ 23

قابو۔ تفصیلات کے مطابق سبی سمیت بلوچستان بھر کی میونسپل کمیٹیاں مالی بحران کو شکار ہوگئی جس کی وجہ سے ملازمین ماہانہ تنخواہوں جبکہ میونسپل کمیٹیاں پیٹرول سمیت دیگر اخراجات کی مد میں لاکھوں کی مقروض ہوگئی ملازمین تنخواہ نہ ملنے کی وجہ سے مالی بحران کا شکار ہو چکے ہے گھروں کی چولہے بھی ٹھنڈے جبکہ غمی خوشیوں کے لئے بھی ادھار کا سہارا لینے پر مجبور نظر آتے ہیں زیر تعلیم بچوں کے والدین اسکولوں کی فیس بھی جمع نہ کرا سکے سبی میونسپل ایمپلائز یونین سبی کے صدر سید اسماعیل شاہ جنرل سیکرٹری طاہر وکٹر جوائنٹ سیکرٹری فیصل مسیح کا کہنا تھا کہ مہنگائی کے اس دور میں گھریلو اخراجات کے لئے بھی ادھار مانگ رہے ہیں صوبائی حکومت صوبائی وزیر بلدیات و سیکرٹری بلدیات سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ملازمین کی ماہانہ تنخواہوں کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ کنٹی جنسی فنڈز بھی فوری طور پر جاری کیے جائیں تاکہ صفائی کے نظام سمیت دیگر اخراجات کو پورا کیا جا سکے بصورت دیگر ملازمین سڑکوں پر نکل آنے کے ساتھ ساتھ کام چھوڑ ہڑتال کرنے پر مجبور ہونگے۔

بقیہ 24

اخراجات میں اضافے نے تاجروں کو شدید معاشی مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے۔ یہ بات انہوں نے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ کاشف حیدری نے کہا کہ حکومت کو یہ حقیقت سمجھنی ہوگی کہ مارکیٹیں اور کاروباری مراکز صرف تاجروں کے روزگار کا ذریعہ نہیں بلکہ لاکھوں مزدوروں، ملازمین، ٹرانسپورٹرز، سپلائرز اور ان سے وابستہ خاندانوں کے روزگار کا بھی ذریعہ ہیں، کاروبار بند کرنے سے معاشی مسائل حل نہیں ہوں گے بلکہ پہلے سے مشکلات کا شکار کاروباری سرگرمیاں مزید متاثر ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت کو ایندھن کی بچت یا اخراجات میں کمی مقصود ہے تو اس کا بوجھ تاجروں اور عام شہریوں پر ڈالنے کے بجائے سب سے پہلے اپنے غیر ضروری اخراجات میں کمی کرے، سرکاری مراعات اور غیر ضروری اخراجات کا جائزہ لیا جائے اور حکومتی سطح پر حقیقی کفایت شعاری کے اقدامات کیے جائیں۔ مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان نے کہا کہ تاجر پہلے ہی مشکل ترین معاشی حالات میں اپنے کاروبار بچانے کی کوشش کر رہے ہیں، مہنگائی کے باعث عوام کی قوت خرید کم ہو چکی ہے، دکانوں کے کرائے، بجلی کے بل، ٹیکسز، ملازمین کی تنخواہیں اور دیگر اخراجات مسلسل بڑھ رہے ہیں جبکہ کاروبار میں وہ گنجائش نہیں رہی جو ان اخراجات کو برداشت کر سکے

بقیہ 25

لئے صرف دو 2 گھنٹے فراہم کرنے کے باوجود گیس پریشر میں بھی واضح کمی کر دی گئیں جبکہ ماہانہ بلوں میں کئی کئی گنا اضافہ بھی کر دیا جاتا ہے صبح دو پہر رات کے کھانے کی تیاری کے لئے خواتین کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے بلوچستان ہائی کورٹ کی جانب سے صوبے بھر میں عوام کو بلوں میں ریلیف دیا گیا تاہم سبی کے سینکڑوں صارفین اس ریلیف سے محروم رہے سبی میں گیس کی بندش بلا جواز لوڈشیڈنگ کے خاتمہ کے لئے عوام نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایات پر ڈپٹی کمشنر سبی کی جانب سے کھلی کچہری لگائی گئی جس میں عوام نے بندش لوڈشیڈنگ سمیت گیس بلوں کے حوالے سے بھی شکایات کی تاہم اس پر بھی عمل درآمد نہ ہوسکا عوامی سماجی سیاسی حلقوں نے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ سبی میں گیس صارفین کی مشکلات کا ازالہ کیا جائے۔

بقیہ 26

جنہیں تجارتی سرگرمیوں کے لیے استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ سنگین سیکیورٹی حالات میں رہائشی اسکیم کے اندر پارک کو ٹینڈر کر کے ہر خاص و عام کے لیے کھولنا غیر ذمہ دارانہ اقدام ہوگا۔ اس سے اسکیم میں غیر ضروری اور غیر متعلقہ افراد کی آمد و رفت بڑھے گی، جس کے نتیجے میں سیکیورٹی، ٹریفک، پارکنگ، صفائی، شور شرابے اور دیگر انتظامی و سماجی مسائل پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ رہائشیوں، بچوں اور خاندانوں کے جان و مال کے تحفظ اور اسکیم کے پُرامن ماحول کو کسی بھی مالی یا تجارتی مفاد پر قربان نہیں کیا جا سکتا۔ منصور خان اچکزئی نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ پارک کی ٹینڈرنگ سے متعلق کوئی بھی فیصلہ رہائشیوں کو اعتماد میں لیے بغیر کیا گیا تو اسے مسترد کر دیا جائے گا۔ ایسوسی ایشن ایسے کسی اقدام کو خاموشی سے قبول نہیں کرے گی جو رہائشیوں کے اجتماعی حقوق، سہولیات اور تحفظ کو متاثر کرے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پارک کی ٹینڈرنگ کا عمل فوری طور پر منسوخ کیا جائے، بصورت دیگر زرغون ہاؤسنگ ویلفیئر ایسوسی ایشن رہائشیوں کے ساتھ مل کر ہر قانونی اور آئینی فورم پر بھرپور آواز اٹھائے گی اور اجتماعی مفادات کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب قانونی راستے اختیار کیے جائیں گے۔ منصور خان اچکزئی نے اسکیم کے مکینوں کو یقین دلایا کہ زرغون ہاؤسنگ اسکیم کے اجتماعی مفادات، رہائشیوں کے حقوق اور ان کے پُرامن و محفوظ ماحول پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 27

آپریٹنگ کنسلٹنٹ، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (PPP) کے افسران اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران آپریٹنگ ایجنسی کی جانب سے کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو کوئٹہ گرین بس سروس کے مختلف امور، روٹس، بس اسٹاپس، آپریشنل نظام اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی سفری سہولیات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ اس وقت کوئٹہ شہر میں 25 گرین بسیں فعال ہیں، جن میں سے 4 بسیں خصوصی طور پر خواتین کے لیے مختص کی گئی ہیں۔ خواتین کے لیے مختص بسوں پر خواتین اسٹاف بھی تعینات کر دیا گیا ہے، تاکہ خواتین مسافروں کو محفوظ اور بہتر سفری سہولت فراہم کی جا سکے۔ حکام نے بتایا کہ گرین بس سروس کوئٹہ شہر میں چار مختلف روٹس پر صبح 7 بجے سے رات 9 بجے تک چلائی جا رہی ہے۔ مختلف روٹس پر مسافروں کی سہولت کے لیے متعدد بس اسٹاپس بھی قائم کیے گئے ہیں۔ بریفنگ کے مطابق کچلاک روٹ پر تقریباً 40 بس اسٹاپس جبکہ میٹروپولیٹن سے سریاب روڈ تک کے روٹ پر 50 بس اسٹاپس قائم کیے گئے ہیں۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ گرین بس سروس کا دائرہ کار کوئٹہ کے علاوہ تربت تک بھی بڑھایا گیا ہے، جہاں چار بسیں چلائی جا رہی ہیں۔ اس موقع پر کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ گرین بس اسٹاپس پر شہریوں کی سہولت کے لیے تمام ضروری بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 28

اللہ جام سینئر نائب صدر دوم اورنگ زیب نائب صدر اول ملک صحبت خان مندوخیل نائب صدر دوم نقیب اللہ کاکڑ نائب صدر سوم حاجی محمد کریم، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری برکت علی سامت ڈپٹی جنرل سیکرٹری بہار شاہ بلوچ جوائنٹ سیکرٹری ضیا اللہ مینگل فنانس سیکرٹری جعفر خان جدون پریس سیکرٹری ظہور بلوچ اور آفس سیکرٹری عالم خان سلیمان خیل نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ خضدار میں کلرکس ہاؤسنگ سکیم کی سرکاری طور پر الاٹ شدہ اراضی پر مبینہ قبضہ کی کوشش کسی صورت قابل قبول نہیں اور اس معاملے میں ضلعی انتظامیہ کو قانون کی بالادستی یقینی بناتے ہوئے ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کرنی چاہیے۔

بقیہ 29

کمشنر نے واٹر سپلائی اسکیم کے مختلف حصوں کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے منصوبے کے تعمیراتی معیار، پانی کی دستیابی و فراہمی، تنصیب شدہ سہولیات اور مقامی آبادی کو فراہم کی جانے والی بنیادی سہولت کا معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے منصوبے کی موجودہ صورتحال اور عوام کو پانی کی فراہمی سے متعلق امور پر بریفنگ بھی لی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر فضل الرحمٰن کبدانی نے کہا کہ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) کے تحت مکمل کیے جانے والے ترقیاتی منصوبوں کا بنیادی مقصد دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، معیار زندگی میں بہتری اور عوامی مسائل کا عملی و مؤثر ازالہ ہیانہوں نے کہا کہ صاف پینے کا پانی عوام کی بنیادی ضرورت ہے، اس لیے واٹر سپلا کا معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے منصوبے کی موجودہ صورتحال اور عوام کو پانی کی فراہمی سے متعلق امور پر بریفنگ بھی لی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر فضل الرحمٰن کبدانی نے کہا کہ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) کے تحت مکمل کیے جانے والی اسکیموں کی تکمیل کے ساتھ ساتھ ان کی پائیداری، مؤثر نگرانی اور بروقت دیکھ بھال بھی انتہائی ضروری ہے ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ واٹر سپلائی اسکیم کی باقاعدہ نگرانی، مناسب دیکھ بھال اور فعال آپریشن کو یقینی بنایا جائے تاکہ فیض آباد جنگل کی مقامی آبادی کو صاف اور محفوظ پینے کے پانی کی سہولت مستقل بنیادوں پر میسر رہے انہوں نے مزید ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں میں تعمیراتی معیار اور عوامی مفاد کو ہر صورت مقدم رکھا جائے اور مکمل شدہ منصوبوں کے ثمرات حقیقی معنوں میں عوام تک پہنچانے کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں۔

بقیہ 30

الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے ملزمان کی فوری گرفتاری اور صحافیوں کے مکمل تحفظ کو یقینی بنانے کا پرزور مطالبہ کیا ہے۔ صحافیوں کا کہنا ہے کہ جن سے حق کی آواز برداشت نہیں ہوتی وہ بزدلانہ ہتھکنڈوں پر اتر آتے ہیں، تاہم ایسے ہتھکنڈوں سے عوام کے حقوق کی جنگ بند نہیں کی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق جناح پریس کلب مانجھی پور، علی مراد پریس کلب پہنور سہجڑی، ڈسٹرکٹ پریس کلب صحبت پور، سینئر صحافی سانول جاموٹ اور آل پریس کلب بلوچستان کے سابق رابطہ سیکرٹری جبار عمرانی سمیت مختلف صحافتی تنظیموں اور حلقوں نے اپنے مشترکہ ردعمل میں کہا کہ صحافیوں پر حملے اور ان کے خلاف جھوٹے مقدمات کا درج ہونا اب معمول بنتا جا رہا ہے، جو کہ کسی صورت قابلِ برداشت نہیں۔ رہنماں نے کہا کہ صحافی معاشرے کا آئینہ ہوتا ہے، اور چہرہ سدھارنے کے بجائے اس آئینے کو توڑنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں، جو کہ ناکام ہوں گی۔ صحافتی رہنماں نے دوٹوک الفاظ میں تنبیہ کی کہ عوام کے بنیادی حقوق سے دستبردار کرانے کی کوئی بھی سازش کامیاب نہیں ہونے دی جائے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ قلم کی طاقت کو دبانے یا توڑنے کے بجائے مخالفین کو برداشت کا مادہ پیدا کرنا چاہیے۔ صحبت پور اور گردونواح کے پریس کلبز کی جانب سے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ سینئر صحافی نصیر کاکڑ پر حملہ کرنے والے تمام عناصر کو فی الفور گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے اور صحافی برادری کو فوری طور پر تحفظ فراہم کیا جائے۔

بقیہ 31

ہیں آٹے کی فی کلو قیمت 40 روپے اضافے کے بعد 20 کلو تھیلا 2800 سو تک پہنچ گیا علاوہ ازیں چینی آٹا اور دالوں کی قیمتوں میں ہوش ربا اضافے سے شہری مصنوعی مہنگائی کی چکی میں بری طرح پس رہے ہیں دوسری جانب شہر میں اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں کو برقرار رکھنے کے لیے پرائس کنٹرول کمیٹی غائب ہے شہری گرانفروشوں کے رحم و کرم پہ ہیں عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر کچھی سے اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں کو برقرار رکھنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے فوری طور پر پرائس کنٹرول کمیٹی فعال کر کے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔

کوئٹہ، وفاقی وزیر برائے قومی ثقافتی ورثہ بیرسٹر اورنگزیب خان کھچی سے مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما سابقہ ڈپٹی میئر حاجی میر یونس بلوچ و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت اورنگزیب خان کھچی، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی، نادر گل بڑیچ، سیف اللہ کھیتران ڈیف ریچ سکولز، ٹریننگ سینٹر کا معائنہ کر رہے ہیں

گوادر، بیجنگ گوادر چیمبر کے صدر جیہند ہوت کی OIG کے وائس پریذیڈنٹ بن بن یانگ کے درمیان ملاقات گوادر میں چینی سرمایہ کاری اور تجارتی روابط کے فروغ پر تبادلہ خیال

خضدار، آل پارٹیز ایکشن کمیٹی اور خضدار پریس کلب کے صحافیوں کا مشترکہ اجلاس منعقدہ ہوا

کوئٹہ کے رہائشی احسان علی ولد حق نواز یوسفزئی سراوان پریس کلب مستونگ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کیسکو مسلم باغ سب ڈویژن کے ملازمین خیر اللہ کاکڑ، موسیٰ خان کاکڑ حاجی محمد اقبال، عبدالہادی، بابو ہاشم احتجاج مظاہرہ کر رہے ہیں

سینئر مشاہد حسین سید سے میر عبدالشکور مری۔ شہزادہ فرحت احمد زئی۔ عبدالماجد بگٹی اور دیگر ملاقات کر رہے ہیں

منظور احمد کاکڑ عبدالغفار مرحوم، عبدالغنی، بشیر احمد، محمد سعید مرحوم و محمد خالد مرحوم کے بھائی سے تعزیت کر رہے ہیں

انتظامی یونٹس --------- آرکیٹکٹ فاروق احمد

(architect.farooq@gmail.com)

ایک یونٹ یہاں امیروں کا
ایک یونٹ یہاں غریبوں کا
بس گنجائش یہی باقی ہے
ایک یونٹ بنے فقیروں کا

بقیہ 24

مسلسل 4 گھنٹے تک مجھے ساتھیوں سمیت حبس بے جا میں رکھنے کے بعد رہا کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سلمان اکرم راجہ کا کہنا تھا کہ چار گھنٹے تک مجھے، اطاسب ستی، اخلاق ستی اور ہمارے متعدد دوستوں کو حبس بے جا میں رکھنے کے بعد رہا کر دیا گیا ہے۔ جس کا مقصد صرف اعجاز ستی مرحوم کے جنازے میں شرکت سے روکنا تھا۔ عوام کا خوف فیصلہ سازوں سے عقل وفہم چھین چکا ہے۔ انسانی حقوق بے معنی ہو چکے ہیں، دوستوں کا نیک تمناؤں کیلئے شکر گزار ہوں۔ یاد رہے کہ اس سے قبل چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے پیغام جاری کرتے ہوئے کہا تھا کہ مجھے وکیل شوکت بسرانے اطلاع دی ہے کہ سلمان اکرم راجہ کو پولیس نے گزشتہ دو گھنٹوں سے تھانے میں حراست میں رکھا ہوا ہے۔ بیرسٹر گوہر نے سلمان اکرم راجہ کی فوری رہائی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ چند روز کے دوران تقریبا 700 کارکن گرفتار کیے جا چکے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ارکان قومی وصوبائی اسمبلی کے خلاف گرفتاری کے وارنٹ بھی جاری کیے گئے ہیں۔ انہوں نے ان اقدامات کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ سلسلہ اب فوری طور پر ختم ہونا چاہیے۔

بقیہ 25

آئی ایم ایف کے مابین اقتصادی جائزہ مذاکرات کی تیاریاں جاری ہیں، آئی ایم ایف کا وفد 23 ستمبر کو پاکستان کا دورہ کر رہا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مذاکرات کے دوران جون 2026 تک کی معاشی کارکردگی اور اسٹرکچرل بینچ مارک کے تحت مقررہ اہداف پر آئی ایم ایف کو تفصیلی بریفنگ دی جائے گی۔ اجلاس میں معاشی اصلاحات اور توانائی کے شعبے میں کی جانے والی پیشرفت پر بات چیت ہوگی، خصوصاً بجلی اور گیس کے شعبے میں گردشی قرضے سے متعلق اہداف کا جائزہ لیا جائے گا۔ مذاکرات کی کامیابی کی صورت میں ایکسٹینڈڈ فنڈ فسیلٹی پروگرام کے تحت پاکستان کو تقریبا 1 ارب ڈالر کی پانچویں قسط موصول ہوگی۔ اس کے علاوہ موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات اور نقصانات سے بچاؤ کے لئے پاکستان کو 20 کروڑ ڈالر کی اضافی رقم ملنے کا امکان ہے۔ مذاکرات کے نتیجے میں پاکستان کو کل 1.2 ارب ڈالر کا فنڈ مل سکتا ہے۔

بقیہ 26

کے بعد 104.59 ڈالر فی بیرل ہوگئے، جبکہ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (WTI) کی قیمت 1.14 ڈالر یا 1.1 فیصد کم ہوکر 101.29 ڈالر فی بیرل پر آگئی۔ رپورٹ کے مطابق سعودی عرب کی جانب سے عمان کے راستے اضافی خام تیل کی کھیپ بھیجنے کی اطلاعات نے مشرق وسطی میں سپلائی کے خدشات کو کچھ کم کیا ہے۔ اس پیش رفت کے باعث سرمایہ کاروں کو عالمی مارکیٹ میں تیل کی دستیابی کے حوالے سے نسبتاً اطمینان ہوا ہے۔ نسان سیکیورٹیز انویسٹمنٹ کے چیف اسٹریٹجسٹ ہیرویوکی کیکوکاوا کے مطابق سعودی عرب کی جانب سے عمان کے ذریعے تیل کی ترسیل کی خبر کے بعد سپلائی میں ممکنہ کمی کے خدشات کچھ کم ہوئے ہیں۔ دوسری جانب آئندہ ہفتے ہونے والی امریکا اور چین کی سربراہی ملاقات سے قبل مشرق وسطی میں کشیدگی کم کرنے کی کوششوں میں پیش رفت کی توقعات بھی تیل کی قیمتوں پر دباؤ ڈال رہی ہیں۔

بقیہ 27

تبادلہ خیال کیا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے دورہ بیجنگ کے دوران فیلڈ مارشل عاصم منیر سے رابطہ کیا، ٹیلی فون پر بات چیت میں خطے کی تازہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق دونوں ممالک کے باہمی دلچسپی کے امور کا جائزہ لیا گیا۔ قبل ازیں چینی وزیر خارجہ وانگ یی سے ملاقات کے دوران ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ تہران نے خطے میں امن وامان کی بحالی کے لئے پڑوسی ممالک کے ساتھ مذاکرات شروع کیے ہیں۔ ایرانی وزیر خارجہ عراقچی نے کہا کہ کہ وہ ایرانی عوام کے ناقابل تنسیخ حقوق کے تحفظ کے لئے خطے میں امن کی بحالی اور پڑوسی ممالک کے ساتھ دوستانہ وپرامن تعلقات کے فروغ کے خواہاں ہیں۔ اس موقع پر چین نے امریکا اور ایران پر زور دیا کہ وہ مزید کشیدگی سے گریز کرتے ہوئے مذاکرات کی طرف واپس آئیں۔

بقیہ 28

فرانسیسی خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق ٹرمپ کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ایران جنگ ساتویں ماہ میں داخل ہو چکی ہے، تاہم فوری طور پر اس کے خاتمے کے واضح آثار دکھائی نہیں دے رہے۔ ٹرمپ نے جنگ کے خاتمے کے حوالے سے امید کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ سمجھتے ہیں کہ جنگ کے اختتام کی جانب پیش رفت ہو سکتی ہے۔ دوسری جانب امریکی میڈیا ادارے ایگزیوس نے رپورٹ کیا ہے کہ ٹرمپ آئندہ منگل کو نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر خلیجی ممالک کے رہنماؤں سے ملاقات کر سکتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق متوقع ملاقات میں ایران جنگ اور جنگ کے بعد کی صورتحال سے متعلق امریکی منصوبہ بندی پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ تاہم ملاقات کے حتمی انتظامات اور ایجنڈے سے متعلق مزید تفصیلات سامنے آنا باقی ہیں۔ ایران جنگ کے ساتویں ماہ میں داخل ہونے کے باوجود تنازع کے مستقل خاتمے کے حوالے سے صورتحال غیر یقینی ہے، جبکہ خطے کے ممالک جنگ کے ممکنہ بعد کے سیاسی اور سکیورٹی اثرات پر بھی نظر رکھے ہوئے ہیں۔

بقیہ 29

راؤنڈ ٹیبل سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں لندن کے معروف سرمایہ کاروں اور عالمی مالیاتی اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر خزانہ ومحصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان جمیل احمد، وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد اور برطانیہ میں پاکستان کے ہائی کمشنر ٹیپو عثمان بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ حکومت پاکستان ملک کی معیشت کو مستحکم کرنے اور پائیدار معاشی ترقی کے لیے بھرپور کوششیں کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت مختلف شعبوں میں اصلاحات کر رہی ہے تاکہ نجی شعبے کو زیادہ مواقع ملیں اور وہ معیشت میں موثر کردار ادا کر سکے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ حکومت کی مالی پالیسی کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں، بجٹ خسارے میں کمی ہوئی ہے، حکومتی آمدن میں اضافہ ہوا ہے اور مالی و ادارہ جاتی اصلاحات میں پیش رفت ہوئی ہے۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ حکومت سرکاری اداروں میں اصلاحات کے ساتھ ساتھ نجکاری کے عمل کو بھی آگے بڑھا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ توانائی کے شعبے میں اصلاحات، مالی معاملات میں شفافیت اور کاروبار میں آسانی کے اقدامات سے ملک کی معیشت مزید مستحکم ہوگی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ معاشی ترقی کے لیے ٹیکس کی بنیاد میں وسعت اور ٹیکس قوانین پر موثر عمل درآمد ضروری ہے۔

بقیہ 30

پاکستان کی ٹاپ یونیورسٹیز میں لانے کیلئے بہت کچھ کرنا باقی ہے۔ سپریم کورٹ آف پاکستان کے فیصلے کے تحت سردار بہادر خان وویمن یونیورسٹی کے کیمپسز خضدار، پشین اور نوشکی کے ان تمام کنٹریکٹ ملازمین کو ریگولرائز کیا جائیگا جنہیں بھرتی کے تمام قانونی تقاضے اور مقررہ ضوابط مکمل کرنے کے بعد کنٹریکٹ کی بنیاد پر تعینات کیا گیا تھا اور جو تاحال اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ واضح رہے کہ ریگولرائزیشن کے عمل سے قبل ملازمین کے دستاویزات اور دیگر مطلوبہ کوائف کی مکمل تصدیق کیلئے ایک خصوصی کمیٹی بھی تشکیل دے دی گئی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سردار بہادر خان وویمن یونیورسٹی کے سولہویں سینیٹ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس عامر رانا، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، رکن صوبائی اسمبلی کلثوم نیاز بلوچ، صوبائی سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن ہاشم خان غلزئی، ہائیر ایجوکیشن کمیشن کی سینیئر عہدیدار ڈاکٹر نور آمنہ ملک، قومی کمیشن برائے وقار نسواں کی چیئرپرسن نورین بانو لہڑی، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان عبدالناصر دوتانی سمیت سینیٹ ممبران موجود ہیں۔

بقیہ 31

ڈرون کو ہوا میں تباہ کر دیا گیا جس کا ملبہ شہر طائف میں گرنے سے ایک شخص جاں بحق جبکہ 2 افراد زخمی ہو گئے ہیں جبکہ ملبے سے کچھ عمارتوں اور گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔

بقیہ 32

تناسب سے سبسڈی فراہم کی جارہی ہے۔ وزیراعظم نے سرکاری اخراجات میں غیر ضروری کمی اور قومی وسائل کے دانشمندانہ استعمال کو یقینی بنانے اور متعلقہ اداروں کو کفایت شعاری اقدامات پر مؤثر اور فوری عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم کو بتایا گیا کہ کفایت شعاری اور ایندھن کے تحفظ کے اقدامات کی نگرانی کے لیے قائم کمیٹی وزارتوں، ڈویژنز، محکموں، سرکاری اداروں اور صوبائی حکومتوں سے عملدرآمد رپورٹس حاصل کرے گی، عدم تعمیل اور رکاوٹوں کی نشاندہی کر کے اصلاحی اقدامات تجویز کرے گی اور وزیراعظم کو ہفتہ وار پیش رفت رپورٹ پیش کرے گی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ہدایت کی کہ کفایت شعاری کے اقدامات پر بلاامتیاز عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور حکومتی اخراجات میں کمی کے ساتھ ساتھ توانائی اور ایندھن کے تحفظ کے لیے تمام ممکنہ اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

بقیہ 33

منصوبوں کے لئے جلد 2 کروڑ روپے جاری کر دیئے جائیں گے، وکلا سے میرا رشتہ اور تعلق حکومت یا وزارت کا نہیں بلکہ کالا کوٹ ہماری اصل پہچان ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن راولپنڈی میں وکلا سے خطاب میں کیا۔ تقریب سے بار کے صدر سعید یوسف خان نے بھی خطاب کیا وفاقی وزیر نے کہا کہ میرا آپ کا رشتہ حکومتوں اور وزارتوں کا نہیں ہے کالا کوٹ، کالی ٹائی اور ہمارا یونیفارم ہی ہماری اصل پہچان ہے میری کوشش ہوتی ہے بار کو سیاست سے الگ رکھا جائے انہوں نے کہا کہ ایک دوسرے کو سپورٹ کرنے کے لئے ہم ایک ساتھ کھڑے ہیں سینئر وکلا نئے آنے والوں کے راستے ہموار کریں انہوں نے کہا کہ یہ بھی حقیقت ہے کہ ہمارا کسی نہ کسی سیاسی جماعت سے تعلق ہے لیکن اس کے باوجود پہلے اپنے پروفیشن کا تحفظ ہے وکلا یہاں سے نکلتے ہیں جج یہاں سے نکلتا ہے انہوں نے کہا کہ ہمارا چشمہ گندہ ہوگیا ہے ہم نے قانون کی تعلیم کے لئے اہم اور مشکل فیصلے کئے ہیں تاکہ اس پروفیشن کی بہتری ہو 10 سال بعد ہمیں محسوس ہوگا کہ آج جو بچیاں اور بہنیں اس طرف آئی ہیں ہم نے سب سے پہلے اپنے گھر کی حفاظت کرنی ہے اور اسکی بہتری ہماری پہلی ترجیح ہے ہمارا مقصد اپنے پیشے کی عزت وقار اور اخلاقی اقدار کا تحفظ ہے ہم وہ لوگ ہیں جنھوں نے اپنے گھر کی صفائی وحفاظت کرنا چھوڑ دیا تھا 10 سال بعد سب یاد کریں گے کہ جو اصلاحات ہم نے کیں وہ کتنی سودمند تھیں میں امید کرتا ہوں بار کی تعمیر وترقی کا دور جاری وساری رہے گا انہوں نے کہا کہ راولپنڈی اسلام آباد کی بار ایسوسی ایشنوں سے مجھے طاقت ملتی ہے ہم نے پی ڈی ایم کے دور میں لائرز پروٹیکشن ایکٹ بنایا وفاقی حکومت بار کونسلوں کی سالانہ گرانٹ اب 80 کروڑ روپے ہے جسکا حساب موجود ہے پنجاب حکومت نے بھی صوبائی بارز کی گرانٹ ڈبل کر کے ایک ارب روپے تک کر دی ہے۔

بقیہ 34

سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور دہشتگردی کے خلاف قومی عزم کا مظہر ہے۔ ایک بیان میں بابر خان یوسفزئی نے کہا کہ بلوچستان کے امن کے لیے سکیورٹی فورسز کے جوانوں کی قربانیاں پوری قوم کے لیے قابل فخر ہیں۔ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے پوری عزم واستقامت کے ساتھ کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن واستحکام کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف ریاستی ادارے متحد اور پرعزم ہیں، دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی۔ آواران میں تین دہشتگردوں کا خاتمہ دہشتگردی کے خلاف قومی عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ معاون برائے داخلہ بلوچستان کا کہنا تھا کہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو ہر محاذ پر ناکام بنایا جائے گا اور امن دشمن عناصر کو بلوچستان کے امن و ترقی کے سفر میں رکاوٹ نہیں بننے دیا جائے گا۔

بقیہ 35

کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع سمیت بلوچستان سے مرکزی مجلس عاملہ کے دیگر اراکین اجلاس میں شرکت کے لیے آج پشاور روانہ ہوں گے۔

بقیہ 36

ہونے والے اجلاس میں حکومت اور پیٹرولیم ڈیلرز میں معاملات طے پاگئے، سٹیٹ بینک ضامن ہوگا اور دو دن میں پیٹرولیم ڈیلرز کے اکائنٹس میں رقم منتقل ہوگی، آج ادائیگیوں کے طریقہ کار کا نوٹیفکیشن بھی جاری ہوگا۔ پاکستان پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن کے مطابق اجلاس میں پیٹرول ریلیف اسکیم کا مالی میکنزم پر اسٹیک ہولڈرز میں اتفاق ہو گیا۔ مذاکرات کے بعد ڈیلرز ریلیف پیکج پر عملدرآمد شروع کر رہے ہیں، حکومت سے مذاکرات کامیاب رہے، ادائیگیوں کا نوٹیفکیشن جلد جاری ہوگا، ڈیلرز کو ادائیگی سٹیٹ بینک کے ذریعے دو دن میں اکاؤنٹس میں منتقل کرنے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ وزیر پیٹرولیم نے آئندہ اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کا عمل مزید بہتر بنانے کی یقین دہانی بھی کرادی۔

بقیہ 37

وزیراعظم بننے کے بعد تین سال سے روزانہ سوئمنگ کرتے ہیں، میرا نہیں خیال کہ کبھی ان کو کھانسی بھی آئی ہو لیکن جیل میں ان کو بیماری تھی۔ جنید اکبر نے کہا کہ ایسے کبھی حالات نہیں تھے جب میاں نوازشریف جیل میں تھے، آپ سب جاتے تھے اور درجنوں لوگ ملاقاتیں بھی کرتے تھے۔ کس قانون کے تحت نواز شریف کو جیل سے برطانیہ جانے کی اجازت دی گئی اور ایئر پورٹ پر ہی ضمانت منظور کی گئی؟ اور اب موجودہ دور میں جسٹس امین الدین کی عدالت جس طرح بانی پی ٹی آئی عمران خان کا کیس اپنے پاس لے کر آئی ہے، تو اس کے بعد اب میرے خیال میں سپریم کورٹ کوئی پنساری کی دکان کھول لے، چترال سے ایم این اے عبداللطیف کے کیس میں دیگر تمام افراد بری ہو چکے ہیں مگر ان کا کیس ڈیڑھ سال سے سماعت کے لئے نہیں لگ رہا، جس سے صاف ظاہر ہے کہ پی ٹی آئی کے کیسز کے ساتھ کیا سلوک کیا جارہا ہے

بقیہ 38

اور ہادی چٹھہ کیس کی سزا معطلی کی درخواستوں پر ساعت ہوئی۔ ساعت جسٹس شاہد وحید کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے کی۔ ساعت کے آغاز پر جسٹس شاہد وحید نے ریمارکس دیے کہ سپریم کورٹ کے آئی ٹی سیکشن میں آگ لگی تھی، آئی ٹی سیکشن میں آگ کی وجہ سے غلطی سے یہ کیس ہمارے سامنے لگ گیا۔ جسٹس شاہد وحید نے کہا کہ یہ کیس سپریم کورٹ کا دو رکنی بینچ سن رہا تھا، وہی دو رکنی بینچ اس کیس کو سنے گا۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے کہا کہ کیس کی ساعت اب ساڑھے گیارہ بجے ہوگی۔ کیس دوسرے بینچ کو بھجوا دیا گیا۔

بقیہ 39

ہی باہر آئیں گے۔ فیصل کریم کنڈی کا کہنا ہے کہ وزیر اعلی پنجاب کو دیگر صوبوں سے خطرہ لاحق نہیں ہونا چاہیے۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب ہماری بہو ہیں، ایسے بیانات نہیں دینے چاہئیں، کے پی کے کو اس وقت امن و یکجہتی کی ضرورت ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ پنجاب میں وزیر اعلی سہیل آفریدی اسٹریٹ موومنٹ میں خود ہی نظر آئے، سہیل آفریدی کارکنوں کے بجائے سیکیورٹی اسٹاف کے ساتھ گھوم کر پنجاب سے چلے گئے۔

بقیہ 40

ان 8 افراد کے خلاف فوجداری مقدمے کیلئے وزارت داخلہ کو خط لکھ دیا ہے۔ مصطفیٰ کمال کا کہنا ہے کہ تفصیلی رپورٹ میں 33 سفارشات آئی ہیں جن پر عمل درآمد میں کچھ وقت لگے گا، پمز کے فائر سسٹم اور اسٹرکچر کو بہتر بنانے کے لیے وزیراعظم نے 3 ماہ کا وقت دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پمز میں آئندہ 15 روز میں 176 بیڈز پر مشتمل نئی ایمرجنسی فعال ہو جائے گی۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پاکستان کو بچانے اور چلانے کا واحد طریقہ انتظامی یونٹ کا قیام ہے۔ وفاقی وزیر کا کہنا ہے کہ صوبائی حکومتیں اٹھارہویں ترمیم کے بعد تمام وسائل اور اختیارات لے کر بیٹھ گئی ہیں، یہ اس لئے احتجاج کر رہے ہیں کہ ان کے اقتدار کا سورج غروب نہ ہو۔

بقیہ 41

پر جیل بھیجنے کا حکم دے دیا۔ ذرائع کے مطابق ڈاکٹر عائشہ فیض کے خلاف محکمہ انسدادِ دہشت گردی (سی ٹی ڈی) اور نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) میں پیکا ایکٹ کے تحت مقدمات درج ہیں۔

بقیہ 42

طلب کی گئی تھیں، جبکہ انہیں مجاز اتھارٹی کی جانب سے مقرر کردہ پری کوالیفکیشن کے معیار پر پورا اترنا بھی ضروری تھا۔ بلوچستان سے تعلق رکھنے والی مقامی کمپنی ایچ ایم فرم نے مقررہ معیار اور ضوابط پر پورا اترتے ہوئے ٹینڈر حاصل کر لیا۔ رپورٹ کے مطابق منصوبہ ماہی گیروں کو کشتیوں کی ملکیت اور انہیں مناسب مقام پر رکھنے کے حوالے سے درپیش مشکلات کے حل میں اہم پیش رفت ثابت ہوگا۔ دوسری جانب قرعہ اندازی کے ذریعے 32 ماہی گیروں میں گرین فائبر کشتیوں سے متعلق دستاویزات تقسیم کی گئیں۔ اس اسکیم کے تحت گوادر شہر سے 20، سربندر سے 6 اور پشکان سے 6 ماہی گیروں کو قرعہ اندازی کے ذریعے مستحق قرار دیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق یہ اقدام وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ماہی گیری کے شعبے کو مضبوط بنانے اور ماہی گیری سے وابستہ افراد کے لیے معاشی مواقع بہتر کرنے کی پالیسی کا عکاس ہے۔

بقیہ 43

اگر وفاق اور صوبے اپنی ترجیحات کو ہم آہنگ کریں تو اس مجموعی طور پر تقریباً 4 ٹریلین روپے کے سرمائے کو زیادہ بہتر انداز میں خرچ کیا جا سکتا ہے۔ پانی کی فراہمی جیسے بنیادی اور معمولی مسائل بھی اختیارات کی عدم دستیابی کی وجہ سے پیچیدہ ہو جاتے ہیں، اس لیے گڈ گورننس کے لیے وسائل اور اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا پاکستان نے گزشتہ دو ڈھائی سال میں مشکل حالات کے باوجود معاشی استحکام کی طرف پیش رفت کی ہے، تاہم اس کو کافی قرار نہیں دیا جا سکتا اور پاکستان کو بار بار آئی ایم ایف پروگرام میں جانے اور زرمبادلہ کے ذخائر کم ہونے کے اس روایتی چکر کو مستقل طور پر توڑنا ہوگا۔ انہوں نے کہا پائیدار معاشی ترقی اور طویل مدتی خود کفالت کے حصول کے لیے برآمدات میں اضافہ بنیادی اہمیت رکھتا ہے، اور اس کے بغیر معاشی پائیداری کا ہدف حاصل نہیں کیا جا سکتا۔

بقیہ 44

میں کارروائی کیدوران طالبان رجیم کے 2 اہلکار ہلاک اور 2 کلاشنکوف رائفلیں قبضے میں لے لی گئیں۔ قندھار کے باغ پل بازار میں طالبان رجیم کیخلاف کارروائی میں ایک اہلکار کو ہلاک کیا گیا۔ افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کا کہنا تھا کہ قندھار سے بلخ اور ہرات سے بدخشاں تک افغان طالبان رجیم کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 45

سے لوڈ کم لکھنے اور سسٹم پر بڑا لوڈ پڑنے کا بھی انکشاف ہوا ہے۔ وزیر توانائی نے کہا بجلی کا عملہ رشوت لیکر دو نمبری کر رہا ہے، ملک کے اکثر فیڈرز میں لوڈشیڈنگ کی وجہ ڈسکوز اور ان کا عملہ ہے، ڈسکوز کے سسٹم کو ٹھیک کرنے کیلئے ہر حلقے میں 60 کروڑ سے ایک ارب روپے درکار ہیں۔

بقیہ 46

پر متوقع ہے۔ امریکا اور ایران کے درمیان اقوام متحدہ میں ممکنہ امن مذاکرات سے متعلق سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ مذاکرات کا اقوام متحدہ میں ہونا مفید ہوگا، تاہم سب سے اہم بات یہ ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان بات چیت کا عمل بحال ہو۔ انہوں نے کہا کہ ایک مرحلے پر صورتحال درست سمت میں آگے بڑھ رہی تھی اور مفاہمت کی ایک یادداشت بھی سامنے آئی تھی، تاہم بعد میں معاملات دوبارہ پیچیدہ ہوگئے اور تنازع کا دائرہ وسیع ہوگیا۔ انتونیو گوتریش نے کہا کہ معاملہ صرف امریکا اور ایران تک محدود نہیں بلکہ خلیجی ممالک بھی حملوں کا سامنا کر رہے ہیں، جس کے ان کی معیشتوں اور عالمی معیشت پر بھی سنگین اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ پیچیدہ صورتحال کے حل کے لیے امریکا اور ایران، ایران اور خلیجی ممالک، جبکہ ثالث ممالک کے درمیان بھی سنجیدہ مذاکرات ضروری ہیں۔ اقوام متحدہ کے سربراہ نے پاکستان اور ترکیہ کو اہم ثالث قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ جلد پاکستان کا دورہ کریں گے۔ انہوں نے مصر اور سعودی عرب کے کردار کا بھی ذکر کیا، تاہم کہا کہ سعودی عرب اس وقت تنازع کے متاثرہ ممالک میں شامل ہو چکا ہے۔

بقیہ 47

تقریبا 17 جہازوں، سے بھی خاصی کم ہے۔ اعداد و شمار میں ایسے جہاز شامل نہیں ہیں جنھوں نے اپنی نقل و حرکت کو خفیہ رکھنے کیلئے آٹومیٹک آئیڈنٹیفیکیشن سسٹم (اے آئی ایس) ٹرانسپونڈر بند کر کے آبنائے ہرمز عبور کی ہو۔ آبنائے ہرمز دنیا کی اہم ترین بحری گزرگاہوں میں شمار ہوتی ہے اور خلیجی ممالک سے تیل اور دیگر اشیا کی بڑی مقدار اسی راستے کے ذریعے عالمی منڈیوں تک پہنچتی ہے۔ جہازوں کی آمدورفت میں یہ کمی خطے میں سکیورٹی خدشات اور تجارتی سرگرمیوں پر ممکنہ اثرات کے تناظر میں اہم سمجھی جا رہی ہے۔

بقیہ 48

راکٹ کیلیفورنیا کے وینڈن برگ سپیس فورس بیس سے روانہ ہوا، یہ امریکی سپیس فورس کے خفیہ مشن کے سلسلے کی تیسری پرواز تھی۔ راکٹ کی روانگی کے بعد فالکن نائن کا بوسٹر کامیابی سے واپس بیس پر لینڈ کر گیا، امریکی اسپیس فورس کے اس مشن کے پے لوڈ سے متعلق تفصیلات کو خفیہ رکھا گیا ہے۔

بقیہ 49

فلائٹ انفارمیشن ریجن میں پانچ فضائی راستے عارضی طور پر بند رہیں گے، جن میں جھنگ سے ساجن اور ریکٹ سے ڈی آئی خان سمیت دیگر مختلف فضائی راستے شامل ہیں۔ یہ فضائی راستے 17 اور 18 ستمبر کو صبح ساڑھے پانچ بجے سے ساڑھے سات بجے تک بند رکھے جائیں گے۔ ترجمان کے مطابق، مذکورہ فضائی راستے زمین سے غیر معینہ بلندی تک تمام پروازوں کے لئے دستیاب نہیں ہوں گے۔ تاہم، مسافروں اور ایئرلائنز کی سہولت کے لیے متبادل فضائی راستے دوطرفہ پروازوں کے لئے دستیاب ہوں گے۔ جبکہ ڈی آئی خان سے آنے اور جانے والی پروازوں کے لئے فضائی ٹریفک کنٹرول (اے ٹی سی) سے رابطہ کرنا لازمی ہوگا۔ ایئرپورٹ اتھارٹی کا کہنا ہے کہ فضائی راستوں کی یہ بندش مکمل طور پر آپریشنل وجوہات کے پیش نظر کی گئی ہے۔

بقیہ 50

جہاں ممکن ہو مقررہ عوامی تقریبات میں ان کی نمائندگی کریں، یہ بتائے بغیر کہ ان کی غیر حاضری کب تک جاری رہ سکتی ہے۔ جنوبی افریقہ کے نائب صدر پال ماشیٹائل بھی طبی عمل کے بعد اپنے ڈاکٹروں کے مشورے پر آرام کر رہے ہیں۔ وزیر خارجہ رونالڈ لامولا راما فوسا کی غیر موجودگی میں اس سال اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں جنوبی افریقہ کے وفد کی قیادت کریں گے۔ لامولا امریکہ کی طرف سے جنوبی افریقیوں پر لگائے گئے نسل پرستانہ الزامات اور امریکہ کی طرف سے ویزا پابندیاں عائد کرنے پر امریکہ پہنچیں گے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ نے کہا تھا کہ جنوبی افریقہ کی سفید فام افریقی اقلیت پر ظلم کیا جا رہا ہے۔ جنوبی افریقہ نے اسے مسترد کرتے ہوئے کہا کہ گوروں کے خلاف امتیازی سلوک کا کوئی ثبوت نہیں ہے اور اسے صدیوں کی نسلی ناانصافی کی وراثت سے نمٹنے کے لیے پالیسیاں وضع کرنے کا حق ہے۔

بقیہ 51

ثقافتی شناخت اور سیاحتی امکانات سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بلوچستان صرف رقبے کے اعتبار سے پاکستان کا بڑا صوبہ نہیں بلکہ یہ ہزاروں سال پر محیط انسانی تہذیب، تاریخ اور ثقافت کا امین بھی ہے۔ مہرگڑھ جیسا عالمی اہمیت کا حامل آثار قدیمہ کا مقام بلوچستان کی اس قدیم تہذیبی عظمت کی واضح مثال ہے۔ مہرگڑھ میں انسانی آبادی کے آثار ساتویں سے تیسری ہزار سال قبل مسیح تک پھیلے ہوئے ہیں اور یہ مقام یونیسکو کی عالمی ورثے کی عارضی فہرست میں بھی شامل ہے۔ بلوچستان میں مہرگڑھ، نوشیرو، رکلی اور دیگر قدیم مقامات کے ساتھ ساتھ تاریخی قلعے، مزارات، مقابر، قدیم بستیاں اور روایتی ثقافتی ورثہ موجود ہے، جنہیں محفوظ کر کے تحقیق، تعلیم اور ثقافتی سیاحت کے فروغ کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ صوبے کے محکمہ آثار قدیمہ کے ریکارڈ میں بھی بلوچستان کے متعدد تاریخی و ثقافتی مقامات درج ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ بلوچستان کے تاریخی ورثے کو صرف ماضی کی یادگار نہیں بلکہ مستقبل کی معیشت، سیاحت، تحقیق اور نوجوان نسل کی علمی تربیت کا ذریعہ بنایا جائے۔

بقیہ 52

پر غور کیا جارہا ہے، سوشل میڈیا کے استعمال کے لئے عمر کی حد مقرر کرنے کی تجویز بھی زیر غور ہے۔ ذرائع کے مطابق فیملی وی لاگنگ کے نام پر فحاشی کے تدارک کے لئے بھی مختلف تجاویز شامل کی گئی ہیں، کئی ممالک کی طرز پر بعض سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر پابندی عائد کرنے کے آپشن پر بھی غور کیا جائے گا۔ وزارت داخلہ میں ہونیوالے اجلاس میں مشاورت کے بعد حتمی فیصلے کئے جائیں گے، اجلاس میں پی ٹی اے، این سی سی آئی اے، وفاقی اور صوبائی پولیس حکام شریک ہوں گے۔ اجلاس میں بچوں کے استحصال اور فحاشی سے متعلق کیسز کا جائزہ پیش کیا جائیگا، آسٹریلیا سمیت مختلف ممالک کی سوشل میڈیا پالیسیوں کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔

بقیہ 53

52 سالہ جمائما گزشتہ ہفتے کے آخر میں 62 سالہ کیمرون اور ریلی سے شادی کے بندھن میں بندھ گئیں۔ تاہم اب جمائما گولڈ اسمتھ کی جانب سے شادی کی باضابطہ تصدیق کر دی گئی ہے اور انہوں نے سوشل میڈیا پر اپنی دوسری شادی کی تصاویر بھی شیئر کر دی ہیں۔ جمائما نے اپنی انسٹاگرام پوسٹ میں شادی کی تصاویر شیئر کیں جس میں ان کے دونوں بیٹے اور دوست بھی ان کے ہمراہ دکھائی دیئے۔ جمائما نے اپنی انسٹا پوسٹ میں شادی کی تاریخ 12 ستمبر 2026 لکھتے ہوئے کہا کہ 'ہم دونوں کے لئے اس دن کو اتنا خاص اور خوشیوں بھرا بنانے والے تمام لوگوں کا دل سے شکریہ'۔ آئرش نژاد آسٹریلوی کیمرون اور ریلی آنجہانی میڈیا ٹائیکون اور بین الاقوامی رگبی اسٹار سر انتھونی اور ریلی کے بیٹے ہیں۔

بقیہ 54

اطلاع پر کی گئی کارروائی کے دوران ملزمان نے گرفتاری سے بچنے کے لیے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی، جس کے بعد دونوں جانب فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ فائرنگ کے نتیجے میں مطلوب ملزم جاوید علی بروہی شدید زخمی ہوگیا، جسے فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا، تاہم وہ دورانِ علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ مقابلے کے دوران ایک پولیس اہلکار بھی زخمی ہوا جسے بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے کراچی منتقل کر دیا گیا ہے۔ کارروائی کے دوران پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ اور ایک گاڑی برآمد کی جو مبینہ طور پر جرائم کی سرگرمیوں میں استعمال کی جا رہی تھی۔ پولیس کے مطابق ہلاک ہونے والا ملزم جاوید علی بروہی حیدرآباد اور جامشورو میں درج 12 سے زائد سنگین مقدمات میں مطلوب تھا۔ ان مقدمات میں ڈکیتی، مسلح جرائم پولیس پر مزاحمت اور منشیات سے متعلق دفعات شامل ہیں۔ گرفتار دونوں ملزمان کو مزید تفتیش کے لیے حراست میں لے لیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ دورانِ تفتیش ملزمان کے دیگر ساتھیوں اور ان کے مبینہ جرائم کے نیٹ ورک سے متعلق اہم معلومات حاصل کی جا رہی ہیں۔ پولیس حکام نے عزم ظاہر کیا ہے کہ علاقے میں امن وامان کے قیام اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 55

اعزاز کی بات ہے کہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والی نڈر اور نوجوان ایم پی اے رہنما نے جنوبی افریقہ کے شہر کیپ ٹاؤن میں منعقدہ 9 6ویں Commonwealth Parliamentary Conference کے عالمی پارلیمانی فورم پر 16 ستمبر کو منعقدہ Youth Roundtable میں پورے ایشیا ریجن کے نوجوانوں کی نمائندگی کرتے ہوئے پاکستان، بالخصوص بلوچستان کے نوجوانوں کی موثر ترجمانی کی۔ راؤنڈ ٹیبل سیشن میں ایشیا ریجن کے نوجوانوں کی نمائندگی کرتے ہوئے مینا مجید بلوچ نے خطے کے نوجوانوں کے مسائل، ان کی صلاحیتوں، توانائی، مواقع اور مستقبل کے امکانات کو گلوبل پارلیمانی برادری کے سامنے مؤثر انداز میں اجاگر کیا۔ انہوں نے اس اہم فورم پر پاکستان کے نوجوانوں کی آواز کو نمایاں کرتے ہوئے کہا کہ یہ فخر کی بات ہے کہ پاکستان کی جمہوری اسمبلیوں میں تقریبا 30 فیصد نوجوان نمائندگی کر رہے ہیں، جبکہ پاکستان کی 62 فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے۔ یہ نوجوان توانائی، صلاحیت، ہنر اور عزم سے مالا مال ہیں اور ملک کو ترقی، خوشحالی اور ایک روشن مستقبل کی جانب لے جانے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ Commonwealth Parliamentary Conference دولتِ مشترکہ کے ممالک کی پارلیمانوں کا ایک اہم سالانہ عالمی پلیٹ فارم ہے، جہاں مختلف ممالک کے پارلیمنٹیرینز، پارلیمانی حکام اور پالیسی سے وابستہ افراد مشترکہ عالمی، پارلیمانی اور سماجی امور پر تبادلہ خیال کرتے ہیں۔ رواں سال کی 69 ویں کانفرنس میں Commonwealth کی مختلف پارلیمانوں سے سینکڑوں پارلیمنٹیرینز، پارلیمانی اسٹاف اور decision-makers نے شرکت کی۔ ایسے عالمی فورم پر بلوچستان کی ایک نوجوان خاتون کی جانب سے پورے ایشیا کے نوجوانوں کی نمائندگی، پاکستان اور بالخصوص بلوچستان کے نوجوانوں کی صلاحیتوں اور امکانات کو اجاگر کرنا اور ان کی آواز کو عالمی پارلیمانی گفتگو کا حصہ بنانا، بلوچستان کے لیے یقیناً ایک قابل فخر لمحہ ہے۔

بقیہ 56

کر کے 2 افراد کو قتل اور ایک کو زخمی کر دیا اور فرار ہوگئے واقعہ کے بعد نعشوں اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئیں۔ گوادر اور جیونی کے مختلف علاقوں سے تشدد کے نشانات والی تین لاشیں برآمد ہوئی ہیں، جن میں سے دو کی شناخت احسان بلوچ اور حسن رفیق کے نام سے ہوئی ہے، جبکہ تیسری لاش کی شناخت کا عمل جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق ہلاک شدگان میں سے ایک کا تعلق جیونی، ایک کا گوادر جبکہ ایک کا تربت سے بتایا جاتا ہے۔ ذرائع کے مطابق جیونی کے رہائشی احسان بلوچ ولد محمد حسن کی لاش بھی برآمد ہونے والی لاشوں میں شامل ہے۔ بعض ذرائع اور لواحقین کی جانب سے دعوی کیا گیا ہے کہ احسان بلوچ کو 22 مئی 2026 کو ان کے گھر سے مبینہ طور پر حراست میں لے کر لاپتہ کیا گیا تھا۔ آج ان کی لاش گوادر سے برآمد ہوئی، جس پر تشدد کے نشانات موجود ہونے کی اطلاعات ہیں۔ اسی طرح گوادر سے برآمد ہونے والی دوسری لاش کی شناخت حسن رفیق کے نام سے ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق حسن رفیق کو 24 اگست 2026 کو جیل سے ضمانت پر رہائی ملی تھی، تاہم لواحقین کا دعوی ہے کہ جیل کے گیٹ سے باہر نکلنے کے بعد انہیں مبینہ طور پر دوبارہ حراست میں لے کر لاپتہ کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق حسن رفیق کی لاش بھی گوادر سے برآمد ہوئی ہے۔ واقعے کے حوالے سے لواحقین اور دیگر حلقوں کی جانب سے ماورائے عدالت قتل کے الزامات عائد کیے گئے ہیں، تاہم ان دعوں کی آزادانہ طور پر تصدیق نہیں ہو سکی۔

بقیہ 57

حصے سے دوسروں کو دیتا رہا ہے۔ ملتان میں الیکٹرک بس سروس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ تنقید مجھ پر نہیں پنجاب کی ترقی پر ہو رہی ہے، ان کو 9 ارب روپے کے جہاز سے تکلیف ہے، جہاز میرا نہیں وہ وزیراعلیٰ پنجاب کا ہے، میں گھر نہیں لے کر جاؤں گی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ سیلاب کے دوران متاثرین کے پاس کشتیوں پر بھی گئی، ہر وزیراعلیٰ کے پاس سرکاری طیارہ ہے، تنقید صرف مجھ پر ہوتی ہے، تنقید کرنے والوں کو جہاز سے نہیں مریم نواز کے کاموں سے تکلیف ہے۔ مریم نواز نے بتایا کہ میری صاحبزادی کی گریجویشن تقریب تھی، جہاز کے استعمال پر پونے 3 کروڑ روپے اپنی جیب سے ادا کیے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا سے چند افراد پنجاب پر حملہ کرنے آئے، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا تماشا لگانے کیلئے زبردستی پولیس کی گاڑی میں بیٹھ گئے، خیبر پختونخوا سے آنے والوں کا لاہور کا دورہ ناکام رہا۔ انہوں نے الیکٹرک بس کے متعلق بتایا کہ اس سروس کا عام کرایہ صرف 20 روپے مقرر کیا گیا ہے، تاہم عوام کی سہولت کے پیش نظر خواتین، طلبا و طالبات، معذور افراد اور 60 سال سے زائد عمر کے بزرگ شہریوں کے لیے یہ سفر 100 فیصد مفت ہوگا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب کی آخری حد تک گرین بس سروس کو پھیلایا جا رہا ہے تاکہ صوبے بھر کے عوام جدید اور سستے سفر کی سہولیات سے مستفید ہو سکیں۔

بقیہ 58

سے دورہ لندن کے لیے سرکاری طیارے کے استعمال کا معاملہ سامنے آیا تھا اس حوالے سے ذرائع نے کہا کہ مریم نواز نے اخراجات خود سے ادا کیے ہیں۔ جی ٹی وی کے مطابق چیک کی کاپی حاصل کر لی ہے۔ ذرائع کے مطابق مریم نواز کی جانب سے پنجاب حکومت کو 2 کروڑ 71 لاکھ 94 ہزار 4 روپے کی ادائیگی کر دی گئی ہے۔

بقیہ 59

اسلام آباد کے پمز ہسپتال میں آگ لگنے کے دوران نرس نے بچی کو بچالیا تھا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز سانحہ پمز کی تحقیقاتی رپورٹ جاری کی گئی جس میں 14 نومولود بچوں کی المناک موت کو انتظامی ناکامی قرار دیا گیا اور عملے کو کلین چٹ دے دی گئی۔ رپورٹ کے مطابق فرنٹ لائن عملے نے بچوں کو بے یار و مددگار نہیں چھوڑا، چارج نرس نسرین اختر، سیکیورٹی گارڈ ماریہ سلیم اور اسٹاف نرس رضیہ نورین نے چند لمحوں میں بچوں کو بچانے کی کارروائی کی، نرس رضیہ نورین نے ایک نومولود کو بچایا اور دوبارہ نرسری میں داخل ہونے کی کوشش کی۔

بقیہ 60

سمندری امور کے نائب ڈائریکٹر جنرل لی یا اور پاکستان کے دفترِ خارجہ میں چین امور کے ڈائریکٹر جنرل بلال محمود چودھری نے کی۔ پاکستان اور چین نے اپنی مشترکہ سرحد کے انتظام کے لیے ایک نیا مشترکہ کمیشن فعال کر دیا ہے جسے دونوں ممالک نے دوطرفہ تعلقات میں ایک اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ دفتر خارجہ کے مطابق یہ پلیٹ فارم سرحدی انتظام، تجارت، مشترکہ سروے اور عوامی روابط کے فروغ میں مدد دے گا، یہ کمیشن 2013 میں پاکستان اور چین کے درمیان طے پانے والے سرحدی انتظام کے معاہدے کے تحت قائم کیا گیا تھا، تاہم اب اسے باقاعدہ طور پر فعال کیا گیا ہے، اس کے ذریعے سرحدی نشانات کی دیکھ بھال، سرحد پار سہولیات کے انتظام، مشترکہ جائزوں اور دیگر عملی امور پر رابطہ کاری کی جائے گی۔ حکام کا کہنا ہے کہ اس اقدام سے خنجراب گزرگاہ کے ذریعے ہونے والی آمدورفت، تجارت اور چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) سے جڑے معاملات میں تعاون مزید مضبوط ہو سکے گا۔ پاکستان اور چین کا نیا کمیشن کسی سرحدی تنازع سے متعلق نہیں بلکہ پہلے سے متعین سرحد کے انتظام اور عملی مسائل کے حل کے لئے قائم کیا گیا ہے۔

بقیہ 61

موٹر سائیکل، رکشہ اور 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے مالکان کو فیول سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے۔ پورے ملک بشمول آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان میں وزیر اعظم فیول سبسڈی سکیم کے تحت عوام تک ریلیف پہنچایا جا رہا ہے۔ پہلے REG لکھ کر سپیس دے کر شناختی کارڈ نمبر، گاڑی کی نمبر پلیٹ، رجسٹریشن کے صوبے کے نام کا پہلا حرف اور گاڑی کی رجسٹریشن کی تاریخ 9771 پر مفت میسج کرنے سے سکیم میں رجسٹریشن ہوگی۔ فیول سبسڈی سکیم کی مکمل تفصیلات اردو ویب سائٹ? www.pmfuelrelief.pk پر بھی دستیاب ہیں۔

بقیہ 62

کفن نیویارک میں جنرل اسمبلی کے اجلاس میں اقوام متحدہ چرچ سینٹر میں نمائش کے لیے پیش کر دیا گیا۔ 'تعداد نہیں نام' کے عنوان سے پیش کیے گئے اس منصوبے کا مقصد جنگ میں شہید ہونے والے بچوں کو محض اعداد وشمار کے بجائے ان کی انفرادی شناخت اور ناموں کے ساتھ یاد کرنا ہے، منتظمین نے اس اقدام کے ذریعے اسرائیلی فوجی کارروائیوں کے خاتمے اور مبینہ جنگی جرائم کے احتساب کا مطالبہ بھی کیا ہے۔ غزہ چلڈرنز شراوڈ کے نام سے یہ یادگاری منصوبہ ڈاکٹرز اگینسٹ جینوسائیڈ، یو ایس اے پریس اگینسٹ جینوسائیڈ، جسٹس فار آل اور دیگر شراکت دار تنظیموں نے تیار کیا ہے، تقریب میں مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی قرآن پاک کی تلاوت بھی کی گئی اور غزہ کے بچوں کی یاد میں بین المذاہب اجتماع منعقد ہوا۔ اس منصوبے کی تحریک اٹلی میں تیار کیے گئے ایک یادگاری کفن سے ملی جہاں غزہ میں اپنے بچوں کی لاشوں کی شناخت یقینی بنانے کے لیے بعض والدین کی جانب سے بچوں کے نام جسم پر لکھنے کے المناک عمل کو یادگاری کی شکل دی گئی، منتظمین کا کہنا ہے کہ کفن پر نام لکھنے کا مقصد بچوں کو جنگ کے اعداد و شمار میں گم ہونے سے بچانا ہے۔ یہ یادگاری کفن یکم ستمبر کو فلاڈیلفیا سٹی ہال سے اپنے سفر کا آغاز کر چکا ہے جبکہ نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر اسے پیش کیا گیا، منصوبے کے تحت اسے آئندہ مختلف شہروں میں لے جایا جائے گا اور ایک سال تک جاری رہنے والی عالمی مہم کے دوران ہر ماہ ایک نئے شہر میں نمائش اور دعائیہ و آگاہی پروگرام منعقد کیے جائیں گے۔

بقیہ 63

نے لاہور میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج دنیا کو سب سے زیادہ ضرورت امن کی ہے، ہمیں پاکستان کے اندر عملی طور پر بھی کچھ کرنا چاہیے، اس ملک میں امن ہوگا تو انویسٹمنٹ بھی آئے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم نے خود اپنے مسائل کو حل کرنا ہے، مکالمے کو ترجیح دینی چاہیے، اگر کوئی قانون توڑے گا تو یہ نہیں ہو سکتا کہ آپ اسے کھلی چھٹی دے دیں حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ نصیحت کرنا اور اچھے کو اچھا کہنا، برے کو برا کہنا ہماری ذمے داری ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ جب تک ہم ایک ترتیب کے ساتھ نہیں چلیں گے مسائل حل نہیں ہوں گے، قصور میں بچی بچے کے قاتل کو کیوں بری کیا گیا؟

بقیہ 64

خودمختاری کو فروغ مل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس خاندان میں تعلیم یافتہ اور باروزگار خاتون موجود ہو، وہاں پورے خاندان کی معاشی اور سماجی صورتحال میں مثبت تبدیلی آتی ہے۔ خواتین کو معاشی طور پر مضبوط اور خودمختار بنانے سے نہ صرف ان کے خاندان بلکہ پورے معاشرے کی ترقی ممکن ہے۔ قائم مقام اسپیکر نے کہا کہ بلوچستان کی خواتین میں صلاحیتوں کی کوئی کمی نہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ انہیں بہتر مواقع، مالی معاونت اور مناسب رہنمائی فراہم کی جائے تاکہ وہ اپنے کاروبار شروع کر کے باعزت روزگار حاصل کر سکیں۔ سیمینار میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، وفاقی وزیر برائے ورثہ وثقافت اورنگزیب خان کھچی، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی، ایڈوائزر ٹو چیف منسٹر رابعہ بلیدی، رکن صوبائی اسمبلی کلثوم نیاز سمیت خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ 65

ضمانت اسلام آباد ہائیکورٹ میں زیر سماعت کیس کے حتمی فیصلے تک دی گئی ہے۔ اس موقع پر جسٹس نعیم اختر افغان نے ریمارکس دیے کہ دونوں وکیل ہیں، ان کی عزت رکھ رہے ہیں، انہیں بھی کہہ دیں عدالت کے ڈیکورم کا خیال رکھیں، ایک وکیل میں اور ایک عام آدمی میں فرق ہوتا ہے۔ واضح رہے کہ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو جنوری 2026 میں سوشل میڈیا پوسٹس سے متعلق کیس میں 17، 17 سال کی سزائیں سنائی گئی تھیں۔ عدالت نے دونوں ملزمان کو پیکا ایکٹ کے سیکشن 9 کے تحت 5، 5 سال قید اور 50 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا تھا۔ دونوں کو سیکشن 10 کے تحت 10، 10 سال قید اور 3 کروڑ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی تھی جب کہ سیکشن 26 اے کے تحت 2، 2 سال قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا دی گئی تھی۔

بقیہ 66

میں اضافہ کر دیا۔ محکمہ خزانہ بلوچستان کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق خصوصی کنوینس الاؤنس کی شرح 4 ہزار روپے ماہانہ سے بڑھا کر 10 ہزار روپے ماہانہ کر دی گئی ہے۔ نئی شرح یکم جولائی 2026 سے نافذ العمل ہوگی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق یہ الاؤنس معمول کے کنوینس الاؤنس کے علاوہ دیا جائے گا۔ اس سہولت کے حقدار وہ سرکاری ملازمین ہوں گے جو معذور ملازمین کے کوٹے پر بھرتی ہوئے ہیں یا دورانِ ملازمت مجاز میڈیکل بورڈ کی جانب سے معذور قرار دیے گئے یا سرٹیفائیڈ ہوئے ہیں۔

بقیہ 67

میں محمد شریف اللہ نے آخری بیان دینے سے بھی انکار کر دیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ شریف اللہ کے داعش خراسان سے تعلق کے شواہد کافی ہیں، محمد شریف اللہ کو پاک افغان سرحد سے گرفتار کر کے امریکا منتقل کیا گیا تھا۔

بقیہ 68

میزائل یا دوسرے پروجیکٹائل نے جہاز کو نشانہ بنایا، جس سے معمولی نوعیت کے زخم آئے، جبکہ بعض افراد کو دھویں کے باعث سانس لینے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑا۔ زخمیوں کو علاج کے لیے منتقل کیا گیا۔ واقعے کی مزید تفصیلات اور حملے میں استعمال ہونے والے ہتھیاروں کی آزادانہ تصدیق فوری طور پر نہیں ہو سکی، جبکہ امریکی فوج کی جانب سے بھی ابھی تک اس واقعے پر تفصیلی عوامی بیان سامنے نہیں آیا۔ یہ واقعہ ایسے وقت میں پیش آیا ہے جب امریکا اور ایران کے درمیان جاری جنگ کے باعث آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں کی آمدورفت اور عالمی توانائی کی سپلائی کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ حالیہ دنوں میں آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تجارتی جہازوں کی تعداد معمول کے مقابلے میں نمایاں کم ہوئی ہے۔ آبنائے ہرمز دنیا کی اہم ترین توانائی اور تجارتی گزرگاہوں میں شامل ہے، اس لیے یہاں کسی بھی نئے حملے سے عالمی تیل کی سپلائی اور سمندری تجارت کے خدشات مزید بڑھ سکتے ہیں۔

بقیہ 69

اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ڈویلپمنٹ بلوچستان زاہد سلیم سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی، جبکہ ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن خان نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے نے چیف سیکرٹری بلوچستان کو گوادر میں جاری اور مکمل کیے گئے مختلف ترقیاتی منصوبوں، شہری تعمیر وترقی، شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ادارے کی مجموعی کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈائریکٹر جنرل نے بتایا کہ جی ڈی اے گوادر اسمارٹ پورٹ سٹی ماسٹر پلان کے تحت شہر کو جدید تقاضوں اور عالمی معیار کے مطابق ترقی دینے کے ساتھ ساتھ شہریوں کو بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی کے لیے روزانہ کی بنیاد پر مختلف شعبوں میں خدمات انجام دے رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جی ڈی اے کی میونسپل سروسز کے تحت شہر کی شاہراہوں اور گلیوں کی صفائی، کچرے کی صفائی، ڈرینج اور سیوریج لائنوں کی صفائی و دیکھ بھال، گرین بیلٹس اور مختلف گراؤنڈز میں شجرکاری، درختوں کی حفاظت و دیکھ بھال، واٹر سپلائی اور ڈسٹری بیوشن کے نظام کی نگرانی سمیت مختلف شہری خدمات انجام دی جا رہی ہیں۔ اسی طرح شہر میں غیر قانونی تعمیرات کی روک تھام اور تعمیراتی سرگرمیوں کو قواعد وضوابط کے مطابق لانے کے لیے بھی باقاعدہ کارروائیاں جاری ہیں۔ اجلاس میں جی ڈی اے کے انتظامی ڈھانچے، ہیومن ریسورس، مالیاتی امور اور بجٹ کی صورتحال کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل نے ادارے کے جاری و نئے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، رواں مالی سال میں مختلف ترقیاتی فنڈز اور مختلف منصوبوں کے لیے درکار اضافی مالی وسائل سے متعلق بھی تفصیلی آگاہ کیا۔ گوادر میں پانی کی فراہمی کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل نے بتایا کہ سوڈ ڈیم میں پانی کا سطح کم ہونے کے بعد اس وقت شادی کور سے روزانہ پانی پمپ کر کے گوادر شہر کو فراہم کیا جا رہا ہے۔ شادی کور پمپنگ اسٹیشن پر بجلی کی سہولت دستیاب نہ ہونے کے باعث جنریٹرز کے ذریعے مسلسل پمپس چلائے جا رہے ہیں، جس کے نتیجے میں ایندھن اور آپریشنل اخراجات میں نمایاں اضافہ ہو رہا ہے۔ اس سلسلے میں اضافی فنڈز کی ضرورت سے بھی آگاہ کیا گیا۔ اجلاس میں یہ بھی بتایا گیا کہ شادی کور پمپنگ اسٹیشن کو پسنی گرڈ اسٹیشن سے بجلی کی فراہمی کے لیے علیحدہ فیڈر کی تنصیب سے متعلق پی سی ون صوبائی حکومت کو منظوری کے لیے پیش کیا جا چکا ہے، جس پر جلد پیش رفت کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے نے گوادر کے شہریوں کو فراہم کی جانے والی مختلف سہولیات، جن میں کھیلوں کے میدان، پارکس اور تفریحی مقامات، جی ڈی اے اسکول، جی ڈی اے ہسپتال، شاہراہوں کا نیٹ ورک، ماہی گیری کے شعبے کے لیے سہولیات، جیٹیز اور بریک واٹرز سمیت دیگر منصوبے شامل ہیں، کے بارے میں بھی تفصیلی بریفنگ دی۔

بقیہ 70

آواران میں بروقت کارروائی کے ذریعے دہشتگردوں کے مذموم عزائم خاک میں ملا دیے گئے، جو امن دشمن عناصر کے خلاف ریاستی اداروں کی مؤثر حکمت عملی کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے متحد ہو کر کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ ظہور بلیدی نے کہا کہ بلوچستان میں امن کے قیام کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے سکیورٹی اہلکار پوری قوم کے ہیرو ہیں، جبکہ ان کی قربانیاں صوبے میں پائیدار امن کی بنیاد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امن دشمن عناصر بلوچستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے سفر کو متاثر نہیں کر سکتے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک ریاستی اداروں کا عزم اور کارروائیاں جاری رہیں گی، جبکہ دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف قانون کے مطابق بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 71

سیاحوں کے لئے سہولیات کی فراہمی کے منصوبے جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی 770 کلومیٹر طویل ساحلی پٹی سیاحت کے حوالے سے غیر معمولی اہمیت کی حامل ہے، ساحلی علاقوں میں سیاحتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے جامع منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ ڈائریکٹر محکمہ سیاحت بلوچستان نے ملکی وغیر ملکی سیاحوں کو بلوچستان کے خوبصورت مقامات کے دورے کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ فطری خوبصورتی سے مالا مال بلوچستان میں سیاحت کے فروغ سے روزگار کے مواقع بڑھیں گے اور مقامی معیشت بھی مضبوط ہوگی۔

بقیہ 72

ہے آئین کی پاسداری کرنے کی دعویداروں نے سیاسی مزاحمت سے آئین کو پاؤں تلے روندا ہے محاذ آرائی سے سیاست وجمہوریت کے مستقبل بحران کی کیفیت سے دوچار ہے انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتوں نے ہر بار غیر جمہوری اور غیر آئینی عمل کو سیاست میں مداخلت کے لئے راستہ فراہم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں آزادی اور انصاف پر مبنی سوچ کو دفنانے کی کوشش ہو رہی ہے مقتدر حلقے جمہوریت کو اپنے کنٹرول میں رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک مزید آئینی، سیاسی اور معاشی بحران کے متحمل نہیں۔ سیاسی افراتفری اور سازشوں سے نظام منجمد ہے ملک تیزی سے سیاسی بحران کے ساتھ معاشی طور پر دیوالیہ ہو رہا ہے۔ قوم ان جمہوری مداریوں کی ریشہ دوانیوں کو سمجھ چکے ہیں اپنے بیانیے اور ایجنڈے کیلئے عوام کو استعمال کیا گیا جمعیت علمائے اسلام واحد جماعت ہے جو اس بحرانوں کا خاتمہ کریں گے۔

بقیہ 73

ماہی گیروں کی شفاف رجسٹریشن اور فشریز کے شعبے کی پائیدار ترقی وفروغ سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا رکن صوبائی اسمبلی نے کہا کہ گوادر کے مقامی ماہی گیر نسلوں سے سمندر سے وابستہ ہیں اور ماہی گیری نہ صرف ان کا ذریعہ معاش بلکہ ساحلی معیشت کا اہم حصہ ہے مقامی ماہی گیروں کے روزگار کے تحفظ، سمندری وسائل کی پائیداری اور فشریز صنعت کی ترقی کے لیے مؤثر نگرانی اور قانون پر عملدرآمد ناگزیر ہے انہوں نے فشریز حکام پر زور دیا کہ گوادر کے ساحلی علاقوں میں پٹرولنگ اور نگرانی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے اور غیر قانونی ٹرالنگ کے خلاف قانون وضوابط کے مطابق عملی اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملے پر وزیراعلیٰ بلوچستان سمیت متعلقہ حکام سے بھی رابطہ کیا گیا ہے ملاقات میں ماہی گیروں کی رجسٹریشن کے عمل پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔

بقیہ 74

ڈاکٹر رانا عمران سکندر کے خلاف چارج شیٹ جاری کر دی گئی ہے جس میں ڈاکٹر رانا عمران سکندر پر فائر سیفٹی اور انتظامی نگرانی میں ناکامی کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ چارج شیٹ کے مطابق 6 جولائی کے نرسنگ ہاسٹل فائر حادثہ کے بعد اصلاحی اقدامات نہیں کیے گئے۔ چارج شیٹ میں ڈاکٹر رانا عمران سکندر پر بیک وقت کلینیکل اور انتظامی عہدے رکھنے کا الزام عائد کیا گیا ہے جبکہ اس میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی تعیناتی اور ترقی میں قواعد کی خلاف ورزی کا الزام بھی عائد کیا گیا ہے۔ چارج شیٹ میں ایمرجنسی فنڈز کے باوجود عارضی حفاظتی اقدامات نہ کرنے کا الزام بھی عائد کیا گیا ہے۔ چارج شیٹ میں 6 جولائی کے فائر واقعے کے بعد متعلقہ اداروں سے مؤثر رابطہ نہ کرنے کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر نگہام نواز پر حادثے کی رات نیونیٹولوجی یونٹ میں موجود نہ رہنے کا الزام عائد کیا گیا ہے، ان کی غیر حاضری کو انتظامی غفلت قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ 75

اظہار انہوں نے کونسل کے زیر اہتمام منعقدہ سیرت النبی سیمینار سے کرتے ہوئے کیا۔ آپ نے کہا کہ عالم مغرب اور امریکہ مسلمانوں کے ساتھ دوہری تہری چال چلتے ہیں۔ عرصہ دراز سعودی عرب ودیگر خلیجی ممالک سے حفاظت کے نام پر مال اینٹھتے رہے اب جب کہ حقیقتاً سعودی عرب کی حفاظت کا موقع آیا ہے تو حوثیوں کے ساتھ پس پردہ مذاکرات اور ملاقاتیں شروع کر دی ہیں۔ خلیجی ممالک کو بھی سوچنا چاہیے کہ مسلم ممالک کا دفاعی اتحاد بنایا جائے جو ایک دوسرے کے کام آئے۔ ایران کو بھی علاقے میں کشیدگی کم کرنے کے لیے اپنی پراکسیز کو روکنا ہوگا۔ آپ نے سیرت النبی پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت سے جنگی معاملات پر سیر حاصل ہدایات میسر ہیں۔ مسلمان ممالک کو انہیں سامنے رکھنا چاہیے، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عرب کے بدو معاشرے کو تبدیل کرتے ہوئے انہیں معاشرتی ومعاشی ترقی کے راستہ پر گامزن کیا۔ ڈاکٹر حافظ سجاد نے اپنی کلیدی گفتگو میں کہا کہ زندگی کے ہر معاملات میں سیرت طیبہ کی پیروی لازمی ہے۔ ہماری آبادی کا کثیر حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے، ان کے اخلاق کی تعمیر اور کردار کی نظافت سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں ہی ممکن ہے۔

بقیہ 76

میں پانی کی ذخیرہ کاری، ترسیل اور آبپاشی کے نظام کو مزید موثر، منظم اور پائیدار بنانے میں مدد ملے گی، جس سے ناریل کی کاشت سمیت دیگر زرعی سرگرمیوں کے فروغ اور زرعی پیداوار میں اضافے کے لیے سازگار ماحول میسر آئے گا۔ یہ اقدام صوبائی حکومت کی اس پالیسی کا عملی اظہار ہے، جس کے تحت پانی کے دستیاب وسائل کو بہتر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے زرعی شعبے کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔ کوکونٹ فارم پسنی میں آبپاشی کی بنیادی سہولیات میں بہتری کو زرعی ترقی کی جانب اہم پیش رفت قرار دیتے ہوئے فارم انچارج وایگریکلچر آفیسر ایکسٹینشن محمد وسیم نور ڈائریکٹر جنرل ایگریکلچر ایکسٹینشن بلوچستان مسعود احمد بلوچ اور ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر ایکسٹینشن گوادر مقبول احمد بلوچ کی خصوصی کاوشوں، مؤثر رہنمائی اور تعاون کو سراہا گیا

بقیہ 77

موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے، تعلیم، صحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، تجارت، سرمایہ کاری اور پائیدار ترقی سمیت مختلف شعبوں میں پاکستان اور ڈنمارک کے درمیان تعاون کو مزید وسعت دینے، افرادی قوت کی ترقی اور ثقافتی روابط کے فروغ کی اہمیت پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ ڈنمارک کی سفیر ماجا ڈیروس مورٹینسن نے کہا کہ ڈنمارک، پاکستان کے ساتھ جاری تین سالہ شراکت داری پروگرام کے تحت گرڈ پلاننگ، ڈیٹا سسٹمز اور توانائی کی کارکردگی سے متعلق اصلاحات میں تعاون کر رہا ہے، ڈنمارک کی کمپنیاں پاکستان کے زرعی اور آئی ٹی کے شعبوں میں گہری دلچسپی رکھتی ہیں جبکہ ڈنمارک اور پاکستان کے درمیان پائیدار بندرگاہوں اور مارسک کے ٹرانس شپمنٹ پورٹ کے حوالے سے بھی اہم شراکت داری کے معاہدے موجود ہیں، جس کا مقصد ماحول دوست سمندری ٹیکنالوجیز کی مدد سے پاکستان کے سمندری ڈھانچے کو جدید بنانا، بندرگاہی آپریشنز کو بہتر بنانا اور توانائی کی بچت پر مبنی شپنگ شامل ہیں۔ مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز شاہ نے پاکستان کے ساتھ ڈنمارک کی دیرینہ شراکت داری کو سراہا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنا کر مشترکہ ترقی اور خوشحالی کے نئے مواقع پیدا کیے جائیں گے۔

بقیہ 78

سے جرات مندانہ اور دوٹوک موقف اختیار کرنا قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ سردار ایاز صادق نے پاکستان کے موقف کی بھرپور ترجمانی کرتے ہوئے قومی حقوق اور مفادات کو مؤثر انداز میں اجاگر کیا۔ فرید افغان نے کہا کہ پاکستان کے اہم قومی معاملات پر عالمی سطح پر واضح اور مدلل مؤقف پیش کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پانی پاکستان کے لیے انتہائی اہم قومی معاملہ ہے اور اس حوالے سے ملکی مفادات کا بھرپور دفاع کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سردار ایاز صادق کا بین الاقوامی فورم پر موقف پاکستان کے قومی مفاد کی مضبوط ترجمانی کا مظہر ہے، جبکہ بھارتی وفد کے پاس اس مؤقف کا کوئی جواب نہ ہونا بھی اس امر کی عکاسی کرتا ہے کہ پاکستان نے اپنا مقدمہ مؤثر انداز میں پیش کیا۔ ایڈووکیٹ فرید افغان نے کہا کہ ایسے واضح اور اصولی مؤقف سے پاکستان کے وقار اور قومی اعتماد میں اضافہ ہوتا ہے۔

بقیہ 79

گیا۔ ملاقات کے دوران وفاقی وزیر نے پاکستان اور امریکا کے تعلقات کے فروغ میں نٹالی بیکر کی سفارتی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے پاکستان اور امریکا کے نجی شعبوں کے درمیان روابط مزید مضبوط بنانے اور باہمی اقتصادی تعاون کے دائرہ کار کو وسعت دینے پر زور دیا۔ قیصر احمد شیخ نے کہا کہ پاکستان تمام شعبوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری کا خیر مقدم کرتا ہے۔ انہوں نے معدنیات، توانائی، زراعت، اطلاعاتی ٹیکنالوجی اور صحت کے شعبوں میں امریکی سرمایہ کاروں کے لیے موجود مواقع سے بھی آگاہ کیا۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ کاروباری ماحول کو بہتر بنانے اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے 550 سے زائد اصلاحات کی گئی ہیں۔ انہوں نے سرمایہ کاروں کو سہولیات کی فراہمی کے لیے بزنس فسیلیٹیشن سینٹر کے کردار پر بھی بریفنگ دی، جہاں ایک ہی مقام پر مختلف خدمات فراہم کی جا رہی ہیں۔

بقیہ 80

کارروائیوں کے دوران 3 طالبان سکیورٹی اہلکاروں کو ہلاک کرنے کا دعوی کیا۔ مقامی میڈیا کے مطابق افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کے مطابق صوبہ ہلمند کے امام رباط چوکی کے علاقے میں طالبان اہلکاروں کو نشانہ بنایا گیا۔ ہلمند میں کارروائی کیدوران طالبان رجیم کے 2 اہلکار ہلاک اور 2 کلاشنکوف رائفلیں قبضے میں لے لی گئیں، قندھار کے باغ پل بازار میں طالبان رجیم کیخلاف کارروائی میں ایک اہلکار کو ہلاک کیا گیا۔ افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کا کہنا تھا کہ قندھار سے بلخ اور ہرات سے بدخشاں تک افغان طالبان رجیم کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 81

وہ جمعرات کو لیڈران اسلام آباد بزنس سمٹ سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ باوقار زندگی کا مطلب یہ ہے کہ میاں بیوی عزت و وقار کے ساتھ کام کر سکیں، اپنے بچوں کو سکول بھیج سکیں اور انہیں ایسی تعلیم ملے جس سے زندگی کے مواقع کے دروازے ان کے لیے کھل جائیں، اگر صرف غیر معمولی صلاحیت رکھنے والے افراد کے لیے مواقع کے دروازے کھلیں اور باقی لوگ راستے میں گرتے پڑتے چلے جائیں تو یہ باوقار زندگی کی تعریف میں نہیں آتا۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ گھر میں کوئی بیمار پڑ جائے تو اسے ہسپتال یا کلینک لے جایا جا سکے

بقیہ 82

مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ عوام، ٹرانسپورٹرز، مزدوروں اور کاروباری طبقے کیلئے ناقابل برداشت بوجھ بن چکا ہے، پٹرول کی قیمت 400 روپے فی لیٹر تک پہنچنا تاریخ کا بدترین ظلم ہے، جس سے عام آدمی کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے براہ راست اثرات اشیائے ضروریہ، سفری اخراجات اور ہر شعبہ زندگی پر پڑتے ہیں، جبکہ ٹرانسپورٹرز کیلئے گاڑیوں کے اخراجات، اسپیئر پارٹس، ٹائرز، مرمت اور دیگر ضروریات پہلے ہی انتہائی مہنگی ہو چکی ہیں۔ موجودہ صورتحال میں ٹرانسپورٹ کا پہیہ چلانا بھی مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ حکومت عوام کو ریلیف دینے کے بجائے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کر کے مہنگائی کا نیا بوجھ ڈال رہی ہے۔

دنیا بھر مہنگائی کی لپیٹ میں ہے

سب سے پہلے حکومت اور اشرافیہ سے قربانی کا آغاز کیا جائیگا، شہباز شریف

حکومتی اخراجات میں کمی کے ساتھ توانائی اور ایندھن کے تحفظ کے لیے تمام ممکنہ اقدامات بروئے کار لائے جائیں

اقدامات کی نگرانی کے لیے قائم کمیٹی وزارتوں، ڈویژنز، محکموں، سرکاری اداروں اور صوبائی حکومتوں سے عملدرآمد رپورٹس حاصل کرے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کی وجہ سے عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے تناظر میں ملک بھر میں سادگی و کفایت شعاری مہم کی منظوری دیدی۔ جاری اعلامیہ کے مطابق فیصلہ اسلام آباد میں وزیراعظم کی زیر صدارت منعقدہ کفایت شعاری اور توانائی کے تحفظ کے اقدامات پر اہم اجلاس میں ہوا۔ وزیراعظم نے کہا کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اضافے سے دنیا بھر مہنگائی کی لپیٹ میں ہے، سب سے پہلے حکومت اور اشرافیہ سے قربانی کا آغاز کیا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ معاشی طور پر کمزور اور متوسط طبقے کیلئے فیول سبسڈی کا آغاز ہو چکا، موٹر سائیکل، رکشہ اور 800 سی سی گاڑیوں کو 100 روپے فی لیٹر کے

بقیہ نمبر 32 صفحہ 7 پر

جمعیت کی مرکزی مجلس عاملہ کا اجلاس کل پشاور میں ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام کے مرکزی امیر قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کی صدارت میں مرکزی مجلس عاملہ کا غیر معمولی اجلاس 19 اور 20 ستمبر 2026 کو پشاور میں منعقد ہوگا، اجلاس میں ملک بھر سے مرکزی مجلس عاملہ کے اراکین شرکت کریں گے۔ اجلاس میں ملکی وقومی صورتحال، آئندہ بلدیاتی انتخابات کی تیاری، صوبائی جماعتوں کی تنظیمی وسیاسی صورتحال، انتخابی یونٹوں کی تشکیل اور دیگر اہم امور پر غور کیا جائے گا۔ جمعیت علما اسلام بلوچستان

بقیہ نمبر 35 صفحہ 7 پر

آئین کی تشریح کے معاملات آئینی عدالت کے سپرد کردیئے گئے ہیں، وزیر قانون

27 ویں ترمیم میں یہ بات واضح کردی گئی کہ کس عدالت نے کونسے مقدمات کی سماعت کرنی ہے، وکلاء سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ آئین کی تشریح کے معاملات آئینی عدالت کے سپرد کردیئے گئے ہیں، 27 ویں ترمیم میں یہ بات واضح کردی گئی کہ کس عدالت نے کونسے مقدمات کی سماعت کرنی ہے بار میں جاری

بقیہ نمبر 33 صفحہ 7 پر

امن دشمنوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، بابر یوسفزئی

بلوچستان کی ترقی اور امن میں کسی کو رکاوٹ نہیں بننے دیں گے، معاون برائے داخلہ

کوئٹہ (یو این اے) معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر خان یوسفزئی نے آواران میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت سکیورٹی فورسز کی کارروائی میں تین دہشتگردوں کے خاتمے کو بروقت اور موثر کارروائی کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ آواران آپریشن

بقیہ نمبر 34 صفحہ 7 پر

چیف سیکرٹری شکیل قادر خان بینک آف بلوچستان کے قیام کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پیٹرول ریلیف سکیم پر حکومت اور پیٹرولیم ڈیلرز کے مذاکرات کامیاب

سٹیٹ بینک ضامن ہوگا اور دو دن میں پیٹرولیم ڈیلرز کے اکاؤنٹس میں رقم منتقل ہوگی ادائیگیوں کے طریقہ کار کا نوٹیفکیشن بھی جاری ہوگا

مذاکرات کے دوران وزیر پیٹرولیم نے آئندہ اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کا عمل مزید بہتر بنانے کی یقین دہانی بھی کرادی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پیٹرول ریلیف سکیم پر حکومت اور پیٹرولیم ڈیلرز کے مذاکرات کامیاب ہو گئے۔ پاکستان پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن کا کہنا ہے کہ مذاکرات کے بعد ڈیلرز ریلیف پیکج پر عملدرآمد شروع کر رہے ہیں۔ اسلام آباد میں

بقیہ نمبر 36 صفحہ 7 پر

27 ستمبر کو تحریک انصاف اسلام آباد نہیں پہنچے گی، فیصل کریم کنڈی

لاہور (آئی این پی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کو تحریک انصاف اسلام آباد نہیں پہنچے گی۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اگر پی ٹی آئی اسلام آباد پہنچ جاتی ہے تو کیا بانی پی ٹی آئی رہا ہو جائیں گے، عدالتوں نے ان کو سزا دی ہے، وہ بھگتنے کے بعد

بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر

کوئٹہ، ریٹائرڈ پولیس سرجن ڈاکٹر عائشہ فیض جوڈیشل ریمانڈ پر جیل منتقل

کوئٹہ (یو این اے) ریٹائرڈ پولیس سرجن ڈاکٹر عائشہ فیض کو انسداد دہشت گردی عدالت میں پیش کیا گیا، جہاں عدالت نے انہیں جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیجنے کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈاکٹر عائشہ فیض کو انسداد دہشت گردی کے جج سید علی مبین کی عدالت میں پیش کیا گیا۔ سماعت کے دوران ڈاکٹر عائشہ فیض کی جانب سے سینئر قانون دان طاہر ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے کارروائی کے بعد ڈاکٹر عائشہ فیض کو جوڈیشل ریمانڈ

بقیہ نمبر 41 صفحہ 7 پر

گوادر، کشتیوں کیلئے پختہ پلیٹ فارم، جی ڈی اے نے ٹینڈر منظور کرلیا

گوادر (خ ن) گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی (جی ڈی اے) نے ماہی گیروں کی کشتیوں کے لیے پختہ پلیٹ فارم کی تعمیر کے ٹینڈر کی منظوری دے دی، جس کے بعد جلد تعمیراتی کام شروع ہونے کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔ گوادر پرو کے مطابق اس سلسلے میں گوادر کے رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی کوششوں کو اہم قرار دیا گیا ہے۔ ٹینڈر کے عمل میں چھ سے زائد مقامی اور قومی کمپنیوں نے حصہ لیا۔ یہ عمل 15 اگست سے ایک ماہ تک جاری رہا۔ ٹینڈر کے تحت کمپنیوں سے پیشہ ورانہ اہلیت اور متعلقہ اسناد

بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر

'جیسا کرو گے ویسا بھرو گے' پی ٹی آئی رہنماؤں کا جیل سے لکھا گیا خط

لاہور (سی ایم لنکس) پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں کے جیل سے لکھے گئے خط میں حکومت پر کڑی تنقید کی گئی ہے۔ پی ٹی آئی رہنماؤں شاہ محمود قریشی، اعجاز چوہدری، یاسمین راشد اور سرفراز چیمہ نے جیل سے اپنے وکیل کی وساطت سے میڈیا کو پہنچائے گئے خط میں مہنگائی، صحت، تعلیم، زراعت اور امن وامان کی صورتحال پر حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ خط میں پی ٹی آئی رہنماؤں نے کہا کہ پیٹرول کی بڑھتی قیمتوں نے مکمل افراتفری پیدا کردی ہے، جبکہ غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے والے 42 فیصد لوگوں کے لیے ایک وقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل ہو چکا ہے۔

سعودی عرب میں دہشتگردی اور قتل کے جرم میں پاکستانی شہری کو سزائے موت دیدی گئی

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے القصیم ریجن میں سنگین جرائم میں ملوث ایک پاکستانی شہری کی سزائے موت پر عمل درآمد کر دیا گیا۔ سعودی وزارت داخلہ کے مطابق مجرم پر دہشت گردانہ نظریات سے متاثر ہو کر ایک غیر ملکی شہری کو قتل کرنے، غیر قانونی طور پر اسلحہ رکھنے اور مزید افراد کے قتل کی منصوبہ بندی کا الزام تھا۔ وزارت داخلہ کے مطابق تحقیقات اور عدالتی ٹرائل کے بعد جرم ثابت ہونے پر اسے سزائے موت سنائی گئی جس پر گزشتہ روز عمل درآمد کر دیا گیا۔

آبنائے ہرمز سے گزرنے والے جہازوں کی تعداد میں نمایاں کمی

تہران (آئی این پی) آبنائے ہرمز سے گزرنے والے جہازوں کی تعداد میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ ابتدائی بحری نقل وحرکت کے اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ روز آبنائے ہرمز سے صرف تین کموڈیٹی بردار جہاز گزرے، جبکہ ایک روز قبل یہ تعداد 12 تھی۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ تعداد گزشتہ 10 روز کے یومیہ اوسط، یعنی

بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر

نئے انتظامی یونٹس اور صوبوں کی بحث نیتوں کا فریب ہے، جنید اکبر

اصل مقصد صوبائی وسائل پر وفاق کا قبضہ مضبوط کرنا ہے، رہنما پی ٹی آئی کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی رہنما جنید اکبر نے کہا ہے کہ اصل مقصد با اختیار یونٹس بنانا نہیں بلکہ این ایف سی ایوارڈ کے تحت صوبائی وسائل پر وفاق کا قبضہ مضبوط کرنا ہے، آئینی عدالت جس طرح بانی پی ٹی آئی کا کیس اپنے پاس لے کر آئی ہے، میرے خیال میں اب سپریم کورٹ کوئی پنساری کی دکان کھول لے۔ ایک انٹرویو انہوں نے کہا کہ بیمار تو جیل میں نواز شریف بھی تھے حمل کے علاوہ ساری بیماریاں ان کو ہوئی تھیں، شہباز شریف کو کمر کا مسئلہ تھا، لیکن اب

بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر

سپریم کورٹ کے آئی ٹی سیکشن میں آگ لگنے سے ریکارڈ ادھر کا ادھر ہوگیا

مقدمہ دوسرے بنچ میں لگ گیا جس پر جسٹس نعیم اختر افغان نے ساعت سے معذرت کرلی

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ کے آئی ٹی سیکشن میں آگ لگنے کی وجہ سے ریکارڈ ادھر کا ادھر ہوگیا اور مقدمہ متعلقہ بنچ کی بجائے دوسرے بنچ میں لگ گیا جس پر جسٹس نعیم اختر افغان نے ساعت سے معذرت کرلی۔ سپریم کورٹ میں ایمان مزاری

بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر

پاکستان کو بچانے اور چلانے کا واحد طریقہ انتظامی یونٹ کا قیام ہے

پمز کے فائر سسٹم اور انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے کے لیے وزیراعظم نے 3 ماہ کا وقت دیا ہے، وزیر صحت

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر برائے صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان کو بچانے اور چلانے کا واحد طریقہ انتظامی یونٹ کا قیام ہے، سانحہ پمز میں ایک اور افسر کو قصوروار ٹھہرایا گیا ہے، ان 9 افراد کو نوکری سے نکال دیا گیا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا ہے کہ سانحہ پمز سے متعلق ابتدائی رپورٹ میں 8 افراد کو قصوروار ٹھہرایا گیا تھا،

بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر

کوئٹہ، صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک اپنی رہائش گاہ پر علاقہ معتبرین سے خطاب کر رہے ہیں

گڈ گورننس کے لیے وسائل اور اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی ناگزیر ہے، بلال اظہر کیانی

پائیدار معاشی ترقی اور طویل مدتی خود کفالت کے حصول کے لیے برآمدات میں اضافہ بنیادی اہمیت رکھتا ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ جب تک مالیاتی وسائل اور انتظامی اختیارات کو مقامی سطح پر منتقل نہیں کیا جائے گا، عوام کے روزمرہ کے مسائل مؤثر انداز میں حل نہیں ہوسکیں گے۔ انہوں نے یہ بات اسلام آباد میں لیڈرز ان اسلام آباد بزنس سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا گزشتہ سال صوبوں کے پاس تقریباً 3.2 ٹریلین جبکہ وفاق کے پاس تقریباً ایک ٹریلین روپے موجود تھے، اور

بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر

افغان طالبان رجیم کیخلاف مزاحمتی محاذ مزید متحرک

قندھار اور ہلمند میں کارروائیوں میں طالبان رجیم کے 3 اہلکار ہلاک اور 2 کلاشنکوف رائفلیں ضبط

کابل (آئی این پی) افغانستان میں طالبان کیخلاف مسلح مزاحمت میں شدت اختیار کرگئی۔ افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ نے قندھار اور ہلمند میں کارروائیوں کے دوران 3 طالبان سکیورٹی اہلکاروں کو ہلاک کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کے مطابق صوبہ ہلمند کے امام رباط چوکی کے علاقے میں طالبان اہلکاروں کو نشانہ بنایا گیا۔ ہلمند

بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر

بجلی کمپنیاں حکومتی اجازت سے بھی زائد لوڈشیڈنگ میں ملوث ہیں، اویس لغاری

ڈسکوز کے سسٹم کو ٹھیک کرنے کیلئے ہر حلقے میں 60 کروڑ سے ایک ارب روپے درکار ہیں

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا کہ بجلی کمپنیاں حکومتی اجازت سے بھی زائد لوڈشیڈنگ میں ملوث ہیں۔ وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری کا کہنا ہے ڈسکوز کو لوڈشیڈنگ کی جتنی اجازت ہے اس سے زیادہ ہو رہی ہے، ہم فیڈر کے بجائے اب ٹرانسفارمر سے بجلی بند کریں گے، پورے فیڈر کے بجائے صرف ٹرانسفارمر پر لوڈشیڈنگ ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی توانائی کے اجلاس میں ڈیمانڈ نوٹس میں ملی بھگت

بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر

قیصر احمد شیخ کی امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر سے ملاقات

اقتصادی تعاون بڑھانے پر اتفاق، سرمایہ کاری، تجارت اور کاروباری روابط کے فروغ پر گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ نے امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر سے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور امریکا کے درمیان اقتصادی و تجارتی تعاون، سرمایہ کاری اور کاروباری روابط کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وفاقی وزیر نے پاکستان اور امریکا کے تعلقات کے فروغ میں نٹالی بیکر کی

بقیہ نمبر 79 صفحہ 7 پر

اسلام آباد، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ سے امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر ملاقات کررہی ہیں

کوئٹہ، چیف سیکرٹری کی زیر صدارت گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کا اجلاس

ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے نے جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی

کوئٹہ/گوادر (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے انتظامی، مالیاتی اور ترقیاتی امور سے متعلق ایک

بقیہ نمبر 69 صفحہ 7 پر

کوئٹہ، پشتونخوا میپ کے مرکزی رہنما نواب ایاز خان جوگیزئی پشتون جرگہ سے خطاب کر رہے ہیں

حکومت بلوچستان نے معذور ملازمین کیلئے خصوصی الاؤنس میں اضافہ کردیا

یہ الاؤنس معمول کے کنوینس الاؤنس کے علاوہ دیا جائے گا سہولت صرف سرکاری ملازمین کیلئے ہے

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے معذور سرکاری ملازمین کے لیے خصوصی کنوینس الاؤنس (AllowanceConveyance Special)

بقیہ نمبر 66 صفحہ 7 پر

سپریم کورٹ، ایمان مزاری اور ہادی علی کی سزائیں معطل

عدالت نے دونوں کی ضمانت 2، 2 لاکھ روپے کے ضمانتی مچلکوں کے عوض منظور کی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سپریم کورٹ نے وکیل ایمان مزاری اور ان کے شوہر ہادی علی چٹھہ کی ضمانتیں منظور کرتے ہوئے ٹرائل کورٹ کا فیصلہ معطل کردیا۔ عدالت نے دونوں کی ضمانت 2، 2 لاکھ روپے کے ضمانتی مچلکوں کے عوض منظور کی اور کہا کہ

بقیہ نمبر 65 صفحہ 7 پر

ملک میں امن ہوگا تو انویسٹمنٹ بھی آئے گی، حافظ طاہر اشرفی

ہم نے خود اپنے مسائل کو حل کرنا ہے، مکالمے کو ترجیح دینی چاہیے، چیئرمین علماء کونسل

لاہور (آئی این پی) چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ تمام انسانیت کا مستقبل امن سے وابستہ ہے۔ حافظ طاہر محمود اشرفی

بقیہ نمبر 63 صفحہ 7 پر

غزہ کے 20 ہزار شہید بچوں کے ناموں پر مبنی 100 میٹر طویل کفن جنرل اسمبلی میں پیش

منتظمین نے اسرائیلی فوجی کارروائیوں کے خاتمے اور مبینہ جنگی جرائم کے احتساب کا مطالبہ بھی کیا ہے

نیویارک (آن لائن) غزہ میں جاں بحق ہونے والے 20 ہزار سے زائد فلسطینی بچوں کے ہاتھ سے لکھے ناموں پر مشتمل تقریباً 100 میٹر طویل یادگاری

بقیہ نمبر 62 صفحہ 7 پر

کوئٹہ، کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری آرچر روڈ پر زیر تعمیر پلازہ کا معائنہ کررہے ہیں

سانحہ پمز میں بچ جانے والی واحد بچی ایزل زندگی کی بازی ہار گئی

اسلام آباد کے پمز ہسپتال میں آگ لگنے کے دوران نرس نے بچی کو بچالیا تھا، والد

اسلام آباد (این این آئی) سانحہ پمز میں بچ جانے والی واحد بچی ایزل زندگی کی بازی ہار گئی۔ ایزل کے والد نے بتایا کہ ایزل ہسپتال میں زیر علاج تھی،

بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر

پنجاب نے کسی کا حق نہیں کھایا، اپنے حصے سے دوسروں کو دیا، مریم نواز

ان کو 9 ارب روپے کے جہاز سے تکلیف ہے، جہاز میرا نہیں وہ وزیراعلیٰ پنجاب کا ہے

لاہور (آن لائن) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ ہر کوئی اٹھ کر کہتا ہے پنجاب نے ہمارا حق کھا لیا، پنجاب نے کسی کا حق نہیں کھایا بلکہ اپنے

بقیہ نمبر 57 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ اندرون بلوچستان سمیت مختلف حادثات و واقعات میں 7 افراد جاں بحق، متعدد زخمی

مستونگ میں مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق، گوادر اور جیونی سے تشدد زدہ تین لاشیں برآمد تربت سے بھی لاش برآمد

اوستہ محمد میں بچوں اور بڑوں کے ماہر امراض ڈاکٹر سہیل یوسف ملک کی گھر سے گولی لگی لاش برآمد، مختلف اوقعات میں متعدد افراد زخمی

کوئٹہ + اندرون بلوچستان (نامہ نگاران + نیوز ایجنسیاں) کوئٹہ سمیت اندرون بلوچستان مختلف حادثات و واقعات میں 7 افراد جاں بحق ہوگئے، تفصیلات کے مطابق مستونگ کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے 2 افراد ہلاک اور ایک زخمی ہوگیا نعشوں اور زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز مستونگ کے علاوہ نوزہ کانک کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ

بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر

ویں کامن ویلتھ پارلیمانی کانفرنس میں مینا مجید کی شرکت

صوبائی مشیر کھیل و امور نوجوانان بلوچستان اور پاکستان کے نوجوانوں کی نمائندگی

کوئٹہ (خ ن + آن لائن) 69 ویں کامن ویلتھ پارلیمانی کانفرنس میں صوبائی مشیر کھیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے بلوچستان اور پاکستان کے نوجوانوں کی نمائندگی کی۔ نوجوانوں کے مسائل، مواقع اور مستقبل پر اظہار خیال، فیصلہ سازی اور پالیسی سازی میں موثر شمولیت پر زور بلوچستان اور پاکستان کے لیے یہ یقیناً فخر اور

بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر

جمائما نے اپنی دوسری شادی کی تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کردیں

ہم دونوں کے لئے اس دن کو اتنا خاص اور خوشیوں بھرا بنانے والے تمام لوگوں کا دل سے شکریہ

لندن (آئی این پی) جمائما گولڈ اسمتھ نے بزنس مین کیمرون اور ریلی سے دوسری شادی کی تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کردیں۔ گزشتہ دنوں برطانوی اخبار ڈیلی میل نے دعویٰ کیا تھا کہ ایوارڈ یافتہ فلم پروڈیوسر اور آنجہانی شہزادی ڈیانا کی قریبی دوست

بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر

وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی سے لیگی رہنما عبدالفتاح جمالی اور میر یونس بلوچ ملاقات کررہے ہیں

اورنگزیب خان کھچی سے عبدالفتاح جمالی اور یونس بلوچ کی ملاقات

بلوچستان کے تاریخی و ثقافتی ورثے کے تحفظ میوزیمز کے قیام اور ثقافتی سیاحت پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (پ ر) وفاقی وزیر قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی سے مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رابطہ سیکرٹری عبدالفتاح جمالی اور سابق ڈپٹی میئر یونس بلوچ کی ملاقات۔ ملاقات کے دوران بلوچستان کے قدیم آثار قدیمہ، تاریخی ورثے،

بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر

بھارت میں برکس اجلاس سے واپسی پر جنوبی افریقی صدر کی طبیعت ناساز

نائب صدر پال ماشیٹائل بھی طبی عمل کے بعد اپنے ڈاکٹروں کے مشورے پر آرام کر رہے ہیں، رپورٹ

پریٹوریا (این این آئی) جنوبی افریقہ کے 73 سالہ صدر رامافوسا، بھارت میں برکس رہنماں کے سربراہی اجلاس میں شرکت کے بعد وطن واپس آنے کے بعد بیمار ہوگئے، صدارتی ترجمان کے مطابق رامافوسا نے کابینہ کے وزرا سے کہا تھا کہ وہ

بقیہ نمبر 50 صفحہ 7 پر

خلاء میں ہتھیاروں کی دوڑ، امریکا نے ایک اور پے لوڈ خلا میں بھیج دیا

سپیس ایکس نے فالکن نائن راکٹ کے ذریعے امریکی سپیس فورس کا پے لوڈ کامیابی سے مدار میں پہنچایا

نیویارک (آن لائن) خلا میں ہتھیاروں کی دوڑ میں امریکا کی ایک اور پیشرفت، امریکی اسپیس فورس کا خفیہ پے لوڈ خلا میں پہنچا دیا گیا۔ سپیس ایکس نے فالکن نائن راکٹ کے ذریعے امریکی سپیس فورس کا پے لوڈ کامیابی سے مدار میں پہنچایا، فالکن نائن

بقیہ نمبر 48 صفحہ 7 پر

آبنائے ہرمز کے قریب امریکی عملے والے جہاز پر ایرانی حملہ، متعدد افراد زخمی

رپورٹس کے مطابق حملے میں چار ایرانی ڈرونز اور کم از کم ایک میزائل استعمال کیا گیا ایک میزائل یا دوسرے پروجیکٹائل نے جہاز کو نشانہ بنایا

بعض افراد کو دھویں کے باعث سانس لینے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑا، امریکی فوج کی جانب سے ابھی تک تفصیلی عوامی بیان سامنے نہیں آیا

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) آبنائے ہرمز کے قریب امریکا کے لیے خدمات انجام دینے والے ایک بحری جہاز کو ایرانی ڈرونز اور میزائل سے نشانہ بنایا گیا ہے، جس کے نتیجے میں جہاز پر موجود بعض امریکی اہلکار زخمی ہوگئے۔ رپورٹس کے مطابق حملے میں چار ایرانی ڈرونز اور کم از کم ایک میزائل استعمال کیا گیا۔ ایک

بقیہ نمبر 68 صفحہ 7 پر

ابی گیٹ خودکش حملے کے ملزم افغان شہری محمد شریف اللہ کو 20 سال قید کی سزا

واشنگٹن (آئی این پی) ابی گیٹ خودکش حملے کے ملزم افغان شہری محمد شریف اللہ کو امریکا میں 20 سال قید کی سزا سنا دی گئی۔ امریکی عدالت میں جیوری اس بات پر متفق نہ ہو سکی کہ شریف اللہ ابی گیٹ حملے میں ہلاک ہونے والے 13 امریکی فوجیوں کی ہلاکت کا براہ راست ذمہ دار تھا۔ عدالت

بقیہ نمبر 67 صفحہ 7 پر

قائم مقام اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ کی PPAF کے زیر اہتمام سیمینار میں شرکت

کوئٹہ (آن لائن) قائم مقام اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ نے PPAF کے زیر اہتمام منعقدہ سیمینار میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان کے پروگرام کے تحت خواتین کو بلا سود قرضوں کی فراہمی، کاروباری خواتین کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے اور مضبوط ادارہ جاتی معاونت فراہم کرنے سے خواتین میں معاشی

بقیہ نمبر 64 صفحہ 7 پر

امن دشمنوں کی ہر کوشش ناکام بنائیں گے، میر ظہور بلیدی

دہشتگردی کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، شہدا کی قربانیاں پائیدار امن کی بنیاد ہیں

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر ظہور بلیدی نے آواران میں سکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی کو غیر معمولی پیشہ ورانہ مہارت اور مؤثر حکمت عملی کا مظہر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کی سرزمین کو دہشتگردی کے لیے استعمال کرنے کی ہر کوشش ناکام بنائی جائے گی۔ اپنے بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ

بقیہ نمبر 70 صفحہ 7 پر

سیاحوں کیلئے سہولیات کی فراہمی کے منصوبے جاری ہیں، ڈائریکٹر محکمہ سیاحت

فطری خوبصورتی سے مالا مال بلوچستان میں سیاحت کے فروغ سے روزگار کے مواقع بڑھیں گے

کوئٹہ (خ ن + آئی این پی) بلوچستان حکومت بولان، خضدار، زیارت اور ہرنائی سمیت صوبے بھر میں سیاحت کے فروغ کیلئے اقدامات کر رہی ہے۔ حکومت کی جانب سے سیاحتی مقامات کی بہتری اور تفریحی سہولیات کی فراہمی کے منصوبوں پر کام جاری ہے۔ ڈائریکٹر محکمہ سیاحت بلوچستان گہرام بگٹی بلوچ نے کہا کہ شمالی بلوچستان کے سیاحتی مقامات پر

بقیہ نمبر 71 صفحہ 7 پر

حرمین پر حملہ امت پر حملہ ہے
حرمین پر حوثی حملے نا منظور
دفاعِ حرمین شریفین احتجاجی مظاہرہ

کراچی، سعودی عرب پر حوثیوں کے حملے کے خلاف مختلف جماعتوں کے زیر اہتمام احتجاج کیا جارہا ہے

محاذ آرائی سے سیاست، جمہوریت کا مستقبل بحران سے دوچار ہے، مولانا حیدری

غیر آئینی اقدامات نے ہمیشہ ملک کو بحرانوں اور مسائل سے دوچار کیا آئین پر من وعن عملدرآمد معاشرے میں امن واستحکام کو یقینی بناتا ہے، مرکزی سیکرٹری جنرل جمعیت

قوم ان جمہوری مداریوں کی ریشہ دوانیوں کو سمجھ چکے ہیں اپنے بیانیے اور ایجنڈے کیلئے عوام کو استعمال کیا گیا جمعیت علمائے اسلام واحد جماعت ہے جو اس بحرانوں کا خاتمہ کریں گے

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جنرل سیکرٹری رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ غیر آئینی اقدامات نے ہمیشہ ملک کو بحرانوں اور مسائل سے دوچار کیا آئین پر من وعن عملدرآمد معاشرے میں امن واستحکام کو یقینی بناتا

بقیہ نمبر 72 صفحہ 7 پر

وزیراعظم کی ہدایت پر پٹرول سبسڈی سکیم میں رجسٹریشن کے میسج کو بالکل مفت کردیا گیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت پر پٹرول سبسڈی سکیم میں رجسٹریشن کے میسج کو بالکل مفت کر دیا گیا۔ جمعرات کو وزیراعظم میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق سکیم کے تحت

بقیہ نمبر 61 صفحہ 7 پر

مولانا ہدایت الرحمٰن کی ڈی جی فشریز سے ملاقات

گوادر میں غیر قانونی ٹرالنگ کی روک تھام، ماہی گیروں کے روزگار کے تحفظ پر زور

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے ڈائریکٹر جنرل فشریز بلوچستان عتیق الرحمٰن سے ان کے دفتر گوادر میں ملاقات کی، جس میں گوادر کے ساحلی علاقوں میں غیر قانونی ٹرالنگ کی روک تھام، مقامی ماہی گیروں کے روزگار کا تحفظ،

بقیہ نمبر 73 صفحہ 7 پر

پاکستان اور چین نے مشترکہ سرحدی انتظام کیلئے کمیشن فعال کردیا

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان اور چین کے درمیان مشترکہ سرحدی کمیشن فعال کر دیا گیا۔ سرحدی کمیشن کا پہلا اجلاس اسلام آباد میں وزارت خارجہ میں منعقد ہوا، اجلاس کی مشترکہ صدارت چین کی وزارت خارجہ کے محکمہ سرحدی و

بقیہ نمبر 60 صفحہ 7 پر

سانحہ پمز، ہسپتال کے 6 افسران کیخلاف محکمانہ کارروائی کا آغاز

ایگزیکٹو ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر رانا عمران سکندر کے خلاف چارج شیٹ جاری

اسلام آباد (این این آئی) سانحہ پمز پر انتظامیہ کی جانب سے اسپتال کے 6 افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی کا آغاز کردیا گیا ہے، جواب جمع کروانے کیلئے 14 دن کی مہلت دے دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پمز ہسپتال کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پروفیسر

بقیہ نمبر 74 صفحہ 7 پر

مریم نواز نے سرکاری طیارے میں برطانیہ کے سفر کی رقم ادا کردی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے سرکاری طیارے میں برطانیہ سفر کی رقم ادا کر دی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعلیٰ مریم نواز کی جانب

بقیہ نمبر 58 صفحہ 7 پر

حوثی اگر باز نہ آئے تو ان کے ساتھ قرار واقعی اقدام کیا جائے، علامہ راغب نعیمی

عالم مغرب اور امریکہ مسلمانوں کے ساتھ دوہری تہری چال چلتے ہیں، چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر محمد راغب نعیمی نے حوثیوں کی جانب سے مکہ مکرمہ پر ڈرون حملہ کی شدید مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حوثی اگر باز نہ آئے تو ان کے ساتھ قرار واقعی اقدام کیا جائے۔ ان خیالات کا

بقیہ نمبر 75 صفحہ 7 پر

مولانا ہدایت الرحمان اور ڈی جی گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الدین ترقیاتی کاموں کا افتتاح کررہے ہیں

کوکونٹ فارم پسنی میں نئے واٹر چیمبرز کی تعمیر مکمل

جدید آبپاشی نظام سے پانی کے مؤثر استعمال اور زرعی پیداوار میں اضافے کی راہ ہموار

پسنی (خ ن + آئی این پی) صوبائی حکومت کے زرعی شعبے کی ترقی، جدید آبپاشی نظام کے فروغ، پانی کے مؤثر استعمال اور زرعی پیداوار میں اضافے کے وژن کے تحت کوکونٹ فارم پسنی میں نئے واٹر چیمبرز کی تعمیر مکمل کر لی گئی ہے۔ نئے واٹر چیمبرز کی تعمیر سے فارم

بقیہ نمبر 76 صفحہ 7 پر

حب وندر پولیس کا ڈاکوؤں کے خلاف آپریشن ایک ملزم ہلاک دو گرفتار

کوئٹہ (اے این این) حب وندر پولیس نے آر سی ڈی ہائی وے پر ڈکیتی کی وارداتوں میں مبینہ طور پر ملوث گروہ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 12 مقدمات میں صوبہ سندھ جامشورو حیدرآباد کو 12 سنگین وارداتوں میں مطلوب ملزم ہلاک جبکہ اس کے دو ساتھیوں کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق خفیہ

بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر

پاکستان، ڈنمارک کا تجارت، آئی ٹی، توانائی تعاون بڑھانے پر اتفاق

ڈنمارک کی سفیر ماجا ڈیروس مورٹینسن کی مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز عالم شاہ سے ملاقات

کوئٹہ (اے این این) پاکستان میں تعینات ڈنمارک کی سفیر ماجا ڈیروس مورٹینسن نے حکومت پاکستان کے مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز شاہ سے ملاقات کی۔ انتہائی خوشگوار ماحول میں ہونے والی ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، گرین انرجی،

بقیہ نمبر 77 صفحہ 7 پر

ملک میں سوشل میڈیا کو ریگولیٹ کرنے کیلئے قانون مزید سخت کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان میں سوشل میڈیا کو ریگولیٹ کرنے کیلئے قانون مزید سخت کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا، وزارت داخلہ نے تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سوشل میڈیا پر بچوں کے استحصال اور فحاشی کے بڑھتے واقعات کے پیش نظر قانون مزید سخت کرنے

بقیہ نمبر 52 صفحہ 7 پر

بین الاقوامی فورم پر پانی کے حقوق کے لیے جرات مندانہ آواز بلند کرنا قابلِ تحسین

دولت مشترکہ اجلاس، سردار ایاز صادق کا دوٹوک موقف، قوم کی ترجمانی، ایڈووکیٹ فرید افغان

کوئٹہ (آن لائن) سینئر رہنما و سابق صوبائی سیکریٹری اطلاعات مسلم لیگ (ن) بلوچستان ایڈووکیٹ فرید افغان نے کہا ہے کہ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی جانب سے بین الاقوامی فورم پر پاکستان کے پانی کے حقوق اور قومی مفاد کے حوالے

بقیہ نمبر 78 صفحہ 7 پر

اقوام متحدہ کے سربراہ کا جلد پاکستان کے دورے کا اعلان

امریکی، ایرانی تنازع کے حل کے لیے پاکستان کا ثالثی کردار قابل ستائش ہے، گفتگو

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش نے کہا ہے کہ وہ جلد پاکستان کا دورہ کریں گے اور امریکی، ایرانی تنازع کے حل کے لیے پاکستان کے اہم ثالثی کردار کو اجاگر کیا ہے۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس

بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر

بنیادی سہولیات کی فراہمی سے عوام کی زندگی میں بہتری لائی جاسکتی ہے، مصدق ملک

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ کاری ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی سے ان کی زندگی میں بہتری اور تبدیلی لائی جا سکتی ہے، نوجوان نسل کو مواقع کی فراہمی یقینی بنانا ہوگی، حکومت کی اندرونی گفتگو کا محور یہ ہے کہ ایک غریب آدمی کے لیے باوقار زندگی کا فریم ورک لایا جا سکے۔

بقیہ نمبر 81 صفحہ 7 پر

ہلمند میں کارروائی کے وران طالبان رجیم کے 2 اہلکار ہلاک

صوبہ ہلمند کے امام رباط چوکی کے علاقے میں طالبان اہلکاروں کو نشانہ بنایا گیا، افغان میڈیا

کابل (این این آئی) افغانستان میں طالبان کیخلاف مسلح مزاحمت میں شدت اختیار کرگئی ہے۔ افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ نے قندھار اور ہلمند میں

بقیہ نمبر 80 صفحہ 7 پر

پٹرول 400 روپے فی لیٹر تک پہنچنا تاریخ کا بدترین ظلم ہے، ٹرانسپورٹرز

حکومت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں فوری کمی اور ٹرانسپورٹرز کو ریلیف فراہم کرے، میر اکبر لہڑی

کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے صدر حاجی حبیب اللہ خان بادیزئی، جنرل سیکرٹری میر اکبر لہڑی اور دیگر رہنماں نے پٹرول کی فی لیٹر قیمت 400 روپے تک پہنچنے پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پٹرولیم

بقیہ نمبر 82 صفحہ 7 پر

فضائی راستے عارضی طور پر بند، نوٹم جاری

لاہور فلائٹ انفارمیشن ریجن میں پانچ فضائی راستے عارضی طور پر بند رہیں گے

لاہور (آئی این پی) پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی (پی اے اے) نے آپریشنل وجوہات کی بنا پر لاہور کی فضائی حدود میں بعض فضائی راستے عارضی طور پر بند کرنے کا اعلان کرتے ہوئے ایک نیا نوٹم جاری کر دیا۔ جاری کردہ نوٹم کے مطابق لاہور

بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر

چیف ایڈیٹر گلریز خان
ایگزیکٹو ایڈیٹر شاہ غاسی
پرنٹر پبلشر شاہ غاسی نے روزنامہ باخبر آریانہ پرنٹرز نب چیمبر شارع عدالت کوئٹہ سے چھپوا کر زنب چیمبر شارع عدالت سے شائع کیا
فون نمبر 2825169
فیکس نمبر 2840564
فیکس نمبر 2826720
موڈیم نمبر 2826705